downloaded from https://infohabhrmssissed.com/

H_2SO_4 کا دیا ہوا ماس $= 58$ g

H_2SO_4 کا مولر ماس $= 2 + 32 + 64 = 98$ g mol^{-1}

مولز کی تعداد = کسی شے کا دیا گیا ماس / اس شے کا مولر ماس

H_2SO_4 کے مولز کی تعداد $= \frac{58}{98} = 0.59$ moles

$$H_2SO_4 \longrightarrow 2H^{+1} + So_4^{-2}$$

H_2SO_4 کے ایک مالیکیول میں کل آئنز $= 2+1=3$

1 مول H_2SO_4 میں آئنز کی تعداد $= 3 \times 6.02 \times 10^{23}$

0.59 مول H_2SO_4 میں آئنز کی تعداد $= 0.59 \times 3 \times 6.02 \times 10^{23}$

$= 10.65 \times 10^{23}$

$= 10.65 \times 10^{23}$ ions

سوال 6: سلفیورک ایسڈ کے 2.05×10^{16} مالیکیولز کا ماس کیا ہوگا؟

H_2SO_4 کے مالیکیولز کی تعداد $= 2.05 \times 10^{16}$

H_2SO_4 کا مولر ماس $= 2 + 32 + 64 = 98$ g mol^{-1}

6.02×10^{23} مالیکیولز کا ماس $= 98$g

Scanned with CamScanner

1 مالیکیول کا ماس $= \frac{98}{6.02\times10^{23}}$

2.05×10^{16} مالیکیولز کا ماس $= \frac{98}{6.02\times10^{23}}\times2.05\times10^{16}$

$= 3.34\times10^{-6}\,g$

سوال 7: 60 گرام HNO_3 تیار کرنے کے لیے کل کتنے ایٹمز درکار ہوں گے؟

حل: HNO_3 میں مولز کی تعداد $= \frac{60}{63} = 0.9524$

HNO_3 کا ماس $= 60\,g$

HNO_3 کا مولر ماس $=$

$1+14+48 = 63\,g\,mol^{-1}$

HNO_3 مولز کی تعداد = مولز کی تعداد = کسی شے کا دیا گیا ماس / اس شے کا مولر ماس $= \frac{60}{63} = 0.9524$ مولز

HNO_3 کے ایک مالیکیول میں کل ایٹمز $= 1+1+3=5$ ایٹمز

1 مول HNO_3 تیار کرنے کے لیے درکار ایٹمز $= 5\times6.02\times10^{23}$

0.9624 مول HNO_3 تیار کرنے کے لیے درکار ایٹمز $= 0.9524\times5\times6.02\times10^{23}$

$= 28.7\times10^{23}$

$= 2.87\times10^{24}$ atoms

downloaded from https://infohubprimssissed.com/

سوال 8: 30 گرام NaCl میں Na^+ اور Cl^- کے کتنے آئینز درکار ہوں گے؟

NaCl کا ماس $= 30\,g$

NaCl کا مولر ماس $= 23+35.5 = 58.5\,g\,mol^{-1}$

مولز کی تعداد = کسی شے کا دیا گیا ماس / اس شے کا مولر ماس

NaCl کے مولز کی تعداد $= \frac{30}{58.5} = 0.513$ moles

1 فارمولا یونٹ NaCl میں کل آئنز $= 1+1=2$

1 مول NaCl میں Na^+ اور Cl^- آئنز کی تعداد $= 2\times6.02\times10^{23}$

0.513 مول NaCl میں Na^+ اور Cl^- آئنز کی تعداد $= 0.513\times2\times6.02\times10^{23}$

$= 6.17\times10^{23}$ ions

Scanned with CamScanner

سوال 9: 10 گرام HCl بنانے کے لیے HCl کے کتنے مالیکیولز درکار ہوں گے؟

HCl کا ماس = 10 g

HCl کا مولر ماس = $1+35.5=36.5\text{ g mol}^{-1}$

مولز کی تعداد = $\frac{\text{کسی شے کا دیا گیا ماس}}{\text{اس شے کا مولر ماس}}$

HCl کے مولز کی تعداد = $\frac{10}{36.5}=0.274\text{ moles}$

1 مول HCl تیار کرنے کے لیے درکار مالیکیولز = 6.02×10^{23}

0.274 مول HCl تیار کرنے کے لیے درکار مالیکیولز = $0.274\times6.02\times10^{23}$

=

سوال 10: 6 گرام کاربن C میں جتنے ایٹمز ہیں، اتنے ایٹمز اگر میگنیشیم Mg کے ہوں تو ان کا ماس کتنے گرام ہوگا؟

کاربن کا دیا ہوا ماس = 6 g

کاربن کا مولر ماس = 12 g mol^{-1}

میگنیشیم کا مولر ماس = 24 g mol^{-1}

12g کاربن میں ایٹمز کی تعداد = 6.02×10^{23}

1g کاربن میں ایٹمز کی تعداد = $\frac{6.02\times10^{23}}{12}$

6g کاربن میں ایٹمز کی تعداد = $\frac{6.02\times10^{23}}{12}\times6=3.01\times10^{23}\text{ atoms}$

6.02×10^{23} میگنیشیم ایٹمز کا ماس = 24 g

1 میگنیشیم ایٹم کا ماس = $\frac{24}{6.02\times10^{23}}\text{ g}$

3.01×10^{23} میگنیشیم ایٹمز کا ماس = $\frac{24}{6.02\times10^{23}}\times3.01\times10^{23}$

میگنیشیم کا ماس = 12 g

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

باب	2	ایٹم کی ساخت	معروضی مختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1- بلم پڈنگ تھیوری کس سائنسدان نے پیش کی؟ [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

(A) بوہر (B) تھامسن (C) چیڈوک (D) ردرفورڈ

2- الیکٹرون کا ماس ہے۔ [GUJ-II,RWP-II,DEK-I,BWP-II]

(A) 1.672×10^{-24} kg (B) 1.672×10^{-24} g (C) 9.106×10^{28} kg (D) 9.106×10^{-28} g

3- ڈسچارج ٹیوب میں کینال ریز کے پیدا ہونے کی وجہ ہے۔ [GUJ-I,DGK-II,ALP,MTN-I/II]

(A) اینوڈ کی موجودگی (B) گیس مالیکیولز کی آئیونائزیشن

(C) کیتھوڈ کی موجودگی (D) گیس کے زیادہ پریشر کی وجہ سے

4- پلانکس کونسٹنٹ کی ویلیو ہے؟ [GUJ-I,SGD-II,BWP-II,SWL-I]

(A) 6.63×10^{-36} Js (B) 6.63×10^{-3} Js

(C) 6.63×10^{-34} Js (D) 6.63×10^{-33} Js

5- کس سائنسدان کو نیوکلیئر سائنس کا باپ کہا جاتا ہے۔ [GUJ-II,RWP-II]

(A) ردرفورڈ (B) پلانک (C) بوہر (D) تھامسن

6- بوہر نے نوبل پرائز جیتا ____: [LHR-II,DGK-I,ALP,BWP-I/II,SWL-II]

(A) 1922 (B) 1923 (C) 1920 (D) 1921

7- ہائیڈروجن کی الیکٹرونک کنفگریشن ہے۔ [GUJ-II,FSD-I/II,SGD-I,BWP-II]

(A) $1s^2, 2s^2$ (B) $1s^2$ (C) $1s^2$,c,$1s^2, 2s^1$ (D) $1s^1$

8- K شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون ہوتے ہیں۔ [GUJ-II,FSD-I/II,SGD-I,BWP-II]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

9- M شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون ہو سکتے ہیں؟ [GUJ-I/II,FSD-II,SGD-II]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

10- ایک الیکٹرون حاصل کرنے کے بعد کلورین ایٹم کس نوبل گیس کی کنفگریشن حاصل کرتا ہے۔ [GUJ-II,MTN-I,BWP-II]

(A) ہیلیم (B) نی اون (C) آرگان (D) کرپٹان

11- نوبل گیسز کی الیکٹرانک کنفگریشن ہے: [GUJ,RWP,ALP,FSD-II]

(A) ns^2, np^3 (B) ns^2, np^4 (C) ns^2, np^6 (D) ns^2, np^5

12- کاربن کا کون سا آئسوٹوپ زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے: [FSD-I,DGK-II,BWP-I,MTN-I/II]

(A) 96.9% (B) 97.6% (C) 99.7% (D) 98.9%

13- $^{12}_{6}C$ میں نیوٹرونز کی تعداد ہوتی ہے: [FSD-II,MTN-II,ALP,BWP-I,SWL-I]

(A) 8 (B) 6 (C) 7 (D) 9

downloaded from https://infohubhmsissd.com/

Scanned with CamScanner

14- ہائیڈروجن کے کس آئسوٹوپ میں نیوٹرون کی تعداد زیادہ ہے۔ [GUJ-I/II,FSD-I/II,DGK-I]

(A) پروٹیم (B) ڈیوٹیریم (C) ٹرائیٹیم (D) ان میں سے کوئی نہیں

2014 - 2019 (Objective Type)

2.1 ایٹم کی ساخت سے متعلق تھیوریز

15- پروٹون کس نے دریافت کیا؟ [LHR-II,GUJ-II,ALP,FSD-II]

(A) گولڈسٹائن (B) تھامسن (C) نیل بوہر (D) رورفورڈ

16- نیوٹرون کس نے دریافت کیا؟ [MTN-II,FSD-I,SGD-I]

(A) گولڈسٹائن (B) تھامسن (C) چیڈوک (D) رورفورڈ

17- ذیل میں کس کے نتیجے میں الیکٹرون کی دریافت ہوئی؟ [SGD-I/II,MTN-II,BWP-I]

(A) کیتھوڈ ریز (B) کینال ریز (C) x ریز (D) الفا ریز

18- کیتھوڈ ریز کو دریافت کیا۔ [MTN-II,ALP,BWP-II]

(A) گولڈسٹائن (B) جان ڈالٹن (C) جے جے تھامسن (D) بوہر

19- نیوٹرون پر چارج ہے۔ [DGK-I,GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

(A) مثبت (B) منفی (C) نیوٹرل (D) پارشل پوزیٹو

رورفورڈ اٹامک ماڈل بوہر اٹامک تھیوری

20- ان میں سے ہیلیم نیوکلیائی (He^{2+}) ہے: [MTN-II,DGK-I,SWL-II,BWP-II]

(A) الفا ذرات (B) بیٹا ذرات (C) گیما ذرات (D) نیوٹرل ذرات

21- رورفورڈ کو نوبل پرائز سے نوازا گیا؟ [BWP-I/II,ALP,DGK-I,SWL-II]

(A) 1912ء (B) 1911ء (C) 1920ء (D) 1913ء

22- بوہر نے اپنا اٹامک ماڈل پیش کیا ہے؟ [LHR-II,DGK-I,BWP-I/II,SWL-I]

(A) 1911 (B) 1920 (C) 1921 (D) 1913

2.2 الیکٹرونک کنفگریشن

23- شیل چار سب شیلز پر مشتمل ہے۔ [GUJ-I,RWP-II,FSD-I,MTN-II]

(A) K (B) L (C) M (D) N

24- سیکنڈ انرجی لیول کونسا ہے؟ [LHR-II,ALP,DGK-II,MTN-I]

(A) K (B) L (C) M (D) N

25- نوبل گیس کے بیرونی شیل میں الیکٹرون کی تعداد ہے؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) 8 (B) 7 (C) 6 (D) 17

26- ____ شیل تین سب شیلز پر مشتمل ہے۔ [LHR-II,ALP,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

(A) O (B) N (C) L (D) M

downloaded from https://infohubpmssissed.com/

Scanned with CamScanner

27- P سب شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون کی تعداد ہے۔ [RWP-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

28- N شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون کی تعداد ہے۔ [RWP-II,ALP,DGK-I]

(A) 32 (B) 18 (C) 8 (D) 2

29- L شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون کی تعداد ہے۔ [DGK-I,BWP-I,SWL-I]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

30- ایٹم کے نیوکلیس میں ہوتا ہے: [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

(A) الیکٹرونز (B) پروٹانز (C) نیوٹرونز (D) B اور C دونوں

31- پوٹاشیم میں نیوٹران کی تعداد ہے: [MTN-I,ALP,SGD-II,BWP-I]

(A) 19 (B) 20 (C) 39 (D) 18

32- آرگن کا اٹامک نمبر ہے۔ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) 16 (B) 10 (C) 8 (D) 18

33- نائٹروجن کی الیکٹرونک کنفگریشن ہے۔ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

(A) $1s^2,2s^2,2p^2$ (B) $1s^2,2s^2,2p^3$ (C) $1s^2,2s^2,2p^4$ (D) $1s^2,2s^2,2p^5$

2.3 آئسوٹوپس

34- کاربن کے آئسوٹوپس ہیں۔ [LHR-I,ALP,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

35- کس ایلیمنٹ کے ایٹم میں نیوٹرون موجود نہیں ہوتے: [LHR-II,SGD-II,MTN-I/II,DGK-I]

(A) ہائیڈروجن (B) آکسیجن (C) کاربن (D) نائٹروجن

36- جب یورینیم U-235 ٹوٹتا ہے تو بنتا ہے۔ [LHR-II,ALP,BWP-II,SWL-II]

(A) الیکٹرون (B) پروٹون (C) نیوٹرون (D) کچھ نہیں

37- یورینیم کے آئسوٹوپس کی تعداد: [FSD-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-I,SWL-I]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

38- ہائیڈروجن کے آئسوٹوپس ہیں: [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

39- بجلی پیدا کرنے کے لیے نیوکلیئر ری ایکٹر میں کونسا آئسوٹوپ استعمال ہوتا ہے؟ [LHR-I,ALP,GUJ-I/II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) C-12 (B) U-235 (C) Co-60 (D) P-32

40- $^{14}_{6}C$ کتنے نیوٹران رکھتا ہے؟ [DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

(A) 6 (B) 7 (C) 8 (D) 9

41- یورینیم U-235 فشن ری ایکشن میں کتنے نیوٹرونز بنتے ہیں؟ [LHR-II,ALP,GUJ-II,FSD-I,RWP-II,DGK-II,SGD-II]

(A) 3 (B) 2 (C) 1 (D) 4

42- $^{13}_{6}C$ نیوٹران کی تعداد ہے: [GUJ,RWP,FSD-II]

(A) 7 (B) 8 (C) 9 (D) 6

downloaded from https://infohubhrmssissgd.com/

Scanned with CamScanner

جوابات:

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
B	A	B	C	A	A	B	A	C	C

11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
C	D	B	C	A	C	A	C	C	A

21	22	23	24	25	26	27	28	29	30
B	D	D	B	A	D	C	A	B	D

31	32	33	34	35	36	37	38	39	40
B	D	B	B	A	C	B	C	B	C

41	42
A	A

ALP Annual Papers 2021
Short Questions

1۔ **پلم پڈنگ تھیوری کیا ہے؟** [LHR-I,FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-II]

جواب: تھامسن نے "پلم پڈنگ تھیوری" پیش کی "اس کے مطابق ایٹم پوزیٹو چارج والی ایسی ٹھوس ساختیں ہیں جن کے اندر ننھے ننھے نیگیٹو پارٹیکلز چپکے ہوتے ہیں" ان کی شکل پلم پڈنگ سے مشابہ ہے۔

2۔ **الیکٹرون، پروٹون اور نیوٹرون کو کس نے اور کب دریافت کیا؟**

جواب: **الیکٹرون:** جے جے تھامسن نے 1897 میں الیکٹرون کو دریافت کیا۔

پروٹون: گولڈ سٹائن نے 1886 میں پروٹون کو دریافت کیا۔ **نیوٹرون:** چیڈوک نے 1932 میں نیوٹرون کو دریافت کیا۔

3۔ **نیوٹرون کی دریافت پر نوٹ لکھیں اور مساوات بھی لکھیں۔** [LHR-II,ALP,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: **نیوٹرون کی دریافت:** 1932 میں چیڈوک نے نیوٹرون کو دریافت کیا۔ اس نے عنصر بیریلیم پر الفا پارٹیکلز کی بوچھاڑ کی۔ اس نے مشاہدہ کیا کہ اس عمل سے بہت زیادہ سرائیت کرنے والی ریڈی ایشنز پیدا ہوئیں ان ریڈی ایشنز کو نیوٹرون کا نام دیا گیا۔

$${}^{9}_{4}Be + {}^{4}_{2}He \rightarrow {}^{12}_{6}C + {}_{0}n^{1}$$

4۔ **کوانٹم کا کیا مطلب ہے؟** [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: کوانٹم کا مطلب ہے مخصوص انرجی، انرجی کی سب سے کم مقدار ہے جو الیکٹرومیگنیٹ ریڈی ایشنز کی صورت میں خارج یا جذب ہو سکتی ہے۔ کوانٹم کی جمع کو کوانٹا کہتے ہیں۔

5۔ **بوہر اٹامک تھیوری کے دو نکات لکھیں۔** [GUJ-I,MTN-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: i۔ ہائیڈروجن ایٹم ایک چھوٹے سے نیوکلیس پر مشتمل ہے اس میں الیکٹرون نیوکلیس کے گرد ریڈیس کے کسی ایک گول آربٹ میں گردش کرتے ہیں۔ ii۔ ہر آربٹ کی ایک مخصوص انرجی ہے جو کہ کوانٹائزڈ ہے۔

6۔ **رورفورڈ اور بوہر اٹامک تھیوری میں فرق کریں۔** [FSD-I,ALP,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب:

رورفورڈ اٹامک ماڈل	بوہر اٹامک تھیوری
i۔ اس کی بنیاد کلاسیکل تھیوری پر تھی۔	i۔ اس کی بنیاد کوانٹم تھیوری پر تھی۔
ii۔ الیکٹرونز نیوکلیس کے گرد گردش کرتے ہیں۔	ii۔ الیکٹرونز نیوکلیس کے گرد مخصوص انرجی کے آربٹس میں گردش کرتے ہیں
iii۔ آربٹس کے متعلق کوئی تصور پیش نہ کیا گیا۔	iii۔ آربٹس اینگولر مومینٹم رکھتے ہیں۔
iv۔ ایٹمز کو مسلسل سپیکٹرم ظاہر کرنا چاہیے۔	iv۔ ایٹمز کو لائن سپیکٹرم ظاہر کرنا چاہیے۔
v۔ ایٹم کو فنا ہو جانا چاہیے۔	v۔ ایٹم کو اپنا وجود برقرار رکھنا چاہیے۔

Scanned with CamScanner

7۔ کاربن کے آئسوٹوپس کی وضاحت کریں۔ [DGK-I,BWP-II]

جواب: کاربن کے دو آئسوٹوپس C^{12} اور C^{13}، قیام پذیر میں جبکہ ایک ریڈیو ایکٹو آئسوٹوپ C^{14} ہے۔ قدرتی طور پر آئسوٹوپ C^{12} کی مقدار 98.9% ہے جبکہ C^{13} اور C^{14} دونوں کی مقدار صرف 1-1% ہے۔

carbon ($^{14}_{6}C$) carbon ($^{13}_{6}C$) carbon ($^{12}_{6}C$)

8۔ کینسر کے علاج میں کون سے ریڈیو آئسوٹوپس استعمال ہوتے ہیں؟ دو مثالیں دیں۔ [FSD-II,ALP,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: i۔ سکن کینسر کے علاج کے لیے P-32 اور Sr-90 استعمال کیے جاتے ہیں کیونکہ وہ کم سرایت کرنے والی بیٹا (B) ریڈی ایشنز خارج کرتے ہیں۔

ii۔ جسم کے اندر موجود کینسر اثر انداز ہونے کے لیے Co-60 آئسوٹوپ استعمال کرتے ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ سرائیت کرنے والی گیما (r) ریڈی ایشنز خارج کرتا ہے۔

9۔ ٹیکنیٹیم کس مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: ہڈی کی نشوونما کا معائنہ کرنے کے لیے ٹیکنیٹیم استعمال کیا جاتا ہے۔

2014 - 2019 (Short Questions)

2.1 "ایٹم کی ساخت سے متعلق تھیوریز اور تجربات"

downloaded from https://infohubhrmsissed.com/

10۔ جان ڈالٹن کی اٹامک تھیوری کیا ہے؟ [GUJ-II,ALP,MTN-II,DGK-I]

جواب: ڈالٹن کے مطابق: i۔ ایٹم ناقابل تقسیم سخت اور کثیف پارٹیکل ہے۔

ii۔ یہ کمپاؤنڈ بنانے کے لیے مختلف طریقوں سے ملاپ کرتے ہیں۔

iii۔ کسی ایک ایٹم کے ایلیمنٹ کے تمام ایٹمز ایک جیسے ہوتے ہیں۔

11۔ الیکٹرون کس طرح نیوٹرون سے مختلف ہیں؟ [GUJ-II,ALP,MTN-II,DGK-I]

جواب:

الیکٹرون	نیوٹرون
i۔ الیکٹرون پر منفی چارج ہوتا ہے۔	i۔ نیوٹرون پر کوئی چارج نہیں ہوتا۔
ii۔ الیکٹرون نیوکلیس کے باہر گردش کرتا ہے۔	ii۔ نیوٹرون نیوکلیس میں موجود ہوتا ہے۔

12۔ مثبت شعاعیں کینال ریز کیوں کہلاتی ہیں؟ [GUJ-II,ALP,MTN-II,DGK-I]

جواب: 1886ء میں گولڈ سٹائن نے مشاہدہ کیا کہ مثبت شعاعیں کیتھوڈ کے سوراخوں میں سے گزر گئیں اور انہوں نے ٹیوب کی دیواروں پر چمک پیدا کی۔ اس نے ان ریز کو کینال ریز کا نام دیا۔

13۔ نیوٹرون کی خصوصیات لکھیں۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: i۔ نیوٹرون پر کوئی چارج نہیں ہوتا۔ اسی لیے یہ نیوٹرل ہوتے ہیں۔

ii۔ یہ پارٹیکلز مادے میں بہت اندر تک سرائیت یا نفوذ پذیر ہوتے ہیں۔

iii۔ ان پارٹیکلز کا ماس پروٹون کے ماس کے تقریباً برابر ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

14۔ ایٹم کا ماس ظاہر کرنے والے پارٹیکلز کے نام لکھیے۔ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: پروٹون اور نیوٹرون ایسے پارٹیکلز ہیں جو ایٹم کا ماس ظاہر کرتے ہیں۔ اور یہ ایٹم کے نیوکلیس کے اندر ہوتے ہیں۔

رودر فورڈ اٹامک ماڈل اور بوہر اٹامک تھیوری

15۔ رودر فورڈ کے تجربات کے مشاہدات لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

جواب: تقریباً تمام الفا پارٹیکلز سونے کے ورق میں سے بغیر راستہ تبدیل کیے سیدھے گزر گئے۔

چند کا جھکاؤ بہت بڑے زاویے پر ہوا اور بہت کم پارٹیکلز سونے کے ورق سے ٹکرا کر واپس آئے۔

16۔ ایٹم کا زیادہ تر ماس کہاں پایا جاتا ہے؟ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: ایٹم کا زیادہ تر ماس نیوکلیس میں پایا جاتا ہے۔

17۔ نیوکلی اونز کیا ہیں؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: الیکٹرونز کے علاوہ باقی تمام بنیادی پارٹیکلز نیوکلیس کے اندر پائے جاتے ہیں اور نیوکلی اونز کہلاتے ہیں۔

18۔ میکس پلانک نے کب اور کیوں نوبل پرائز حاصل کیا؟ [LHR-II,FSD-I,ALP,GUJ-I/II,DGK-II,MTN-I/II,SWL-II]

جواب: میکس پلانک کو کوانٹم تھیوری پر کام کی وجہ سے 1918 میں فزکس میں نوبل پرائز سے نوازا گیا۔

2.2 الیکٹرونک کنفگریشن

19۔ الیکٹرونک کنفگریشن کی تعریف کریں۔ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

جواب: نیوکلیس کے گرد مختلف شیلز اور سب شیلز میں ان کی بڑھتی ہوئی انرجی کے مطابق الیکٹرونز کی تقسیم کو الیکٹرونک کنفگریشن کہتے ہیں۔

20۔ Na اور N کی الیکٹرو کنفگریشن لکھیں۔ [RWP-II,MTN-II,ALP,RWP-I]

جواب: $Na = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^1$ $N = 1s^2, 2s^2, 2p^3$

downloaded from https://infohubforms.blogspot.com/

2.3 "آئسوٹوپس"

21۔ ایک ایلیمنٹ کے آئسوٹوپس کا ماس نمبر مختلف کیوں ہوتا ہے؟ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

جواب: ایک ہی ایلیمنٹ کے آئسوٹوپس کا ماس نمبر اس لیے مختلف ہوتا ہے کیونکہ ان میں نیوٹرونز کی تعداد مختلف ہوتی ہے۔

22۔ آئسوٹوپس کے کیمیائی خواص یکساں ہوتے ہیں لیکن طبعی خواص مختلف ہوتے ہیں کیوں؟ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: آئسوٹوپس کے کیمیائی خواص یکساں اس لیے ہوتے ہیں کیونکہ ان کے اٹامک نمبر اور الیکٹرونک کنفگریشن ایک جیسی ہوتی ہے۔ لیکن ان کے طبعی خواص اس لیے مختلف ہوتے ہیں کیونکہ ان کے ماس نمبرز مختلف ہوتے ہیں۔

23۔ کلورین کے آئسوٹوپس لکھیں۔ [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

جواب: کلورین کے دو آئسوٹوپس $^{35}_{17}Cl$ اور $^{37}_{17}Cl$ ہیں۔

24۔ یورینیم کے آئسوٹوپس کی وضاحت کریں یا یورینیم کے کتنے آئسوٹوپس ہیں؟ اور اس کا سمبل لکھیں۔ [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

جواب: یورینیم کا سمبل = U

$^{234}_{92}U$ $^{235}_{92}U$ $^{238}_{92}U$

یورینیم $^{238}_{92}U$ کی قدرتی طور پر مقدار 99% ہے۔

25۔ آئسوٹوپس کے چار استعمالات لکھیں۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

Scanned with CamScanner

جواب: آئسوٹوپس کے استعمالات: i۔ ریڈیو تھراپی (کینسر کا علاج) ii۔ تشخیص اور دوا کے لیے ٹریسر
iii۔ آثار یاتی اور ارضیاتی استعمال iv۔ پاور جنریشن میں استعمال

26۔ یو۔235-U کے ٹوٹنے سے کون سے ایلیمنٹ بنتے ہیں؟

جواب: بیریم Ba، کرپٹان K۔

مشقی سوالات کا حل

1. ان میں سے کس کے نتیجے میں پروٹون کی دریافت ہوئی:
(A) کیتھوڈ ریز (B) کینال ریز (C) ایکس ریز (D) الفا ریز

2. ان میں سے کون سے پارٹیکلز مادے میں سب سے زیادہ سرایت کرنے والے ہیں:
(A) پروٹونز (B) الیکٹرونز (C) نیوٹرونز (D) الفا پارٹیکلز

3. ایٹم کے آربٹ کا تصور کس نے پیش کیا:
(A) جے۔ جے تھامسن (B) ردرفورڈ (C) بوہر (D) پلانکس

4. ان میں سے کون سا شیل تین سب شیلز پر مشتمل ہے:
(A) O شیل (B) N شیل (C) L شیل (D) M شیل

5. کون سا ریڈیو آئسوٹوپ جسم میں ٹیومر کی تشخیص کے لیے استعمال کیا جاتا ہے:
(A) کوبالٹ-60 (B) آیوڈین-131 (C) سٹرونشیم-90 (D) فاسفورس-30

6. جب یورینیم-235 ٹوٹتا ہے تو اس سے پیدا ہوتے ہیں:
(A) الیکٹرونز (B) نیوٹرونز (C) پروٹونز (D) کچھ بھی نہیں

7. p سب شیل مشتمل ہے:
(A) ایک آربٹل پر (B) دو آربٹلز پر (C) تین آربٹلز پر (D) چار آربٹلز پر

8. ڈیوٹریم ان میں سے کیا بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے؟
(A) لائٹ واٹر (B) ہیوی واٹر (C) سوفٹ واٹر (D) ہارڈ واٹر

9. آئسوٹوپس C-12 کتنی مقدار میں پایا جاتا ہے؟
(A) 96.9% (B) 97.6% (C) 98.9% (D) 99.7%

10. درج ذیل سائنسدانوں میں سے کس نے پروٹون دریافت کیا؟
(A) گولڈسٹائن (B) جے۔ جے تھامسن (C) نیل بوہر (D) ردرفورڈ

جوابات

C	5	D	4	C	3	C	2	B	1
A	10	C	9	B	8	C	7	B	6

مختصر سوالات

1. کیتھوڈ ریز پر چارج کی نوعیت کیا ہے؟

جواب: کیتھوڈ ریز پر نیگیٹو چارج ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ الیکٹرک فیلڈ میں ان کا جھکاؤ پوزیٹو پلیٹ کی طرف ہوتا ہے۔

2. کیتھوڈ ریز کے پانچ خواص بیان کریں۔

جواب: کیتھوڈ ریز کی خصوصیات: (i) کیتھوڈ ریز کیتھوڈ کی سطح سے عموداً خط مستقیم میں سفر کرتی ہیں۔

downloaded from https://infohubmssissod.com/

Scanned with CamScanner

(ii) جب کیتھوڈ ریز کے راستے میں کوئی غیر شفاف ٹھوس جسم رکھ دیا جائے تو اس کا سایہ بنتا ہے۔

(iii) کیتھوڈ ریز پر نیگیٹو چارج ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ الیکٹرک فیلڈ میں ان کا جھکاؤ پوزیٹو پلیٹ کی طرف ہوتا ہے۔

(iv) کیتھوڈ ریز جس جسم پر پڑتی ہیں تو اس کا درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے۔

(v) کیتھوڈ ریز ڈسچارج ٹیوب کی دیواروں سے ٹکرا کر روشنی پیدا کرتی ہیں۔

3. فاسفورس آئن کا اٹامک سمبل $^{31}_{15}P^{-3}$ ہے اس کے:

(a) آئن میں کتنے پروٹونز، الیکٹرونز اور نیوٹرونز ہیں؟

(b) آئن کا نام کیا ہے؟ (c) آئن کی الیکٹرونک کنفگریشن کی ڈایاگرام بنائیے۔

(d) اُس نوبل گیس کا نام بتائیے جس کی الیکٹرونک کنفگریشن فاسفورس جیسی ہو۔

جواب:

(a) $^{31}_{15}P^{-3}$ آئن میں 15 پروٹونز، 18 الیکٹرونز اور 16 نیوٹرونز ہوتے ہیں۔

(b) $^{31}_{15}P^{-3}$ آئن کا نام فاسفائڈ آئن یا فاسفورس آئن ہے۔

(c) $^{31}_{15}P^{-3}$ آئن کی الیکٹرونک کنفگریشن یہ ہے۔ $1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^6$

(d) آرگون وہ نوبل گیس ہے جس کی الیکٹرونک کنفگریشن فاسفورس جیسی ہے۔

4. شیل اور سب شیل میں فرق بیان کریں۔ ہر ایک کی مثال دیں۔

جواب: (i) **شیل:** نیوکلیئس کے گرد وہ گول راستے جن میں الیکٹرونز گردش کرتے رہتے ہیں انہیں شیلز کہتے ہیں۔ انہیں آربٹس یا انرجی لیولز بھی کہا جاتا ہے۔

(ii) شیلز کو انگریزی حروف K، L، M........ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ انہیں پرنسپل کوانٹم نمبر n سے بھی ظاہر کرتے ہیں۔ n کی قیمت 1، 2، 3...... ہوتی ہے۔

سب شیلز (Sub Shells): (i) ہر شیل چھوٹے سب شیلز پر مشتمل ہوتا ہے نیوکلیئس کے گرد وہ علاقہ جس میں الیکٹرونز کے پائے جانے کے امکانات زیادہ ہوں اسے سب شیل یا آربیٹل کہتے ہیں۔

(ii) انہیں انگریزی کے چھوٹے حروف s، p، d اور f سے ظاہر کرتے ہیں۔ پہلے شیل میں صرف ایک سب شیل ہے اسے s شیل کہتے ہیں دوسرے شیل میں دو سب شیلز s اور p ہوتے ہیں۔ تیسرے شیل میں تین سب شیلز s، p اور d ہوتے ہیں۔ چوتھے شیل میں چار سب شیلز s، p، d اور f ہوتے ہیں۔

downloaded from https://infohubhrmssissd.com/

5. ایک ایلیمنٹ کا اٹامک نمبر 15 ہے۔ ایٹم کے K، L اور M شیل میں کتنے کتنے الیکٹرونز موجود ہیں؟

جواب: ایلیمنٹ کا اٹامک نمبر 15 ہے یعنی ایٹم میں 15 الیکٹرونز ہیں۔ اس کی الیکٹرونک کنفگریشن یہ ہے۔

$$1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^3$$

یعنی کہ K، L اور M میں درج ذیل الیکٹرونز ہیں۔

K	L	M
2	8	5

6. Al^{3+} کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیں۔ سب سے بیرونی شیل میں کتنے الیکٹرونز ہیں؟

جواب: Al ایٹم کا اٹامک نمبر 13 ہے اس میں 13 الیکٹرونز ہوتے ہیں۔ Al^{3+} میں 10 الیکٹرونز ہوتے ہیں اس کی الیکٹرونک کنفگریشن یہ ہے۔

$$Al^{3+} = 1s^2, 2s^2, 2p^6 \quad \text{or} \quad K = 2, L = 8$$

سب سے بیرونی شیل میں 8 الیکٹرونز ہیں۔

7. میگنیشیم کی الیکٹرونک کنفگریشن 2، 8، 2 ہے۔

(a) اس کے سب سے بیرونی شیل میں کتنے الیکٹرونز ہیں؟

(b) اس کے سب سے بیرونی شیل کے کس سب شیل میں کتنے الیکٹرونز موجود ہیں؟

(c) میگنیشیم کیوں الیکٹرون دینے کی صلاحیت رکھتا ہے؟

جواب: میگنیشیم کی الیکٹرونک کنفگریشن 2، 8، 2 ہے۔ اسے یوں بھی لکھا جا سکتا ہے۔ $Mg = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2$

(a) میگنیشیم کے سب سے بیرونی شیل M میں 2 الیکٹرونز ہیں۔

Scanned with CamScanner

(b) میگنیشیم کے سب سے بیرونی شیل M کے سب شیل "3s" میں 2 الیکٹرونز ہیں۔

(c) میگنیشیم کے سب سے بیرونی شیل میں 2 الیکٹرونز ہیں۔ وہ یہ 2 الیکٹرونز خارج کر کے Mg^{+2} آئن بناتا ہے۔ اس طرح Mg^{+2} آئن نوبل گیس (نی اون) جیسی الیکٹرونک کنفگریشن حاصل کر کے استحکام پذیر ہو جاتا ہے۔

.8 جب کوئی الیکٹران خارج کرتا ہے یا حاصل کرتا ہے تو اس ایٹم پر چارج کی نوعیت کیا ہوتی ہے؟

جواب: جب کوئی ایٹم الیکٹرونز خارج کرتا ہے تو اس پر پوزیٹو چارج آ جاتا ہے۔ مثلاً جب (Na) ایک الیکٹرون دیتا ہے تو یہ (Na^+) بن جاتا ہے اسی طرح جب کوئی ایٹم الیکٹرون حاصل کرتا ہے تو اس پر نیگیٹو چارج آ جاتا ہے۔ مثلاً جب (Cl) ایک الیکٹرون لیتا ہے تو یہ (Cl^-) بن جاتا ہے۔

.9 235۔ یورینیم کس مقصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: U-235 بجلی پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جب U-235 پر سست رفتار نیوٹرونز کی بوچھاڑ کی جاتی ہے تو وہ ٹوٹ کر Sr-90، Ba-139 اور تین نیوٹرونز میں تقسیم ہو جاتا ہے اسے نیوکلیئر فشن کہتے ہیں۔ اس عمل میں توانائی کی بہت بڑی مقدار خارج ہوتی ہے۔ اس توانائی سے بجلی پیدا کی جاتی ہے۔

.10 ایک مریض کو گوئٹر ہے۔ اس کی تشخیص کیسے کریں گے؟

جواب: گوئٹر (Goiter) کی تشخیص آئیوڈین-131 کے ذریعے کی جاتی ہے۔

.11 پوزیٹو ریز کی خصوصیات بیان کریں۔

جواب: (a) پوزیٹو ریز پر پوزیٹو چارج ہوتا ہے۔ (b) یہ کیتھوڈ ریز کے مخالف سمت خط مستقیم میں سفر کرتی ہیں۔

(c) پوزیٹو ریز کا ماس پروٹون یا اس کے سادہ حاصل ضرب کے برابر ہوتا ہے۔

(d) ان کی ماہیت ڈسچارج ٹیوب میں موجود گیس پر منحصر ہوتی ہے۔

(e) الیکٹرک اور میگنیٹک فیلڈ میں ان کا جھکاؤ ظاہر کرتا ہے کہ ان پر پوزیٹو چارج ہے۔

.12 رودرفورڈ کے اٹامک ماڈل کے نقائص کیا ہیں؟

جواب: **رودرفورڈ ماڈل کے نقائص:** (i) الیکٹرونز پر نیگیٹو چارج ہوتا ہے۔ اس لیے کلاسیکل تھیوری کے مطابق انہیں مسلسل انرجی خارج کرنی چاہیے اور آخر کار ان کو نیوکلیس میں گر جانا چاہیے۔ پس ایٹم کو فنا ہو جانا چاہیے۔

(ii) اگر الیکٹرونز مسلسل انرجی خارج کرتے ہیں تو انہیں روشنی کا مسلسل سپیکٹرم (Spectrum) بنانا چاہیے لیکن اصل میں ایٹم صرف لائن سپیکٹرم ہی بناتا ہے۔

.13 جب تک الیکٹرون ایک آربٹ میں رہتا ہے وہ کوئی توانائی خارج یا جذب نہیں کرتا۔ وہ کب توانائی خارج یا جذب کرتا ہے؟

جواب: جب الیکٹرون ایک آربٹ سے دوسرے آربٹ میں جاتا ہے تو انرجی جذب یا خارج کرتا ہے۔ جب الیکٹرون کم انرجی والے آربٹ سے زیادہ انرجی والے آربٹ میں جاتا ہے تو انرجی جذب کرتا ہے اور جب الیکٹرون زیادہ انرجی والے آربٹ سے کم انرجی والے آربٹ میں جاتا ہے تو انرجی خارج کرتا ہے۔

downloaded from https://mrfahadhamssi...sed.com/

انشائیہ سوالات

☆ بوہر کے اٹامک ماڈل کا ایک مفروضہ یہ ہے کہ متحرک الیکٹرون کا اینگولر مومینٹم کوانٹائزڈ ہوتا ہے۔ اس کا مفہوم واضح کریں اور تیسرے آربٹ کا اینگولر مومینٹم معلوم کریں۔

جواب: بوہر کے مطابق الیکٹرون صرف ان آربٹس میں حرکت کرتا ہے جن کا اینگولر مومینٹم کوانٹائزڈ ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر آربٹ کے اینگولر مومینٹم کی مخصوص ویلیو ہوتی ہے۔ اینگولر مومینٹم کا فارمولا درج ذیل ہے۔

$$mvr = n\frac{h}{2\pi}$$

جب اس مساوات میں n اور h کی ویلیو درج کرتے ہیں تو ہر آربٹ کے لیے اینگولر مومینٹم کی مخصوص ویلیو حاصل ہوتی ہے۔ پس ہر آربٹ کا اینگولر مومینٹم کوانٹائزڈ ہوتا ہے۔ تیسرے آربٹ کے لیے n=3

$$mvr = n\frac{h}{2\pi}$$

$$mvr = \frac{3\times6.63\times10^{-34}}{2\times3.14}$$

Scanned with CamScanner

$= 3.16\times10^{-34} kg m^2 s^{-1}$

☆ Na^+، Mg^{2+} اور Al^{3+} آئن کی الیکٹرونک کنفگریشن بیان کریں۔ کیا ان کے سب سے بیرونی شیل میں الیکٹرونز کی تعداد یکساں ہے؟

جواب:
Na^{+1} کی الیکٹرونک کنفگریشن $= 1s^2, 2s^2, 2p^6$
Mg^{+2} کی الیکٹرونک کنفگریشن $= 1s^2, 2s^2, 2p^6$
Al^{+3} کی الیکٹرونک کنفگریشن $= 1s^2, 2s^2, 2p^6$

ان سب آئنز کے بیرونی شیل میں 8,8 الیکٹرونز ہوتے ہیں۔

☆ **ریڈیو تھراپی اور میڈیسن کے شعبوں میں آئسوٹوپس کے استعمال بیان کریں۔**

جواب: (i) **ریڈیو تھراپی (Radio-therapy) یا کینسر کا علاج:** کینسر کے علاج کے لیے P-32 اور Sr-90 استعمال ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان سے نفوذ کرنے والی (β) ریڈی ایشنز خارج ہوتی ہیں۔ جسم کے اندر کینسر کے علاج کے لیے Co-60 استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ اس سے بہت زیادہ نفوذ کرنے والی گیما (γ) ریڈی ایشنز خارج ہوتی ہیں۔

(ii) **تشخیص اور میڈیسن کے لیے ٹریسر (Tracer):** انسانی جسم میں ٹیومر (رسولی) کی تشخیص کے لیے ریڈیو آئسوٹوپ (131- آئیوڈین) استعمال کیا جاتا ہے۔ ہڈیوں کی نشوونما کا معائنہ کرنے کے لیے ٹیکنیشیم استعمال کیا جاتا ہے۔

مثالیں

مثال 2.1: ایسے ایلیمنٹ کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے جس میں گیارہ الیکٹرونز ہوں۔

حل: سب سے پہلے K شیل میں 2 الیکٹرونز، پھر L شیل میں 8 الیکٹرونز اور پھر M شیل میں 1 الیکٹرون جائے گا۔

شیلز کے لحاظ سے الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔



K	L	M
2	8	1

سب شیلز کے لحاظ سے الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔

$_{11}Na = 1s^1, 2s^2, 2p^6, 3s^1$

مثال 2.2: (Cl^-) آئن کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔

حل: کلورین ایٹم میں 17 الیکٹرونز ہوتے ہیں اور کلورائڈ آئن (Cl^-) میں 18 الیکٹرونز ہوتے ہیں۔



K	L	M
2	8	8

سب شیلز کے لحاظ سے الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔

$(Cl^-) = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^6$

مثال 2.3: ایک ایلیمنٹ کے M شیل میں 5 الیکٹرونز موجود ہیں۔ اس کا اٹامک نمبر معلوم کریں۔

حل: M شیل میں 5 الیکٹرونز کا مطلب یہ ہے کہ K اور L شیل مکمل ہیں۔ پس ایلیمنٹ کی الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہوگی۔

K	L	M
2	8	5

سب شیلز کے لحاظ سے الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔

downloaded from https://infohubforumessays.com/

Scanned with CamScanner

باب	3	پیریاڈک ٹیبل اور خصوصیات کی پیریاڈیسٹی	معروضی مختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1۔ پیریاڈک ٹیبل میں افقی قطاریں کہلاتی ہیں۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II, MTN-II]

(A) گروپ (B) پیریڈ (C) بلاک (D) شیل

2۔ پیریاڈک ٹیبل میں عمودی کو کالم کہلاتے ہیں۔ [LHR-II,MTN-I,DGK-I,FSD-II]

(A) گروپ (B) پیریڈ (C) بلاک (D) قطاریں

3۔ لونگ فارم پیریاڈک ٹیبل میں چوتھا اور پانچواں پیریڈز کہلاتے ہیں۔ [MTN-I,SGD-I,SWL-II,ALP,BWP-I/II]

(A) شارٹ پیریڈز (B) نارمل پیریڈز (C) لانگ پیریڈز (D) ویری لانگ پیریڈز

4۔ لانگ فارم پیریڈک ٹیبل میں دوسرا اور تیسرا پیریڈز کہلاتے ہیں۔ [DGK-I/II,SGD-I,BWP-II,MTN-II,FSD-I]

(A) شارٹ پیریڈز (B) نارمل پیریڈز (C) لانگ پیریڈز (D) ویری لانگ پیریڈز

5۔ لانگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل میں چھٹا اور ساتواں پیریڈز کہلاتے ہیں؟ [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

(A) شارٹ پیریڈز (B) نارمل پیریڈز (C) لانگ پیریڈز (D) ویری لانگ پیریڈز

6۔ الکلائن میٹلز کا تعلق ہے ______ گروپ سے [DGK-II,ALP,MTN-I]

(A) فرسٹ (B) سیکنڈ (C) تھرڈ (D) فورتھ

7۔ دو کاربن ایٹمز کے نیوکلیائی کا درمیانی فاصلہ ہے؟ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) 155pm (B) 154pm (C) 153pm (D) 152pm

8۔ جب ایٹم میں ایک الیکٹرون جمع کیا جاتا ہے تو انرجی کی جو مقدار خارج ہوتی ہے کہلاتی ہے؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

(A) لیٹس انرجی (B) آئیونائزیشن انرجی (C) الیکٹرونیگیٹیویٹی (D) الیکٹرون افینٹی

9۔ سب سے زیادہ الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [LHR-II,RWP-II,SGD-I,MTN-I,FSD-II,SWL-II]

(A) فلورین (B) کلورین (C) نائٹروجن (D) آکسیجن

10۔ فلورین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [GUJ-II,FSD-II,DGK-I,MTN-II,BWP-II]

(A) 4.0 (B) 2.1 (C) 2.6 (D) 3.0

11۔ آکسیجن کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [MTN-II,DGK-I/II,ALP,FSD-II]

(A) 3.1 (B) 3.3 (C) 3.2 (D) 3.4

2014 - 2019 (Objective Type)

3.1 پیریاڈک ٹیبل

12۔ ٹرائی ایڈز کا تصور پیش کیا۔ [GUJ-I,SGD-II]

(A) ڈوبرائنر (B) نیولینڈ (C) مینڈلیف (D) موزلے

downloaded from https://infohubpermissioned.com/

Scanned with CamScanner

13۔ اٹامک نمبر کس نے دریافت کیا؟ [GUJ-I,SGD-II,MTN-II,ALP,RWP-I/II,DGK-II]

(A) ڈالٹن (B) ردرفورڈ (C) بوائل (D) موزلے

14۔ پیریاڈک ٹیبل میں پیریڈز کی تعداد ہے؟ [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) 2 (B) 4 (C) 7 (D) 8

15۔ پیریاڈک ٹیبل میں گروپس کی تعداد ہے؟ [SGD-I/II,GUJ-II,MTN-I,ALP,DGK-I,SWL-II]

(A) 12 (B) 18 (C) 16 (D) 20

16۔ ایچ، موزلے نے اٹامک نمبر دریافت کیا؟ [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

(A) 1890 (B) 1900 (C) 1913 (D) 1920

17۔ پانچویں پیریڈز میں کتنے ایلیمنٹس ہیں؟ [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

(A) 8 (B) 18 (C) 26 (D) 32

18۔ لاء آف آکٹیوز کس نے پیش کیا؟ [LHR-II,GUJ-I,FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-I/II]

(A) ڈوبرائنر (B) موزلے (C) نیولینڈ (D) مینڈلیف

19۔ تیسرے پیریڈز میں ایلیمنٹس کی تعداد ہے؟ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

20۔ پیریاڈک ٹیبل میں ویری لانگ پیریڈ ہے؟ [DGK-II,MTN-I,SGD-I/II,BWP-I]

(A) 5th پیریڈ (B) 6th پیریڈ (C) 3rd پیریڈ (D) 4th پیریڈ

21۔ ____ پیریاڈک ٹیبل سب سے شارٹ پیریڈ ہے: [BWP-II,MTN-I,SWL-II,ALP,DGK-I]

(A) چوتھا پیریڈ (B) تیسرا پیریڈ (C) دوسرا پیریڈ (D) پہلا پیریڈ

22۔ کونسا ایلیمنٹ نارمل پیریڈ میں شامل نہیں ہے؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

(A) بورون (B) ہیلیم (C) کاربن (D) نائٹروجن

23۔ پیریاڈک ٹیبل کا نامکمل پیریڈ ہے؟ [LHR-II,FSD-II,RWP-II,ALP,RUJ-II,SWL-I]

(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) ساتواں

24۔ چوتھے پیریڈ میں ایلیمنٹس کی تعداد ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,MTN-II,SWL-I]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

25۔ چھٹے پیریڈ میں ایلیمنٹس کی تعداد ہے؟ [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,ALP,SWL-I/II]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

26۔ ان میں سے نوبل گیس نہیں ہے؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

(A) ہیلیم (B) ہائیڈروجن (C) نی اون (D) ارگان

27۔ الکلی میٹلز ____ گروپ سے تعلق رکھتی ہیں۔ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

(A) فرسٹ (B) سیکنڈ (C) تھرڈ (D) فورتھ

28۔ پیریاڈک ٹیبل کے کس گروپ کو نوبل گیس گروپ بھی کہتے ہیں۔ [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

(A) گروپ 15 (B) گروپ 16 (C) گروپ 17 (D) گروپ 18

29۔ جدید پیریاڈک ٹیبل میں بلاکس کی تعداد ہے۔ [GUJ-I,FSD-II,DGK-II,RWP-I]

(A) 2 (B) 3 (C) 5 (D) 4

downloaded from https://infohubrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

3.2 خصوصیات کی پیریاڈیسٹی

30- سزیم کا اٹامک نمبر ہے: [RWP-I,GUJ-I,ALP,MTN-I,SGD-II]

(A) 55 (B) 65 (C) 75 (D) 85

31- ان میں سے سب سے کم اٹامک سائز ہے؟ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]

(A) فلورین (B) کلورین (C) آئیوڈین (D) برومین

32- کاربن کا اٹامک ریڈیس ہے۔ [FSD-II,SGD-I,GUJ-I,BWP-II,SWL-I]

(A) 154pm (B) 115pm (C) 77pm (D) 138pm

شیلڈنگ افیکٹ

33- ______ شیلڈنگ افیکٹ کی ویلیو سب سے کم ہے۔ [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]

(A) لیتھیم (B) سوڈیم (C) پوٹاشیم (D) روبیڈیم

34- مندرجہ ذیل میں پیریڈ میں تبدیل نہیں ہوتا: [SGD-II,FSD-II,MTN-I,DGK-I]

(A) اٹامک ریڈیس (B) شیلڈنگ افیکٹ (C) آئیونائزیشن انرجی (D) الیکٹرون افینٹی

آئیونائزیشن انرجی

35- سوڈیم کی آئیونائزیشن انرجی ہے؟ [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

(A) $-377 kJmol^{-1}$ (B) $-403 kJmol^{-1}$ (C) $+419 kJmol^{-1}$ (D) $+496 kJmol^{-1}$

36- آئیونائزیشن انرجی پیریڈ میں بڑھتی ہے کیونکہ [LHR-II,GUJ-I,ALP,SGD-II,MTN-II,RWP-I]

(A) شیلز کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔ (B) شیلز کی تعداد میں کمی ہوتی ہے۔

(C) الیکٹرونز کی تعداد میں کمی ہوتی ہے۔

(D) نیوکلیس اور بیرونی شیل میں موجود الیکٹرونز کی اٹریکشن بڑھتی ہے۔

downloaded from https://infohubhrmssiszed.com/

الیکٹرون افینٹی

37- فلورین کی الیکٹرون افینٹی ہے؟ [SWL-II,FSD-I,GUJ-II,BWP-II,MTN-I]

(A) $-328 kJmol^{-1}$ (B) $-325 kJmol^{-1}$ (C) $-326 kJmol^{-1}$ (D) $-324 kJmol^{-1}$

38- سب سے کم الیکٹرون افینٹی ہے؟ [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]

(A) فلورین (B) کلورین (C) برومین (D) آئیوڈین

الیکٹرونیگیٹیویٹی

39- ہائیڈروجن اور کلورین کے درمیان میں الیکٹرونیگیٹیویٹی کا فرق ہے؟ [BWP-II,MTN-I,ALP,GUJ-II]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

40- کاربن کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [GUJ-I,SGD-II]

(A) 2.0 (B) 2.1 (C) 2.6 (D) 4.0

41- نائٹروجن کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) 2.0 (B) 2.6 (C) 3.0 (D) 3.4

Scanned with CamScanner

42۔ کسی ہیلوجن کی سب سے کم الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [SGD-I/II,GUJ-II,MTN-I,ALP,DGK-I,SWL-II]

(A) آیوڈین (B) برومین (C) کلورین (D) فلورین

43۔ کس ایلیمنٹ کی الیکٹرونیگیٹیویٹی سب سے کم ہے؟ [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

(A) لیتھیم (B) بریلیم (C) بورون (D) فلورین

44۔ کلورین ($C\ell$) کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے: [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

(A) 4.0 (B) 3.0 (C) 3.5 (D) 2.7

جوابات:

A	10	A	9	D	8	B	7	B	6	D	5	B	4	C	3	A	2	B	1
B	20	B	19	C	18	B	17	C	16	B	15	C	14	D	13	A	12	D	11
A	30	D	29	D	28	A	27	B	26	D	25	C	24	D	23	B	22	D	21
C	40	A	39	D	38	A	37	D	36	D	35	B	34	A	33	C	32	A	31
												B	44	A	43	A	42	C	41

ALP Annual Papers 2021
Short Questions

1۔ نیولینڈ کا آکٹیوز لاء بیان کریں۔ [LHR-II,GUJ-I,FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-I/II]

جواب: 1864ء میں برطانیہ کے کیمیادان نیولینڈ نے آکٹیوز لاء کی صورت میں اپنے مشاہدات پیش کیے۔اس نے بتایا کہ ''اگر ایلیمنٹس کو ان کے بڑھتے ہوئے اٹامک ماس کے حساب سے ترتیب دیا جائے تو آکٹیو کے آٹھویں ایلیمنٹ کی کیمیائی خصوصیات اس آکٹیو کے پہلے ایلیمنٹ کے ساتھ ملتی ہیں''۔اس نے ان کا موازنہ موسیقی کے سروں سے کیا۔

2۔ پیریاڈک ٹیبل کی تعریف کریں۔ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: روس کے کیمیادان مینڈلیف نے اس وقت تک کے معلوم شدہ صرف 63 ایلیمنٹس کو افقی قطاروں میں بڑھتے ہوئے اٹامک ماسز کی بنیاد پر ایلیمنٹس کو ترتیب دیا۔ایلیمنٹس کی اس ترتیب کو پیریاڈک ٹیبل کا نام دیا گیا۔

3۔ مینڈلیف کے پیریاڈک ٹیبل کے نقائص تحریر کیجیے۔ [DGK-II,MTN-I,SGD-I/II,BWP-I]

جواب: i۔ مینڈلیف کے پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد ایلیمنٹس کے اٹامک ماس ہیں۔ جو کہ ایلیمنٹس کی بنیادی خصوصیت نہیں ہے۔

ii۔ یہ بعض ایلیمنٹس کی اٹامک ماسز کی غلط ترتیب کی وجہ نہیں بتاتا ہے۔

4۔ پہلے پیریڈ میں کتنے ایلیمنٹس پائے جاتے ہیں؟ان کے نام لکھیں۔ [BWP-II,MTN-I,SWL-II,ALP,DGK-I]

جواب: پیریاڈک ٹیبل کے پہلے پیریڈ میں دو ایلیمنٹس پائے جاتے ہیں جن کے نام ہائیڈروجن (H) اور ہیلیم (He) ہیں۔

5۔ شارٹ اور لانگ پیریڈز میں کیا فرق ہے؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

جواب:

لانگ پیریڈ	شارٹ پیریڈ
پیریاڈک ٹیبل میں چوتھا اور پانچواں پیریڈ لانگ پیریڈ کہلاتے ہیں۔	پیریاڈک ٹیبل کا پہلا پیریڈ شارٹ پیریڈ کہلاتا ہے۔
دونوں پیریڈز میں بالترتیب اٹھارہ، اٹھارہ ایلیمنٹس شامل ہیں۔	اس میں صرف دو ایلیمنٹس ہائیڈروجن اور ہیلیم ہیں۔

Scanned with CamScanner

6۔ اٹامک ریڈیس پیریڈز میں کیوں کم ہوتا ہے؟ [LHR-II,FSD-II,RWP-II,ALP,RUJ-II,SWL-I]

جواب: اٹامک ریڈیس کا پیریڈ میں رجحان: پیریڈ میں (بائیں) سے دائیں سے بائیں جانب اٹامک سائز بتدریج کم ہوتا ہے کیونکہ اٹامک نمبر بڑھنے سے موثر نیوکلیئر چارج بڑھتا ہے اور الیکٹرون کا اندراج پہلے سیویلنس شیل میں ہی ہوتا ہے۔

7۔ شیلڈنگ ایفیکٹ کا گروپ میں رجحان بتائیں۔ [LHR-II,GUJ-II,MTN-II,SWL-I]

جواب: جب ہم گروپ میں اوپر سے نیچے کی جانب جاتے ہیں تو شیلڈنگ ایفیکٹ بڑھتا ہے۔ کیونکہ اٹامک نمبر میں اضافہ کے ساتھ شیلز کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا ہے جس سے نیوکلیس اور ویلنس الیکٹرونز کی اٹریکشن کم ہوجاتی ہے۔ مثلاً پوٹاشیم (Z=19) میں سوڈیم (Z=11) کی نسبت ویلنس شیلڈنگ ایفیکٹ زیادہ ہے۔ اس لیے پوٹاشیم میں سے الیکٹرون نکالنا آسان ہے۔

8۔ فلورین اور آئیوڈین کی الیکٹرونیگیٹیوٹی کیا ہے؟

جواب: فلورین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی 4 جبکہ آئیوڈین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی 2.5 ہوتی ہے۔

9۔ الیکٹرون افینٹی گروپ میں کیوں کم ہوتی ہے؟ [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,ALP,SWL-I/II]

جواب: الیکٹرون افینٹی گروپ میں اوپر سے نیچے کی طرف کم ہوتی ہے کیونکہ اٹامک سائز بڑھتا ہے۔ شیلڈنگ ایفیکٹ میں اضافہ ہوتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیس کی کشش کی طاقت کم ہوجاتی ہے۔

10۔ گروپ میں الیکٹرونیگیٹیویٹی کا رجحان بتائیں؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: گروپ میں اوپر سے نیچے کی جانب الیکٹرونیگیٹیویٹی کم ہوتی ہے کیونکہ اٹامک سائز بڑھتا ہے۔ شیلڈنگ ایفیکٹ بڑھتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیس کی کشش کی طاقت کم ہوجاتی ہے۔

2014 - 2019 (Short Questions)

3.1 پیریاڈک ٹیبل

11۔ ڈوبرائنر کے ٹرائی ایڈز کی وضاحت کریں۔ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: ایک جرمن کیمیادان ڈوبرائنر نے تین تین ایلیمنٹس جنہیں ٹرائی ایڈز کہتے ہیں پر مشتمل چند گروپس کے اٹامک ماسز کے درمیان تعلق کا مشاہدہ کیا۔ ان گروپس میں سے مرکزی یا درمیانی ایلیمنٹ باقی دو ایلیمنٹس کا اوسط اٹامک ماس رکھتا تھا۔
مثال کے طور پر ٹرائی ایڈ کا ایک گروپ کیلسیم سٹرونشیم اور بیریم ہے۔ سٹرونشیم کا اٹامک ماس کیلسیم اور بیریم کے اٹامک ماسز کے اوسط کے برابر ہے۔

12۔ مینڈلیف کے پیریاڈک لاء اور جدید پیریاڈک لاء میں کیا فرق ہے؟ [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

جواب: مینڈلیف پیریاڈک لاء: ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک ماسز کے پیریاڈک فنکشنز ہیں۔
جدید پیریاڈک لاء: ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک نمبرز کا پیریاڈک فنکشنز ہیں۔

13۔ پیریاڈک فنکشنز سے کیا مراد ہے؟ [GUJ-I,FSD-II,DGK-II,RWP-I]

جواب: ”وہ خصوصیات جو خاص وقفوں کے بعد دہرائی جاتی ہیں۔ پیریاڈک فنکشنز کہلاتی ہیں۔ مثلاً ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک نمبرز کا پیریاڈک فنکشنز ہیں۔

14۔ لانگ فارم پیریاڈک ٹیبل کی کوئی سی دو خصوصیات لکھیں۔ [RWP-I,GUJ-I,ALP,MTN-I,SGD-II]

جواب: پیریڈ کے ایلیمنٹس مختلف خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔ گروپ کے ایلیمنٹس ایک جیسی کیمیائی خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔

15۔ وجہ بتایئے گروپ 13 تا 18 کے عناصر کو P-بلاک اور گروپ I اور گروپ II کے عناصر کو s-بلاک عناصر کہا جاتا ہے؟

جواب: p-بلاک عناصر: گروپ 13 تا 18 کے عناصر کے ویلنس الیکٹرونز p سب شیلز میں پائے جاتے ہیں اس لیے ان کو P-بلاک عناصر کہتے ہیں۔
s-بلاک عناصر: گروپ I اور گروپ II کے عناصر کو s-بلاک عناصر اس لیے کہتے ہیں کیونکہ ان کے ویلنس الیکٹرونز s سب شیلز میں پائے جاتے ہیں۔

downloaded from https://infohubhrmssed.com

Scanned with CamScanner

16۔ پیریاڈک ٹیبل میں کتنے بلاکس ہیں؟ان کے نام لکھیں۔ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں کل چار بلاکس ہیں جن کے نام الیکٹرونز سے مکمل ہونے کے مراحل میں موجود سب شیلز کے نام کی بنیاد پر رکھتے گئے ہیں۔اوران کے نام s,p,d اور f بلاکس ہیں۔

17۔ ٹرانزیشن ایلیمنٹس کیا ہیں؟ [FSD-II,SGD-I,GUJ-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: گروپ نمبر تین سے گروپ بارہ تک کے ایلیمنٹس ٹرانزیشن ایلیمنٹس کہلاتے ہیں۔ان ایلیمنٹس میں d سب شیل مکمل ہونے کے مراحل میں ہوتا ہے۔

18۔ لینتھانائیڈز اور ایکٹانائیڈز سے کیا مراد ہے؟ [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]

جواب: لینتھنائیڈ سیریز:

لینتھنائیڈ سیریز لینتھینم ($_{57}$La) سے شروع ہوتی ہے۔جس کا اٹامک نمبر 57 ہے۔اس لیے ان کو لینتھنائیڈز بھی کہا جاتا ہے۔

ایکٹانائیڈز سیریز:

ایکٹانائیڈز سیریز ایکٹینم ($_{89}$Ac) سے شروع ہوتی ہے۔جس کا اٹامک نمبر 89 ہے۔اس لیے ان کو ایکٹنائیڈز بھی کہا جاتا ہے۔

19۔ پہلے اور دوسرے گروپس کے ایلیمنٹس کے نام لکھیں۔ [SGD-II,FSD-II,MTN-I,DGK-I]

جواب: پہلے گروپ کے ایلیمنٹس کے نام:

ہائیڈروجن (H)۔ ہیلیئم (He)۔ لیتھیم (Li) سوڈیم (Na)۔ پوٹاشیم (k)۔ روبیڈیم (Rb)۔

دوسرے گروپ کے ایلیمنٹس کے نام: بیریلیم (Be)۔ میگنیشیم (Mg)۔ کیلسیم (Ca)۔ سٹرانشیم (Sr)۔ بیریم (Ba)۔ فرانشیم (Fr)۔

20۔ گروپ 17 کے کسی چار ایلیمنٹس کے نام لکھیں۔ [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

جواب: فلورین (F) ۔ کلورین (Cl)

برومین (Br) ۔ آیوڈین (I)۔

21۔ نوبل گیسز سے کیا مراد ہے؟ان کے نام لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-I,ALP,SGD-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: پیریاڈک ٹیبل کے گروپ 18 کے ایلیمنٹس نوبل گیسز کہلاتی ہیں۔ان کے بیرونی شیل مکمل ہوتے ہیں اور وہ کسی دوسرے ایلیمنٹس سے ریکٹ نہیں کرتے۔

نوبل گیسز کے نام: ہیلیئم (He)، نی اون (Ne)، آرگن (A) اور کرپٹان (Kr)۔

3.2 پیریاڈیسٹی کی خصوصیات

اٹامک ریڈیس / اٹامک سائز:

22۔ اٹامک ریڈیس کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]

جواب: دو جڑے ہوئے ایٹمز کے نیوکلیائی کے درمیان فاصلے کے نصف کو اس ایٹم کا اٹامک ریڈیس کہا جاتا ہے"

مثال: کاربن کے دو ایٹمز کے نیوکلیائی کے درمیان 154pm پیکومیٹر فاصلہ ہوتا ہے پس کاربن کا اٹامک ریڈیس 77pm ہے۔

23۔ اٹامک ریڈیس گروپ میں کیوں بڑھتا ہے؟ [BWP-II,MTN-I,ALP,GUJ-II]

جواب: اٹامک ریڈیس کا گروپ میں رُجحان:

ایک ہی گروپ میں ایٹم کا سائز یا ریڈیس اوپر سے نیچے بتدریج بڑھتا ہے۔اس کی وجہ نچلے یا اگلے ایلیمنٹ میں الیکٹرونز کے نئے شیل میں اضافہ ہوتا ہے۔جس کی وجہ سے موثر نیوکلیئر چارج میں کمی ہوتی ہے۔

downloaded from https://infohubforall.com/
Scanned with CamScanner

شیلڈنگ ایفیکٹ

24۔ شیلڈنگ ایفیکٹ کی تعریف کریں اور پیریڈ میں اس کا رجحان بتائیں۔ [SWL-II,FSD-I,GUJ-II,BWP-II,MTN-I]

جواب: شیلڈنگ ایفیکٹ:

اندرونی شیلز میں موجود الیکٹرونز اور ویلنس شیل کے الیکٹرونز نیوکلیس کی اٹریکشن (کشش) کی قوت کو کم کرتے ہیں۔ یہ شیلڈنگ ایفیکٹ کہلاتا ہے۔

پیریڈ میں شیلڈنگ ایفیکٹ کا رجحان: پیریڈ میں بائیں سے دائیں جانب شیلڈنگ ایفیکٹ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

25۔ موثر نیوکلیئر چارج کی تعریف کریں۔ [MTN-II,DGK-I,ALP,SGD-I]

جواب: اندرونی شیلز میں موجود الیکٹرونز کی وجہ سے نیوکلیس کی ویلنس الیکٹرونز پر اٹریکشن کم ہو جاتی ہے۔ اس کے نتیجے میں بیرونی الیکٹرونز اصل نیوکلیئر چارج سے کم نیوکلیئر چارج محسوس کرتے ہیں جسے موثر نیوکلیئر چارج کہتے ہیں۔

آئیونائزیشن انرجی

26۔ آئیونائزیشن انرجی کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [RWP-II,SGD-II]

جواب: کسی گیسی حالت میں آزاد ایٹم کے ویلنس شیل میں سے سب سے کم اٹریکشن والے الیکٹرون کو خارج کرنے کے لیے درکار انرجی آئیونائزیشن انرجی کہلاتی ہے۔ مثال کے طور پر سوڈیم کی پہلی آئیونائزیشن $+496\,kJmol^{-1}$ ہے۔

$$Na \rightarrow Na^{+} + e^{-} \quad \Delta H = +496\,kJmol^{-1}$$

27۔ پہلی آئیونائزیشن انرجی اور دوسری آئیونائزیشن انرجی کی تعریف کریں۔ [SGD-I,MTN-II,FSD-I/II,BWP-II]

جواب: فرسٹ آئیونائزیشن انرجی:

اگر ویلنس شیل میں صرف ایک الیکٹرون موجود ہو تو اس کو خارج کرنے کے لیے درکار انرجی پہلی آئیونائزیشن انرجی کہلاتی ہے۔ مثال کے طور پر سوڈیم کی پہلی آئیونائزیشن انرجی $+1443\,kJmol^{-1}$ ہے۔

سیکنڈ آئیونائزیشن انرجی: ویلنس شیل سے ایک الیکٹرون کے اخراج کے بعد دوسرے الیکٹرون کو نکالنے کے لیے درکار انرجی سیکنڈ آئیونائزیشن انرجی کہلاتی ہے۔

$$Mg^{+} \rightarrow Mg^{2+} + 1e \qquad \Delta H = +1443\,KJ\,mol^{-1}$$

downloaded from https://mehboobhrmssissued.com/

28۔ آئیونائزیشن انرجی کا گروپ میں رجحان بتائیں۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,ALP,BWP-II]

جواب: آئیونائزیشن انرجی کا گروپ میں رجحان:

آئیونائزیشن انرجی گروپ میں اوپر سے نیچے کی طرف کم ہوتی ہے۔ کیونکہ اٹامک سائز بڑھتا ہے۔ شیلڈنگ افیکٹ میں اضافہ ہوتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیس کی کشش کی طاقت کم ہو جاتی ہے۔

الیکٹرون افینٹی

29۔ الیکٹرون افینٹی کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [GUJ-II,RWP-I,FSD-I,MTN-II,SWL-I]

جواب: کسی ایلیمنٹ کے آزاد گیسی ایٹم کے ویلنس شیل میں ایک الیکٹرون داخل ہونے کے سبب خارج ہونے والی انرجی کو الیکٹرون افینٹی کہتے ہیں مثال کے طور پر فلورین کی الیکٹرون افینٹی $-328\,kJmol^{-1}$ ہے۔

$$F + e^{-} \rightarrow F^{-} \quad \Delta H = -328\,kJmol^{-1}$$

30۔ الیکٹرون افینٹی کا پیریڈ میں رجحان بتائیں۔ [LHR-I,RWP-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: الیکٹرون افینٹی کا پیریڈ میں رجحان: جب ہم پیریڈ میں بائیں سے دائیں جانب جاتے ہیں تو الیکٹرون افینٹی بڑھتی ہے۔ کیونکہ اٹامک سائز کم ہوتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیس کی کشش کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

الیکٹرونیگیٹویٹی

31۔ الیکٹرونیگیٹیویٹی کی تعریف کریں اور پیریڈ میں اس کا رجحان بتائیں۔ [FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-II]

جواب: الیکٹرونیگیٹیویٹی:

کسی ایٹم کا مالیکیول میں موجود اشتراک شدہ الیکٹرون کو اپنی طرف کھینچنے کی صلاحیت کو الیکٹرونیگیٹیویٹی کہتے ہیں۔

پیریڈ میں رجحان:

جب ہم پیریڈ میں بائیں سے دائیں جانب جاتے ہیں تو الیکٹرونیگیٹویٹی بڑھتی ہے کیونکہ اٹامک سائز کم ہوتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیئس کی کشش کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔

مشقی سوالات کا حل

1. پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کا اٹامک ریڈیس:

(A) پیریڈ میں بائیں سے دائیں بڑھتا ہے (B) گروپ میں اوپر سے نیچے بڑھتا ہے
(C) گروپ میں اوپر سے نیچے کم ہوتا ہے (D) پیریڈ میں بائیں سے دائیں تبدیل نہیں ہوتا

2. جب ایٹم میں ایک الیکٹرون جمع کیا جاتا ہے تو انرجی کی جو مقدار خارج ہوتی ہے، کہلاتی ہے:

(A) لیٹس انرجی (B) آئیونائزیشن انرجی (C) الیکٹرونیگیٹیویٹی (D) الیکٹرون افینٹی

3. مینڈلیف کے اصل پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد تھی:

(A) الیکٹرونک کنفگریشن (B) اٹامک ماس (C) اٹامک نمبر (D) سب شیل کا مکمل ہونا

4. لونگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد ہے:

(A) مینڈلیف کا اصول (B) اٹامک نمبر (C) اٹامک ماس (D) ماس نمبر

5. لونگ فارم پیریاڈک ٹیبل کی موجودہ شکل میں چوتھا اور پانچواں پیریڈ کہلاتے ہیں:

(A) شارٹ پیریڈز (B) نارمل پیریڈز (C) لونگ پیریڈز (D) وری لونگ پیریڈز

6. مندرجہ ذیل میں سے کس ہیلوجن کی الیکٹرونیگیٹیویٹی سب سے کم ہے:

(A) فلورین (B) کلورین (C) برومین (D) آئیوڈین

7. ایک پیریڈ میں ان میں سے کون سی چیز کم ہوتی ہے؟

(A) اٹامک ریڈیس (B) آئیونائزیشن انرجی (C) الیکٹرون افینٹی (D) الیکٹرونیگیٹیویٹی

8. ٹرانزیشن ایلیمنٹس ہوتے ہیں:

(A) تمام گیسز (B) تمام میٹلز (C) تمام نان میٹلز (D) تمام میٹلائڈز

9. آئیونائزیشن انرجی کے متعلق غلط بیان کی نشاندہی کریں:

(A) اس کی پیمائش $kJ\,mol^{-1}$ میں کی جاتی ہے (B) یہ انرجی کا جذب ہونا ہے
(C) یہ پیریڈ میں بتدریج کم ہوتی ہے (D) یہ گروپ میں بتدریج کم ہوتی ہے

10. الیکٹرون افینٹی کے متعلق غلط بیان کی نشاندہی کریں:

(A) اس کی پیمائش $kJ\,mol^{-1}$ میں کی جاتی ہے (B) اس میں انرجی کا اخراج ہوتا ہے
(C) یہ پیریڈز میں بتدریج کم ہوتی ہے (D) یہ گروپ میں بتدریج کم ہوتی ہے

downloaded from https://infohubhhississed.com/

Scanned with CamScanner

جوابات

1	B	2	D	3	B	4	B	5	C
6	D	7	A	8	B	9	C	10	C

مختصر سوالات

.1 نوبل گیسز کیوں ری ایکٹو نہیں ہوتیں؟

جواب: نوبل گیسز ری ایکٹو نہیں ہوتیں کیونکہ اِن کے بیرونی شیلز مکمل ہوتے ہیں اور یہ مزید الیکٹرون جذب یا خارج کرنا نہیں چاہتیں۔

.2 سیزیم Cs کو اپنے ویلنس شیل میں سے 1 الیکٹرون خارج کرنے کے لیے کیوں بہت تھوڑی انرجی کی ضرورت ہوتی ہے؟

جواب: سیزیم (Cs) کا اٹامک سائز بڑا ہے۔اس لیے اس کا ویلنس الیکٹرون نیوکلیئس سے بہت دور ہوتا ہے۔پس نیوکلیئس اور ویلنس الیکٹرون میں اٹریکشن بہت کم ہوتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ سیزیم کو الیکٹرون خارج کرنے کے لیے بہت تھوڑی انرجی کی ضرورت ہوتی ہے۔

.3 خصوصیات کی پیریاڈیسٹی کسی ایٹم میں موجود پروٹونز کی تعداد پر کیسے منحصر ہے؟

جواب: پروٹونز کی تعداد کی وجہ سے نیوکلیئر چارج تبدیل ہوتا ہے کسی پیریڈ میں نیوکلیئر چارج بڑھنے سے سائز کم ہوتا ہے اور خصوصیات میں تبدیلی آتی ہے۔
اسی طرح گروپ میں موثر نیوکلیئر چارج میں کمی ہوتی ہے اس سے بھی خصوصیات تبدیل ہوتی ہیں۔

.4 الیکٹرون کا شیلڈنگ ایفیکٹ، کیٹائن (cation) کے بننے کے عمل کو کیوں آسان بناتا ہے؟

جواب: جب ایٹم میں شیلڈنگ ایفیکٹ بڑھتا ہے تو Z ایفیکٹ کم ہوتا ہے۔اس سے نیوکلیئس اور ویلنس الیکٹرونز کے درمیان اٹریکشن کم ہو جاتی ہے۔
اس طرح ایٹم سے الیکٹرون آسانی سے نکالا جا سکتا ہے پس کیٹائن (پوزیٹو آئن) کے بننے کا عمل آسان ہو جاتا ہے۔

.5 مینڈلیف کے پیریاڈک لاء اور جدید پیریاڈک لاء میں کیا فرق ہے؟

جواب: **مینڈلیف کا پیریاڈک لاء:** ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک ماسز کا پیریاڈک فنکشنز ہیں۔
جدید پیریاڈک لاء: ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک نمبرز کا پیریاڈک فنکشنز ہیں۔

.6 پیریاڈک ٹیبل میں گروپس اور پیریڈز سے کیا مراد ہے؟

جواب: **پیریڈز:** پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کی افقی قطاروں کو پیریڈز کہتے ہیں۔پیریاڈک ٹیبل میں کل سات پیریڈز ہیں۔
گروپس: پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کے عمودی کالمز کو گروپس کہتے ہیں۔پیریاڈک ٹیبل میں کل اٹھارہ گروپس ہیں۔

.7 ایلیمنٹس کو چوتھے پیریڈ میں کیوں اور کیسے ترتیب دیا گیا؟

جواب: چوتھے پیریڈ میں کل اٹھارہ ایلیمنٹس ہیں ان میں سے دو ایلیمنٹس 's' بلاک، 10 ایلیمنٹس 'd' بلاک اور 6 ایلیمنٹس 'p' بلاک سے تعلق رکھتے ہیں۔
چوتھے پیریڈ کے ہر ایلیمنٹ میں چار شیلز (K,L,M,N) ہوتے ہیں۔اس لیے ان کو چوتھے پیریڈ میں رکھا گیا ہے۔

.8 ایک پیریڈ میں ایٹم کا سائز باقاعدگی سے کم کیوں نہیں ہوتا؟

جواب: پیریڈ میں بائیں سے دائیں اٹامک نمبر ایک ایک کر کے بڑھتا رہتا ہے اور ویلنس شیل تکمیل کے مراحل میں ہوتا ہے۔اس لیے ویلنس الیکٹرونز اور نیوکلیئس کے درمیان اٹریکشن بے قاعدہ ہو جاتی ہے۔یہ وجہ ہے کہ پیریڈ میں اٹامک سائز کا رجحان بے قاعدہ ہو جاتا ہے۔

.9 پیریڈ میں آئیونائزیشن انرجی کا رجحان کیا ہے؟

جواب: **پیریڈ میں آئیونائزیشن انرجی:** کسی پیریڈ میں بائیں سے دائیں آئیونائزیشن انرجی بڑھتی ہے۔

downloaded from https://

Scanned with CamScanner

انشائیہ سوالات

☆ **لونگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل کی اہم خصوصیات لکھیں۔**

جواب: (i) یہ ٹیبل سات افقی قطاروں پر مشتمل ہے جو پیریڈز کہلاتی ہیں۔

(ii) پہلا پیریڈ صرف دو ایلیمنٹس پر مشتمل ہے۔ دوسرا اور تیسرا پیریڈ آٹھ آٹھ ایلیمنٹس پر مشتمل ہے۔ چوتھا اور پانچواں پیریڈ اٹھارہ اٹھارہ ایلیمنٹس پر مشتمل ہے۔ چھٹے پیریڈ میں بتیس (32) جبکہ ساتویں پیریڈ میں بھی بتیس (32) ایلیمنٹس موجود ہیں۔

(iii) ہر پیریڈ کے ایلیمنٹس مختلف خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔

(iv) پیریاڈک ٹیبل میں اٹھارہ عمودی کالمز ہیں جنہیں 1 سے 18 تک بائیں سے دائیں جانب نمبر دیے گئے ہیں جو کہ گروپس کہلاتے ہیں۔

(v) کسی بھی گروپ کے ایلیمنٹس ایک جیسی کیمیائی (کیمیکل) خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔

(vi) ایلیمنٹس کے ویلنس شیل کے جس سب شیل میں آخری الیکٹران داخل ہوتا ہے۔ اس کی بنیاد پر ان کو چار بلاکس میں تقسیم کیا گیا ہے۔

☆ **آئیونائزیشن انرجی کیا ہے؟ پیریاڈک ٹیبل میں اس کے رجحان کی وضاحت کریں؟**

جواب: **آئیونائزیشن انرجی (Ionization Energy):**

انرجی کی وہ مقدار جو کسی آزاد گیسی ایٹم کے ویلنس شیل میں سب سے کم اٹریکشن والے الیکٹرون کو خارج کرنے کے لیے درکار ہوا سے آئیونائزیشن انرجی کہتے ہیں۔ مثلاً سوڈیم کی آئیونائزیشن انرجی $496\,kJ\,mol^{-1}$ ہے اور پوٹاشیم کی آئیونائزیشن انرجی $419\,kJ\,mol^{-1}$ ہے۔

$$Na \longrightarrow Na^{+} + e^{-} \,;\, \Delta H = +496\,kJ\ mol^{-1}$$

پہلی آئیونائزیشن انرجی: جب کسی ایٹم کے ویلنس شیل میں صرف ایک الیکٹرون موجود ہو تو اسے خارج کرنے کے لیے درکار انرجی کو پہلی آئیونائزیشن انرجی کہتے ہیں، مثلاً سوڈیم کی پہلی آئیونائزیشن انرجی $496\,kJ\ mol^{-1}$ ہے۔ جب ایٹم کے ویلنس شیل میں ایک سے زیادہ الیکٹرونز موجود ہوں تو زیادہ انرجی دے کر دوسرا الیکٹرون خارج کیا جا سکتا ہے۔ انرجی کی یہ مقدار دوسری آئیونائزیشن انرجی کہلاتی ہے۔ مثلاً Mg کی دوسری آئیونائزیشن انرجی $1450\,kJ\ mol^{-1}$ ہے۔

downloaded from https://infonubhrmssieed.com/

(i) **پیریڈ میں آئیونائزیشن انرجی:** کسی پیریڈ میں بائیں سے دائیں آئیونائزیشن انرجی بڑھتی ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ پیریڈ میں بائیں سے دائیں اٹامک نمبر میں مسلسل اضافہ ہوتا ہے لیکن شیلز کی تعداد میں اضافہ نہیں ہوتا۔ اس لیے اٹامک سائز کم ہوتا جاتا ہے۔ پس نیوکلیئس اور ویلنس الیکٹرونز کی اٹریکشن بڑھ جاتی ہے۔ یہ وجہ ہے کہ پیریڈ میں آئیونائزیشن انرجی بڑھتی ہے۔ دوسرے پیریڈ کے ایلیمنٹس کی آئیونائزیشن انرجی نیچے دی گئی ہے۔

دوسرے پیریڈ کے ایلیمنٹس	$_{3}Li$	$_{4}Be$	$_{5}B$	$_{6}C$	$_{7}N$	$_{8}O$	$_{9}F$	$_{10}Ne$
آئیونائزیشن انرجی $kJ\,mol^{-1}$	520	899	801	1086	1402	1314	1681	2081

(ii) **گروپ میں آئیونائزیشن انرجی:** کسی گروپ میں اوپر سے نیچے آئیونائزیشن انرجی کم ہو جاتی ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ گروپ میں اوپر سے نیچے اٹامک نمبر میں اضافے کے ساتھ ساتھ شیلز کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس لیے گروپ میں اٹامک سائز بڑھتا ہے جس کی وجہ سے نیوکلیئس اور ویلنس الیکٹرونز کی اٹریکشن کم ہو جاتی ہے۔ پس ویلنس الیکٹرونز کو آسانی سے نکالا جا سکتا ہے۔ یہ وجہ ہے کہ گروپ میں اوپر سے نیچے آئیونائزیشن انرجی کم ہوتی ہے۔ پہلے گروپ کے ایلیمنٹس کی آئیونائزیشن انرجی ٹیبل میں دی گئی ہے۔

☆ **الیکٹرون افینٹی کی تعریف کریں۔ پیریاڈک ٹیبل میں یہ کیوں پیریڈ میں بڑھتی اور گروپ میں کم ہوتی ہے؟**

جواب: انرجی کی وہ مقدار جو کسی ایلیمنٹ کے آزاد گیسی ایٹم کے ویلنس شیل میں الیکٹرون داخل کرنے کی وجہ سے خارج ہو اسے الیکٹرون افینٹی کہتے

Scanned with CamScanner

ہیں۔مثلاً فلورین کی الیکٹرون افینٹی $-328\ kJ\ mol^{-1}$ ہے۔

$$F + e^- \longrightarrow F^- \qquad , \Delta H = -328\ kJ\ mol^{-1}$$

افینٹی سے مراد اٹریکشن ہے اس لیے الیکٹرون افینٹی سے مراد ہے ایک ایٹم کا الیکٹرون قبول کر کے نیگیٹو آئن بنانا۔فلورین کی الیکٹرون افینٹی $-328\ kJ\ mol^{-1}$ ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک مول فلورین ایٹمز ایک مول فلورائڈ آئنز بنانے کے لیے 328kJ انرجی خارج کرتے ہیں۔

پیریڈ میں الیکٹرون افینٹی: پیریڈ میں الیکٹرون افینٹی کی ویلیوز بائیں سے دائیں طرف بڑھتی ہیں۔ہم جانتے ہیں کہ پیریڈ میں بائیں سے دائیں جاتے ہوئے اٹامک سائز کم ہوتا جاتا ہے۔اس لیے آنے والے الیکٹرون کے لیے نیوکلیئس کی اٹریکشن بڑھتی جاتی ہے۔پس الیکٹرون کے لیے جتنی زیادہ اٹریکشن ہوگی اتنی ہی زیادہ انرجی خارج ہوگی۔

دوسرے پیریڈ میں ایلیمنٹس کی الیکٹرون افینٹی نیچے دی گئی ہے۔

دوسرے پیریڈ کے ایلیمنٹس	$_3Li$	$_4Be$	$_5B$	$_6C$	$_7N$	$_8O$	$_9F$	$_{10}Ne$
الیکٹرون افینٹی $kJ\ mol^{-1}$	-60	>0	-29	-122	0	-141	-328	0

گروپ میں الیکٹرون افینٹی: گروپ میں الیکٹرون افینٹی کی ویلیوز اوپر سے نیچے کم ہوتی ہیں۔ہم جانتے ہیں کہ گروپ میں اٹامک سائز بڑھتا ہے۔اس سے شیلڈنگ افیکٹ بھی بڑھتا ہے۔اس لیے آنے والے الیکٹرون کے لیے نیوکلیئس کی اٹریکشن کم ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے کم انرجی خارج ہوتی ہے۔مثلاً آئیوڈین کی الیکٹرون افینٹی کلورین۔ سے کم ہے۔

کیونکہ آئیوڈین کا سائز کلورین سے بڑا ہے۔

سترھویں گروپ میں ایلیمنٹس کی الیکٹرون افینٹی ویلیوز نیچے دی گئی ہیں۔

گروپ 17th کے ایلیمنٹس	الیکٹرون افینٹی $kJ\ mol^{-1}$
$_9F$	-328
$_{17}Cl$	-349
$_{35}Br$	-325
$_{53}I$	-295

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

باب 4 | مالیکیولز کی ساخت | معروضی، مختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

ALP Annual Papers 2021

Objective Type

1۔ کسی ایٹم کے بیرونی شیل میں موجود الیکٹرونز کہلاتے ہیں۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

(A) ویلنس الیکٹرون (B) اندرونی الیکٹرون (C) لون پیئر (D) بانڈ پیئر

2۔ آئنز کے درمیان بننے والے بانڈ کی وجہ ہے۔ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

(A) الیکٹرون شیئرنگ (B) انٹر مالیکیولر فورسز (C) الیکٹروسٹیٹک فورسز (D) ریپلسیو فورسز

3۔ کلورین ایٹم کے بیرونی شیل میں الیکٹرونز ہوتے ہیں۔ [LHR-II,ALP,GUJ-II,RWP-II,FSD-I,SWL-II,MTN-I]

(A) 6 (B) 7 (C) 5 (D) 4

4۔ سوڈیم کا اٹامک نمبر ہے۔ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

(A) 11 (B) 10 (C) 12 (D) 13

5۔ وہ بانڈ جو الیکٹرونز کے باہمی اشتراک سے وجود میں آتا ہے کہلاتا ہے۔ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

(A) میٹلک بانڈ (B) آئیونک بانڈ (C) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ (D) کوویلنٹ بانڈ

6۔ امونیم آئن $[NH_4^+]$ کی تشکیل کی وجہ ہے۔ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

(A) کوویلینٹ بانڈ (B) آئیونک بانڈ (C) میٹلک بانڈ (D) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ

7۔ ڈیٹو کوویلنٹ بانڈ میں الیکٹرون پیئر دینے والا کہلاتا ہے۔ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

(A) ایکسپٹر (B) ڈونر (C) الیکٹرونیگیٹیو (D) آئیونک بانڈ

8۔ دو ایک جیسے ایٹمز کے مابین بننے والا کوویلنٹ بانڈ کہلاتا ہے؟ [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]

(A) پولر کوویلنٹ بانڈ (B) نان پولر کوویلنٹ بانڈ (C) آئیونک بانڈ (D) کوویلنٹ بانڈ

9۔ میٹلز آسانی سے الیکٹرونز خارج کرتی ہیں۔ [RWP-II,MTN-II,ALP,RWP-I]

(A) وہ زیادہ الیکٹروپوزیٹو ہوتی ہیں۔

(B) وہ بجلی کی اچھی کنڈکٹر نہیں ہوتی ہیں۔

(C) وہ زیادہ الیکٹرونیگیٹو ہوتی ہیں۔

(D) ان کی الیکٹروافینٹی زیادہ ہوتی ہے۔

10۔ ہائیڈروجن بانڈنگ میں کونسی فورس ہوتی ہے؟ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

(A) انٹر مالیکیولر فورسز (B) آئیونک فورسز (C) کوویلنٹ فورسز (D) میٹلک فورسز

11۔ ڈکٹائلیٹی میٹلز کی وہ خصوصیت ہے جس کے سبب ان کو ____ میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

(A) تاروں (B) شیٹس (C) بلاکس (D) کاغذ

downloaded from https://informationhub.com/

Scanned with CamScanner

2014 - 2019 (Objective Type)

4.1, 4.2 ایٹمز کیمیکل بانڈ کیوں بناتے ہیں؟، کیمیکل بانڈ

12۔ ڈبلیٹ رول میں بیرونی شیل میں ____ الیکٹرونز حاصل کرتا ہے: [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

(A) 2 (B) 3 (C) 8 (D) 6

13۔ کس نوبل گیس کے بیرونی شیل میں آٹھ الیکٹرونز نہیں ہوتے؟ [RWP-I,FSD-I,SGD-I,ALP,MTN-II]

(A) Ne (B) Ar (C) Xe (D) He

4.3 کیمیکل بانڈز کی اقسام

14۔ کیمیکل بانڈز کی اقسام ہیں: [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

(A) 1 (B) 2 (C) 4 (D) 3

15۔ کیمیکل بانڈنگ میں حصہ لینے والے ویلنس الیکٹرونز کو ____ کہتے ہیں۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

(A) بانڈنگ الیکٹرونز (B) نان بانڈنگ الیکٹرونز (C) آئنز (D) مالیکیول

16۔ کیمیکل بانڈنگ میں حصہ نہ لینے والے ویلنس الیکٹرونز کو ____ کہتے ہیں۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II,MTN-II]

(A) بانڈنگ الیکٹرونز (B) نان بانڈنگ الیکٹرونز (C) آئنز (D) لون پیئر

آئیونک بانڈ

17۔ سوڈیم کلورائیڈ NaCl میں کس قسم کا کیمیکل بانڈ ہوتا ہے؟ [LHR-II,MTN-I,DGK-I,FSD-II]

(A) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ (B) کوویلنٹ بانڈ

(C) آئیونک بانڈ (D) میٹلک بانڈ

18۔ آئیونک بانڈ کریکٹر کوویلینٹ پر اس وقت غالب آجاتا ہے جب [MTN-I,SGD-I,SWL-II,ALP,BWP-I/II]

(A) اگر الیکٹرونیگیٹیوٹی کا فرق 1.7 سے زیادہ ہو۔ (B) اگر الیکٹرونیگیٹیوٹی کا فرق 1.7 سے کم ہو۔

(C) جب الیکٹرونیگیٹیوٹی کا فرق 1.7 کے مساوی ہو۔ (D) اگر الیکٹرونیگیٹیوٹی کا فرق صفر ہو۔

19۔ ایٹمز کے درمیان الیکٹرونز کی منتقلی سے ____ بنتا ہے۔ [DGK-I/II,SGD-I,BWP-II,MTN-II,FSD-I]

(A) کوویلنٹ بانڈ (B) آئیونک بانڈ

(C) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ (D) میٹلک بانڈ

کوویلنٹ بانڈ

20۔ نائٹروجن مالیکیول میں کوویلنٹ بانڈز ہوتے ہیں؟ [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

21۔ C_2H_4 میں کتنے کوویلنٹ بانڈ ہوتے ہیں۔ [DGK-II,ALP,MTN-I]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 6

downloaded from https://infohubhrmssised.com/

Scanned with CamScanner

22۔ کس مالیکیول میں ٹرپل کوویلنٹ بانڈ پایا جاتا ہے؟ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) O_2 (B) C_2H_4 (C) N_2 (D) NH_3

23۔ میتھین میں کوویلنٹ بانڈ پایا جاتا ہے؟ [SGD-II,MTN-I,FSD-II,DGK-II]

(A) سنگل (B) ڈبل (C) ٹرپل (D) ڈیٹو

24۔ نائٹروجن گیس N_2 میں اشتراکی الیکٹرونز کی مکمل تعداد ہوتی ہے؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

25۔ کس مالیکیول میں ڈبل کوویلنٹ بانڈ پایا جاتا ہے؟ [LHR-II,RWP-II,SGD-I,MTN-I,FSD-II,SWL-II]

(A) H_2 (B) O_2 (C) N_2 (D) C_2H_2

26۔ سنگل کوویلنٹ بانڈ میں کتنے الیکٹرونز حصہ لیتے ہیں۔ [GUJ-II,FSD-II,DGK-I,MTN-II,BWP-II]

(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

27۔ ان میں سے کوویلنٹ کمپاؤنڈ ہے؟ [MTN-II,DGK-I/II,ALP,FSD-II]

(A) CH_4 (B) $KC\ell$ (C) $NaC\ell$ (D) $HC\ell$

28۔ ڈبل کوویلنٹ بانڈ کو ظاہر کیا جاتا ہے۔ [GUJ-I,SGD-II]

(A) → (B) ≡ (C) = (D) ——

ڈیٹو کوویلنٹ یا کوآرڈینٹ کوویلنٹ بانڈ

29۔ ایسا بانڈ جس میں الیکٹرونز کا بانڈ پیئر صرف ایک ایٹم دیتا ہے کہلاتا ہے: [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) آئیونک بانڈ (B) کوویلنٹ بانڈ

(C) میٹلک بانڈ (D) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ

30۔ ان میں سے کس مالیکیول کو الیکٹرونز کی کمی کا سامنا ہوتا ہے؟ [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

(A) NH_3 (B) BF_3 (C) N_2 (D) O_2

31۔ امونیا اور بورون ٹرائی فلورائیڈ کے درمیان ڈیٹو بانڈ ہوتا ہے اس میں ایکسیپٹر ایٹم ہے؟ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) فلورین (B) بورون (C) ہائیڈروجن (D) نائٹروجن

پولر اور نان پولر کوویلنٹ بانڈ

32۔ کلورین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ویلیو ہے۔ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

(A) 3.1 (B) 3.2 (C) 3.3 (D) 3.4

33۔ اِن میں سے کونسا نان پولر مالیکیول ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,MTN-II,SWL-I]

(A) $HC\ell$ (B) NH_3 (C) H_2O (D) H_2

34۔ نان پولر کوویلنٹ بانڈ پایا جاتا ہے۔ [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,ALP,SWL-I/II]

(A) HF (B) H_2O (C) N_2 (D) $HC\ell$

35۔ نشاندہی کریں ان میں سے کونسا کمپاؤنڈ پانی میں حل پذیر ہے؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

(A) C_6H_6 (B) $NaC\ell$ (C) KBr (D) $MgC\ell_2$

36۔ ان میں سے پولر مالیکیول ہے؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

(A) O_2 (B) $C\ell_2$ (C) $HC\ell$ (D) H_2

downloaded from https://infohubprocessissed.com/

Scanned with CamScanner

میٹلک بانڈنگ

37۔ میٹلک بانڈ کا تصور کس نے پیش کیا؟ [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

(A) درودٹے (B) بوہر نے (C) ڈالٹن نے (D) موزلے نے

38۔ ایسا بانڈ جو میٹلز کے ایٹمز کے درمیان بنتا ہے۔ کہلاتا ہے؟ [GUJ-I,FSD-II,DGK-II,RWP-I]

(A) آئیونک بانڈ (B) کوویلینٹ بانڈ (C) میٹلک بانڈ (D) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ کمپاؤنڈ

4.4 انٹرمالیکیولر فورسز (ڈائی پول-ڈائی پول انٹریکشن)

39۔ کون سی انٹرمالیکیولر فورسز دو ایٹمز کے درمیان مطلوب بنتی ہیں اور نتیجہ ہوتا ہے؟ [RWP-I,GUJ-I,ALP,MTN-I,SGD-II]

(A) آئن کا بننا (B) ہڈی کا ٹوٹنا (C) بانڈ کا بننا (D) پولیریٹی

40۔ کیمیکل بانڈنگ کے درمیان کون سی فورسز غالب ہوتی ہیں؟ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]

(A) ری پلسیو فورس (B) الیکٹروسٹیٹک فورس (C) وانڈر وال فورسز (D) ہائیڈروجن بانڈنگ

ہائیڈروجن بانڈنگ

41۔ ڈاٹ لائنز ظاہر کرتی ہیں۔ [FSD-II,SGD-I,GUJ-I,BWP-II,SWL-I]

(A) ہائیڈروجن بانڈ (B) آئیونک بانڈ (C) کوویلنٹ بانڈ (D) میٹلک بانڈ

42۔ کس کمپاؤنڈ مالیکیول میں ہائیڈروجن بانڈنگ پائی جاتی ہے؟ [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]

(A) CH_4 (B) $C\ell_2$ (C) H_2 (D) H_2O

43۔ 0°C پر پانی کی ڈینسٹی ہوتی ہے؟ [SGD-II,FSD-II,MTN-I,DGK-I]

(A) $1.00\,gcm^{-3}$ (B) $1.8\,gcm^{-3}$ (C) $0.108\,gcm^{-3}$ (D) $0.001\,gcm^{-3}$

4.5 بانڈنگ کی نوعیت اور خصوصیات

آئیونک کمپاؤنڈز

44۔ آئیونک کمپاؤنڈز کی مثال ہے: [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

(A) $NaC\ell$ (B) H_2 (C) C_6H_6 (D) O_2

45۔ سوڈیم کلورائیڈ $NaC\ell$ کا میلٹنگ پوائنٹ ہے۔ [LHR-II,GUJ-I,ALP,SGD-II,MTN-II,RWP-I]

(A) 600°C (B) 750°C (C) 800°C (D) 1000°C

46۔ کلورین کے بیرونی شیل میں ____ الیکٹرونز ہوتے ہیں؟ [SWL-II,FSD-I,GUJ-II,BWP-II,MTN-I]

(A) 3 (B) 4 (C) 7 (D) 8

کوویلنٹ کمپاؤنڈز، کوآرڈینیٹ کوویلنٹ کمپاؤنڈز

47۔ دو نان میٹلز کے درمیان بننے والا بانڈ ہوتا ہے: [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]

(A) آئیونک (B) کوویلینٹ (C) میٹلک (D) پولر

48۔ ان میں سے کونسا کوویلنٹ کمپاؤنڈ ہے؟ [BWP-II,MTN-I,ALP,GUJ-II]

(A) CH_4 (B) $KC\ell$ (C) $NaC\ell$ (D) CaO

downloaded from https://infohubhrms.ssed.com/

Scanned with CamScanner

49- کوویلنٹ کمپاؤنڈز مالیکیولر شکل میں ______ طبعی حالت میں پائے جاتے ہیں۔ [MTN-II,DGK-I,ALP,SGD-I]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

میٹلو

50- میٹلو کی سطح ہوتی ہے: [RWP-II,SGD-II]

(A) چمکدار (B) غیر چمکدار (C) کھُر بھری (D) بے ترتیب

51- میٹلو عموماً بجلی کے اچھے کنڈکٹر ہوتے ہیں کیونکہ ان میں ہوتے ہیں۔ [SGD-I,MTN-II,FSD-I/II,BWP-II]

(A) موبائل الیکٹرون (B) لون پیئر (C) بانڈنگ الیکٹرون (D) نان بانڈنگ الیکٹرون

52- میلیبیلٹی میں میٹلو کو تبدیل کرتے ہیں: [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,ALP,BWP-II]

(A) تاروں میں (B) شیٹس میں (C) بلاکس میں (D) کاغذ میں

جوابات:

A	10	A	9	B	8	B	7	D	6	D	5	A	4	B	3	C	2	A	1
C	20	B	19	A	18	C	17	B	16	A	15	C	14	D	13	A	12	A	11
B	30	D	29	C	28	A	27	A	26	B	25	C	24	A	23	C	22	A	21
B	40	C	39	C	38	A	37	C	36	B	35	C	34	D	33	B	32	B	31
A	50	B	49	A	48	B	47	C	46	C	45	A	44	A	43	D	42	A	41
																B	52	A	51

downloaded from https://infohubhrmsissed.com/

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1- ایک ایٹم اپنے ویلنس شیل میں آٹھ الیکٹرون کیسے رکھ سکتا ہے؟ [LHR-I,RWP-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: ایک ایٹم اپنے ویلنس شیل میں درج ذیل مختلف طریقوں سے آٹھ الیکٹرونز رکھ سکتا ہے۔

(i) دوسرے ایٹمز کو اپنے ویلنس شیل کے الیکٹرونز دے کر (جب وہ تین یا تین سے کم ہوں)

(ii) دوسرے ایٹمز سے الیکٹرونز حاصل کر کے (اگر ویلنس شیل میں پانچ یا پانچ سے زائد الیکٹرون ہوں

(iii) دوسرے ایٹمز کے ساتھ ویلنس الیکٹرونز شیئر کر کے۔

2- کلورین صرف ایک الیکٹرون کیوں قبول کرتی ہے؟ [DGK-II,SGD-I,BWP-I/II,SWL-I]

جواب: کلورین کے بیرونی شیل میں سات الیکٹرونز ہوتے ہیں۔ اِسے اپنا اوکٹیٹ مکمل کرنے کے لیے صرف ایک الیکٹرون کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لیے کلورین صرف ایک الیکٹرون قبول کرتی ہے۔

3- کلورین Cl_2 کی لیوس ڈایاگرام بنائیں۔ [RWP-II,DGK-I,SGD-II]

جواب: $:\ddot{\underset{\cdot\cdot}{Cl}}\cdot\times\overset{xx}{\underset{xx}{Cl}}\overset{x}{\underset{x}{}}$

4- پانی میں پولر کوویلنٹ بانڈ کیوں پایا جاتا ہے؟ [GUJ-I/II,RWP-I,ALP,FSD-II]

جواب: پانی میں موجود ہائیڈروجن (H) اور آکسیجن (O) ایٹم پر الیکٹرونیگیٹیویٹی کے فرق کی وجہ سے آکسیجن پر پارشل نیگیٹو اور ہائیڈروجن پر پارشل پوزیٹو چارج آجاتا ہے۔ جس کی وجہ سے الیکٹرون کا اشتراک غیر مساوی ہوجاتا ہے اور پولر بانڈ تشکیل پاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

6- پولر اور نان پولر کمپاؤنڈ کی خصوصیات لکھیے۔ [GUJII,FSD-I,ALP,DGK-I/II]

جواب: پولر کوویلنٹ کمپاؤنڈ عام طور پر پانی میں حل پذیر ہوتے ہیں جبکہ نان پولر کمپاؤنڈز پانی میں حل نہیں ہوتے۔

ii- پولر کوویلنٹ کمپاؤنڈز جو پانی میں حل پذیر ہوتے ہیں ہیں بجلی کے اچھے موصل ہوتے ہیں جبکہ نان پولر کمپاؤنڈز بجلی کے اچھے موصل نہیں ہوتے۔

2013-2014-2015-2016-2017-2018-2019
Short Questions

4.1	ایٹمز کیمیکل بانڈ کیوں بناتے ہیں؟
4.2	کیمیکل بانڈ

7- ڈوپلیٹ اور اوکٹیٹ رول کی تعریف کریں۔ [GUJ-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

جواب: **ڈوپلیٹ رول:** ویلنس شیل میں دو الیکٹرون حاصل کرنے کو ڈوپلیٹ رول کہتے ہیں۔

اوکٹیٹ رول: ویلنس شیل میں آٹھ الیکٹرون حاصل کرنے کو اوکٹیٹ رول کہتے ہیں۔

8- کیمیکل بانڈ کی تعریف کریں اور کیمیکل بانڈز کی مختلف اقسام کے نام لکھیں۔ [SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]

جواب: کیمیکل بانڈ ایٹمز کے درمیان عمل کرنے والی ایسی فورس ہے جو انھیں ایک مالیکیول میں جوڑے رکھتی ہے۔

کیمیکل بانڈز کی اقسام: i- آئیونک بانڈ ii- کوویلنٹ بانڈ iii- ڈیٹو کوویلنٹ یا کوآرڈینیٹ بانڈ iv- میٹلک بانڈ

4.3	کیمیکل بانڈز کی اقسام

9- بانڈنگ اور نان بانڈنگ الیکٹرونز میں فرق کریں۔ [RWP-II,DGK-I,GUJ-II,BWP-II]

جواب:

بانڈنگ الیکٹرونز	نان بانڈنگ الیکٹرونز
کیمیکل بانڈنگ میں حصہ لینے والے ویلنس الیکٹرونز کو بانڈنگ الیکٹرونز کہتے ہیں۔	کیمیکل بانڈنگ میں حصہ نہ لینے والے ویلنس الیکٹرونز کو نان بانڈنگ الیکٹرونز کہتے ہیں۔

آئیونک بانڈ

10- آئیونک اور کوویلنٹ بانڈ میں فرق کریں۔ [RWP-I/II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

جواب:

آئیونک بانڈ	کوویلنٹ بانڈ
ایسا کیمیکل بانڈ جو ایک ایٹم سے دوسرے ایٹم میں الیکٹرون کی مکمل منتقلی کے نتیجے میں بنتا ہے آئیونک بانڈ کہلاتا ہے **مثال:** سوڈیم کلورائیڈ کا بننا $2Na_{(s)} + Cl_{2(g)} \longrightarrow 2NaCl_{(s)}$	ایسا کیمیکل بانڈ جو دو ایٹمز کے مابین الیکٹرونز کے باہمی اشتراک سے وجود میں آتا ہے کوویلنٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثال:** ہائیڈروجن کے مالیکیول کا بننا۔

downloaded from https://infohubforssissed.com/

Scanned with CamScanner

کوویلنٹ بانڈ

11۔ سنگل اور ڈبل کوویلنٹ بانڈ میں فرق کریں۔ [FSD-II,SGD-I,BWP-II]

جواب:

سنگل کوویلنٹ بانڈ	ڈبل کوویلنٹ بانڈ
جب کوویلنٹ بانڈ بنانے والا ہر ایٹم ایک ایک الیکٹرون فراہم کرتا ہے تو ایک بانڈ پیئر وجود میں آتا ہے اسے سنگل کوویلنٹ بانڈ کہتے ہیں۔	جب کوویلینٹ بانڈ بنانے والا ہر ایٹم دو دو الیکٹرون فراہم کرتا ہے تو دو بانڈ پیئر زوجود میں آتے ہیں اسے ڈبل کوویلنٹ بانڈ کہتے ہیں۔
مثال: ہائیڈروجن اور کلورین	مثال: آکسیجن گیس (O_2)
$H\bullet + \times H \longrightarrow H\bullet\times H$ or $H—H ; H_2$	$\ddot{O}: + \ddot{O} \longrightarrow \ddot{O}::\ddot{O}$ or $O=O ; O_2$

12۔ درج ذیل میں کوویلنٹ بانڈ کی قسم کی نشاندہی کریں۔ [FSD-II,DGK-II]

CH_4 , C_2H_4 , H_2 , N_2 and $C\ell_2$

جواب: کوویلنٹ بانڈ کی اقسام:

CH_4 سنگل کوویلنٹ بانڈ۔ — C_2H_4 ڈبل کوویلنٹ بانڈ۔

H_2 سنگل کوویلنٹ بانڈ۔ — N_2 ٹرپل کوویلنٹ بانڈ۔

$C\ell_2$ سنگل کوویلنٹ بانڈ۔

13۔ CH_4 میتھین میں کس قسم کا کوویلنٹ بانڈ بنتا ہے؟ [SGD-I,DGK-II,ALP,MTN-I]

جواب: میتھین CH_4 میں سنگل کوویلنٹ بانڈ بنتا ہے۔



14۔ لیوس سٹرکچر ڈایاگرام سے کیا مراد ہے؟ [SGD-I/II,FSD-I,BWP-II]

جواب: ایٹمز کے ویلنس شیل کی الیکٹرونک کنفگریشن اس ایلیمنٹ کی سمبل کے گرد چھوٹے چھوٹے ڈاٹ یا کراس کی صورت میں ظاہر کی جاتی ہے۔ ہر ایٹم کے ویلنس شیل کے الیکٹرون کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ کسی ایٹم کے ویلنس شیل کی الیکٹرونک کنفگریشن ظاہر کرنے کے لیے لیوس کا سٹینڈرڈ طریقہ ہے۔ اسے لیوس سٹرکچر ڈایاگرام کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر میتھین کا لیوس سٹرکچر۔

مثال:



ڈیٹو کوویلنٹ بانڈ یا کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ

15۔ کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ کی تعریف کریں۔ [SGD-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: ایسا کوویلنٹ بانڈ جس میں الیکٹرونز کا بانڈ پیئر صرف ایک ایٹم دیتا ہے۔ دوسرا ایٹم اس پیئر کو قبول کرتا ہے اسی طرح کی شیئرنگ کے نتیجے میں بننے والا بانڈ کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ کہلاتا ہے۔

16۔ ڈونر اور ایکسپٹر کی تعریف کریں۔ [MTN-II,DGK-I/II,FSD-I,BWP-II,SWL-II]

جواب: ڈونر: وہ ایٹم جو بانڈ پیئر فراہم کرتا ہے ڈونر کہلاتا ہے۔

ایکسپٹر وہ ایٹم جو بانڈ پیئر قبول کرتا ہے ایکسپٹر کہلاتا ہے۔

downloaded from https://infohubhrmsed.com/

Scanned with CamScanner

مثال: امونیا $\dot{N}H_3$ اور بورون ٹرائی فلورائیڈ BF_3 کے درمیان بننے والے بانڈ میں نائٹروجن امونیا $\dot{N}H_3$ میں موجود نائٹروجن (N) ڈونر کے طور پر عمل کرتی ہے کیونکہ یہ اپنا الیکٹرون پیئر دیتی ہے جبکہ BF_3 میں بورون (B) ایکسپٹر ہے کیونکہ یہ الیکٹرون قبول کرتی ہے۔

17۔ کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ کیسے بنتا ہے؟ مثال دیں۔ [LHR-II,GUJ-I/II,RWP-I,MTN-II,DGK-II]

جواب: جب ایک پروٹون (H^+) کسی ایسے مالیکیول کے نزدیک پہنچتا ہے جو الیکٹرونز کے لون پیئر کا حاصل ہو تو یہ لون پیئر (H^+) کو دے دیتا ہے اور ایک کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ وجود میں آتا ہے۔

مثال:



پولر اور نان پولر کوویلنٹ بانڈ

18۔ ہائیڈروجن میں کے مالیکیول میں نان پولر کوویلنٹ بانڈ کیوں بنتا ہے؟ [LHR-II,RWP-II,ALP,FSD-I,MTN-I/II,DGK-II]

جواب: وہ کوویلنٹ بانڈ جو دو ایک جیسے ایٹمز کے درمیان بنتا ہے نان پولر کوویلنٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ ہائیڈروجن کے مالیکیول میں دونوں ایٹمز کے درمیان بانڈ پیئر کی شیئرنگ برابر ہوتی ہے۔ اس وجہ سے ہائیڈروجن میں نان پولر کوویلنٹ بانڈ بنتا ہے۔

19۔ ایپوکسی کیا ہے؟ اس کا استعمال بھی لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,MTN-II]

جواب: ایپوکسی ایک ایسا پولی مر ہے جو مختلف کیمیکلز سے بنایا جاتا ہے۔ جنہیں ریزن اور ہارڈنر کہتے ہیں۔ اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے ایڈھیسوز ہوائی جہاز، گاڑیوں، سائیکلوں اور کشتیوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

20۔ ڈیلٹا کی علامت کی تعریف کریں۔ [LHR-I,GUJ-II,RWP-II]

جواب: ڈیلٹا کا مطلب ہے جزوی یا پارشل ڈیلٹا (δ) کی علامت پارشل پوزیٹو یا (δ^+) پارشل نیگیٹو (δ^-) چارج کی نشاندہی کرتی ہے۔

downloaded from https://infohubhrmscience.com

میٹلک بانڈ

21۔ میٹلک بانڈنگ سے کیا مراد ہے؟ [LHR-I,DGK-I,ALP,SWL-II,MTN-II,SGD-I/II]

جواب: ایسا بانڈ جو میٹلک ایٹمز کے درمیان موبائل الیکٹرونز کی وجہ سے تشکیل پاتا ہے۔ میٹلک بانڈ کہلاتا ہے۔

22۔ میٹلز میں کس قسم کے الیکٹرون ایٹمز کو یکجا رکھتے ہیں؟ [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

جواب: میٹلز میں فری الیکٹرونز ایٹمز کو یکجا رکھتے ہیں۔

23۔ میٹلز میں الیکٹرون آزادانہ حرکت کیوں کرتے ہیں؟ [GUJ-II,RWP-II,DEK-I,BWP-II]

جواب: اس کی وجہ یہ ہے کہ نیوکلیئس کی بیرونی الیکٹرونز پر گرفت کمزور ہوتی ہے جس کی وجہ سے ویلنس شیل کے الیکٹرونز آزادانہ حرکت کرتے ہیں۔

4.4 انٹر مالیکیولر فورسز

24۔ انٹر مالیکیولر فورسز کی تعریف کریں اور HCl کے مالیکیول میں ان فورسز کی نشاندہی کریں۔ [GUJ-II,RWP-II]

جواب: بانڈ بنانے والی طاقتور فورسز کے ساتھ ساتھ مالیکیولز کے درمیان نسبتاً کمزور فورسز بھی پائی جاتی ہیں جو انٹر مالیکیولر فورسز کہلاتی ہیں۔



Scanned with CamScanner

ڈائی پول۔ڈائی پول انٹرایکشن

25۔ ڈائی پول-ڈائی پول انٹرایکشن کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [LHR-II,DGK-I,ALP,BWP-I/II,SWL-II]

جواب: پولر مالیکیولز کے پازیٹو اور نیگیٹو سروں کے درمیان اٹریکشن کی کمزور قوت ڈائی پول ڈائی پول انٹرایکشن کہلاتی ہے۔

مثال: $\overset{\delta^+}{H}—\overset{\delta^-}{Cl}$ ……… $\overset{\delta^+}{H}—\overset{\delta^-}{Cl}$ ……… $\overset{\delta^+}{H}—\overset{\delta^-}{Cl}$

26۔ انڈیوس ڈائی پول سے کیا مراد ہے؟ [GUJ-I/II,FSD-II,SGD-II]

جواب: جب ایک مالیکیول کے مختلف حصوں میں پارشل پوزیٹو δ^+ اور پارشل نیگیٹو δ^- چارج پیدا ہو جاتا ہے۔تو اس سے گردونواح کے مالیکیول اپنی پوزیشن میں اس طرح سے تبدیلی پیدا کر لیتے ہیں کہ ان کا نیگیٹو چارج والا حصہ دوسرے مالیکیول کے پوزیٹو چارج والے حصے کے قریب ہو جائے۔اِسے انڈیوسڈ ڈائی پول کہا جاتا ہے۔

$(\overset{\delta^+}{H} - \overset{\delta^-}{Cl})$ ……… $(\overset{\delta^+}{H} - \overset{\delta^-}{Cl})$ ……… $(\overset{\delta^+}{H} - \overset{\delta^-}{Cl})$

27۔ ایک مالیکیول میں ڈائی پول کیوں بنتا ہے؟ [GUJ-II,RWP-II,ALP,MTN-I,DGK-II]

جواب: دو مختلف قسم کے ایٹمز کے درمیان الیکٹرونز کے غیر مساوی اشتراک کے سبب مالیکیول کا ایک سرا پارشل پوزیٹو δ^+ اور دوسرا پارشل نیگیٹو δ^- ہوتا ہے۔اس طرح ایک مالیکیول میں ڈائی پول بن جاتا ہے۔

مثال: $H^{\delta+}$ ___ $C\ell^{\delta-}$

28۔ $HC\ell$ کے مالیکیول میں کس قسم کی کشش کی طاقت پائی جاتی ہے؟ [LHR-II,DGK-I,BWP-I/II,SWL-I]

جواب: $HC\ell$ کے مالیکیول کے درمیان ڈائی پول ڈائی پول کشش کی طاقت پائی جاتی ہے۔

ہائیڈروجن بانڈنگ

29۔ ہائیڈروجن بانڈنگ کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [GUJ,RWP,ALP,FSD-II]

جواب: کشش کی وہ قوت جو ہائیڈروجن اور دوسرے زیادہ الیکٹرونیگیٹیوٹی والے ایٹمز کے درمیان وجود میں آتی ہے ہائیڈروجن بانڈنگ کہلاتی ہے۔

مثال:



30۔ پانی کا بوائلنگ پوائنٹ الکوحل سے زیادہ کیوں ہے؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-I,MTN-I/II]

جواب: پانی کا بوائلنگ 100°C الکوحل کے بوائلنگ پوائنٹ 78°C سے زیادہ اس لیے ہے کیونکہ پانی میں الکوحل کی نسبت ہائیڈروجن بانڈنگ طاقتور ہے۔

4.5 بانڈنگ کی نوعیت اور خصوصیات

آئیونک کمپاؤنڈز

31۔ آئیونک کمپاؤنڈز کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس زیادہ کیوں ہوتے ہیں؟ [GUJ-I/II,FSD-I/II,DGK-I]

جواب: آئیونک کمپاؤنڈز میں الیکٹروسٹیٹک فورسز (کشش کی قوتیں) مضبوط ہوتی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ اِن کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس زیادہ ہوتے ہیں۔

32۔ آئیونک کمپاؤنڈز آسانی سے پانی میں کیوں حل ہو جاتے ہیں؟ [LHR-II,GUJ-II,ALP,FSD-II]

جواب: آئیونک کمپاؤنڈ پولر نوعیت کے ہوتے ہیں اور پانی بھی ایک پولر مالیکیول ہے لہٰذا ایک جیسے سولیوٹ ایک جیسے سولوینٹ میں حل ہوتے

downloaded from https://

Scanned with CamScanner

ہیں۔اس لیے آئیونک کمپاؤنڈز پانی میں حل ہو جاتے ہیں۔

کوویلنٹ کمپاؤنڈ

33- پولر اور نان پولر کوویلنٹ کمپاؤنڈز میں فرق کریں۔ [MTN-II,FSD-I,SGD-I]

جواب:

پولر کوویلنٹ کمپاؤنڈز	نان پولر کوویلنٹ کمپاؤنڈز
ایسے کمپاؤنڈ جو پولر مالیکیولز سے مل کر بنتے ہیں پولر کمپاؤنڈ کہلاتے ہیں۔	ایسے کمپاؤنڈ جو نان پولر مالیکیولز سے مل کر بنتے ہیں نان پولر کمپاؤنڈ کہلاتے ہیں۔
مثال: NH_3, $HC\ell$, H_2O	مثال: $CC\ell_4$, CH_4, CO_2

34- کوویلنٹ کمپاؤنڈز کے نام اور کیمیائی فارمولا لکھیں۔ [SGD-I/II,MTN-II,BWP-I]

جواب: (i) پانی H_2O (ii) ہائیڈروکلورک ایسڈ $(HC\ell)$

کوآرڈینیٹ کوویلنٹ کمپاؤنڈز

35- کوآرڈینیٹ کوویلنٹ کمپاؤنڈز کی خصوصیات لکھیں۔ [MTN-II,DGK-I,SWL-II,BWP-II]

جواب: i- کوویلنٹ نوعیت رکھنے کی وجہ سے یہ آرگینک سولوینٹ میں حل پذیر ہوتے۔

iii- یہ پانی میں معمولی حل پذیر ہوتے ہیں یہ پانی میں آئنز نہیں بناتے۔

ii- یہ بہت رجڈ کمپاؤنڈز ہوتے ہیں اور ڈائی پول رکھتے ہیں۔

downloaded from https://infohubhrmssisaad.com/

میٹلز

36- میٹلز کی خصوصیات لکھیے۔ [BWP-I/II,ALP,DGK-I,SWL-II]

جواب: i- ان میں میٹلک چمک پائی جاتی ہے۔

ii- یہ عموماً میلیبل اور ڈکٹائل ہوتی ہیں۔

iii- ان کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس عموماً بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

37- میلیبیلٹی اور ڈکٹائیلیٹی سے کیا مراد ہے؟

جواب: **میلیبیلٹی:** میٹلز کی وہ خصوصیت جس کی بنا پر انھیں کوٹ کر ورق یا شیٹ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے میلیبیلٹی کہلاتا ہے۔

ڈکٹائیلیٹی: میٹلز کی وہ خصوصیت جس کی بنا پر انھیں کھینچ کر تاروں کی شکل دی جا سکتی ہے۔ڈکٹائیلیٹی کہلاتا ہے۔

مشقی سوالات کا حل

1. ایٹم ایک دوسرے کے ساتھ ری ایکٹ کرتے ہیں کیونکہ:

(A) یہ ایک دوسرے کو اٹریکٹ کرتے ہیں (B) ان میں الیکٹرونز کی کمی ہوتی ہے

(C) وہ مستحکم ہونا چاہتے ہیں (D) وہ بکھرنا چاہتے ہیں

2. ویلنس شیل میں 6 الیکٹرون رکھنے والا ایٹم نوبل گیس الیکٹرونک کنفگریشن حاصل کرے گا:

(A) ایک الیکٹرون حاصل کر کے (B) تمام الیکٹرون خارج کر کے

(C) دو الیکٹرون حاصل کر کے (D) دو الیکٹرون خارج کر کے

3. ایٹمز کی الیکٹرونک کنفگریشن کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل میں دیے گئے اٹامک نمبرز والے ایٹمز میں سے کون سا ایٹم سب سے زیادہ مستحکم ہوگا؟

(A) 6 (B) 8 (C) 10 (D) 12

Scanned with CamScanner

4. اوکٹیٹ رول ہے:
(A) آٹھ الیکٹرونز کی وضاحت (B) الیکٹرونک کنفگریشن کی شکل
(C) الیکٹرونک کنفگریشن کا انداز (D) آٹھ الیکٹرونز کا حصول

5. ایٹمز کے درمیان الیکٹرونز کی منتقلی کا نتیجہ نکلتا ہے:
(A) میٹلک بانڈنگ کی صورت میں (B) آئیونک بانڈنگ کی شکل میں
(C) کوویلنٹ بانڈنگ کے طور پر (D) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈنگ کی صورت میں

6. جب ایک الیکٹرونیگیٹو ایلیمنٹ کسی الیکٹروپوزیٹو ایلیمنٹ کے ساتھ ملتا ہے تو ان کے درمیان بانڈنگ کی قسم ہوتی ہے؟
(A) کوویلنٹ (B) آئیونک (C) پولر کوویلنٹ (D) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ

7. دو نان میٹلز کے درمیان بننے والا بانڈ ممکنہ طور پر ہوگا:
(A) کوویلنٹ (B) آئیونک (C) پولر کوویلنٹ (D) میٹلک

8. کوویلنٹ مالیکیولز میں موجود بانڈ پیئر عموماً رکھتا ہے:
(A) ایک الیکٹرون (B) دو الیکٹرونز (C) تین الیکٹرونز (D) چار الیکٹرونز

9. درج ذیل میں سے کون کمپاؤنڈ بانڈنگ کے لحاظ سے غیر سمتی ہے؟
(A) CH_4 (B) KBr (C) CO_2 (D) H_2O

10. برف پانی کے اوپر کیوں تیرتی ہے؟
(A) برف پانی سے کثیف ہے (B) برف کی ساخت کرسٹلائن ہوتی ہے
(C) پانی برف سے کثیف ہے (D) پانی کے مالیکیول بے ترتیبی سے حرکت کرتے ہیں

11. کوویلنٹ بانڈ نتیجہ ہے:
(A) الیکٹرونز کے عطیہ کا (B) الیکٹرونز کی ایکسپٹنس کا (C) الیکٹرونز کے شیئرنگ کا (D) الیکٹرونز میں ریپلسو فورس کا

12. C_2H_2 کا مالیکیول کتنے بانڈز پر مشتمل ہوتا ہے؟
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

13. ٹرپل کوویلنٹ بانڈ میں کتنے الیکٹرون حصہ لیتے ہیں؟
(A) آٹھ (B) چھ (C) چار (D) صرف تین

14. درج ذیل میں مالیکیولز کا کون سا جوڑا ایک جیسے کوویلنٹ بانڈ پر مشتمل ہے؟
(A) HCl اور O_2 (B) N_2 اور O_2 (C) C_2H_4 اور O_2 (D) C_2H_2 اور O_2

15. درج ذیل میں سے کون سا کمپاؤنڈ پانی میں حل پذیر نہیں ہے؟
(A) C_6H_6 (B) NaCl (C) KBr (D) $MgCl_2$

16. درج ذیل میں سے کس مالیکیول میں الیکٹرونز کی کمی پائی جاتی ہے؟
(A) NH_3 (B) BF_3 (C) N_2 (D) O_2

17. درج ذیل میں کون سا پیئر پولر کوویلنٹ بانڈ رکھتا ہے؟
(A) Cl_2 اور O_2 (B) N_2 اور H_2O (C) C_2H_2 اور H_2O (D) HCl اور H_2O

18. درج ذیل میں سے ایٹمز کے درمیان پائی جانی والی کمزور ترین فورس کون سی ہے؟
(A) آئیونک فورس (B) میٹلک فورس (C) انٹر مالیکیولر فورس (D) کوویلنٹ فورس

downloaded from https://infohubhrmissed.com/

Scanned with CamScanner

جوابات

B	5	D	4	C	3	C	2	C	1
C	10	B	9	B	8	A	7	B	6
A	15	C	14	B	13	B	12	C	11
				C	18	D	17	B	16

مختصر سوالات

.1 ایٹمز آپس میں کیوں ری ایکٹ کرتے ہیں؟

جواب: یہ ایک یونیورسل اصول ہے کہ ہر چیز زیادہ سے زیادہ استحکام حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ تمام ایٹمز استحکام حاصل کرنے کے لیے نوبل گیسز جیسی الیکٹرونک کنفگریشن حاصل کرتے ہیں۔ اس لیے ایٹمز آپس میں ری ایکشن کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے بانڈ بناتے ہیں۔

.2 ایک الیکٹرونیگیٹو اور ایک الیکٹروپوزیٹو ایٹم کے درمیان بننے والا بانڈ آئیونک کیوں ہوتا ہے؟

جواب: ایک الیکٹرونیگیٹو ایٹم الیکٹرون حاصل کر کے نیگیٹو آئن بناتا ہے۔ ایک الیکٹروپوزیٹو ایٹم الیکٹرون خارج کر کے پوزیٹو آئن بناتا ہے پھر پوزیٹو اور نیگیٹو آئنز الیکٹروسٹیٹک فورس کے ذریعے ملکر آئیونک بانڈ بناتے ہیں۔ مثلاً $NaCl$۔

.3 آئیونک کمپاؤنڈز ٹھوس ہوتے ہیں۔ وضاحت کریں۔

جواب: آئیونک کمپاؤنڈز پوزیٹو اور نیگیٹو چارج، والے آئنز سے مل کر بنے ہوتے ہیں۔ ان میں پوزیٹو اور نیگیٹو آئنز طاقتور الیکٹروسٹیٹک فورس سے جڑے ہوتے ہیں۔ ایک طاقتور فورس کی وجہ سے آئنز اپنی پوزیشن پر قائم رہتے ہیں۔ اس لیے آئیونک کمپاؤنڈز ٹھوس ہوتے ہیں۔ مثلاً سوڈیم کلورائڈ $NaCl$ ایک ٹھوس کمپاؤنڈ ہے جس کا میلٹنگ پوائنٹ $800°C$ ہے۔

.4 زیادہ الیکٹرونیگیٹو ایلیمنٹس آپس میں بانڈ بنا سکتے ہیں۔ وضاحت کریں۔

جواب: زیادہ الیکٹرونیگیٹو ایلیمنٹس آپس میں الیکٹرونز کے اشتراک سے کوویلنٹ بانڈ بنا سکتے ہیں۔ مثلاً F_2 ، Cl_2 اور O_2 وغیرہ۔

$$\ddot{O}: + :\ddot{O} \longrightarrow \ddot{O}::\ddot{O} \quad \text{or} \quad O{=}O \ \text{or} \ O_2$$

$$:\ddot{Cl}\cdot + \cdot\ddot{Cl}: \longrightarrow :\ddot{Cl}\cdot\cdot\ddot{Cl}: \quad \text{or} \quad Cl\text{-}Cl \ \text{or} \ Cl_2$$

.5 میٹلز الیکٹریسٹی کی اچھی کنڈکٹر ہوتی ہیں۔ کیوں؟

جواب: میٹلز میں موبائل یا آزاد الیکٹرونز ہوتے ہیں۔ یہ موبائل الیکٹرونز آزادانہ حرکت کرتے رہتے ہیں۔ اس وجہ سے میٹلز الیکٹریسٹی کی اچھی کنڈکٹر ہوتی ہیں۔

.6 آئیونک کمپاؤنڈز سلوشن یا پگھلی ہوئی شکل میں الیکٹریسٹی کے کنڈکٹر ہوتے ہیں۔ کیوں؟

جواب: آئیونک کمپاؤنڈ پوزیٹو اور نیگیٹو آئنز سے مل کر بنتا ہے۔ جب ان کا سلوشن بناتے ہیں یا گرم کر کے پگھلاتے ہیں تو ان کے آئنز آزادانہ حرکت شروع کر دیتے ہیں۔ اس لیے آئیونک کمپاؤنڈز سلوشن یا پگھلی ہوئی شکل میں الیکٹریسٹی کے کنڈکٹر ہوتے ہیں۔

.7 نائٹروجن کے مالیکیول میں کس قسم کا کوویلنٹ بانڈ بنتا ہے؟

جواب: نائٹروجن کے مالیکیول میں ٹرپل کوویلنٹ بانڈ ہوتا ہے۔ مثلاً $N \equiv N$

.8 الیکٹرونز کے لون پیئر اور بانڈ پیئر میں فرق بیان کریں۔

جواب: **لون پیئر:** کسی ایٹم کے ویلنس شیل میں موجود نان بانڈڈ الیکٹرون پیئر کو لون پیئر کہتے ہیں مثلاً $\ddot{N}H_3$ اور $H_2\ddot{O}:$ وغیرہ۔

بانڈ پیئر: ایسے الیکٹرونز جو کیمیکل بانڈ بنانے کے لیے باہم جوڑے بناتے ہیں بانڈ پیئر الیکٹرونز کہلاتے ہیں۔

$$H\bullet + \bullet H \longrightarrow H\bullet\bullet H \quad \text{or} \quad H-H$$

.9 کوویلنٹ بانڈ بننے کے لیے درکار کم از کم دو ضروری شرائط بیان کریں۔

جواب: دو ایٹمز کے درمیان کوویلنٹ بانڈ بننے کے لیے درج ذیل شرائط ضروری ہیں۔

downloaded from https://infohubpmssissed.com/

Scanned with CamScanner

(i) آئیونائزیشن انرجی کا زیادہ ہونا (ii) الیکٹرون افینٹی کا قریب ہونا (iii) الیکٹرونیگیٹیویٹی کا قریب ہونا

10. HCl کے اندر ڈائی پول ڈائی پول فورسز کیوں پائی جاتی ہیں؟

جواب: HCl ایک پولر مالیکیول ہے۔ اس میں کلورین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہائیڈروجن سے زیادہ ہے۔ اس لیے کلورین ایٹم الیکٹرانز کے اشتراکی جوڑے کو زیادہ اٹریکٹ کرتا ہے۔ پس کلورین پر پارشل نیگیٹو δ^- چارج اور ہائیڈروجن پر پارشل پوزیٹو δ^+ چارج پیدا ہوجاتا ہے۔ پھر ایک مالیکیول کے نیگیٹو چارج والا حصے اور دوسرے مالیکیول کے پوزیٹو چارج والے حصے کے درمیان فورس آف اٹریکشن پیدا ہوجاتی ہے۔ اسے ڈائی پول ڈائی پول فورسز کہتے ہیں۔

$$\overset{\delta+}{H}-\overset{\delta-}{H}.....\overset{\delta+}{H}-\overset{\delta-}{Cl}........\overset{\delta+}{H}-\overset{\delta-}{Cl}$$

11. ٹرپل کوویلنٹ بانڈ کیا ہوتا ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔

جواب: **ٹرپل کوویلنٹ بانڈ (Triple Covalent Bond):** وہ کوویلنٹ بانڈ جس پر ہر ایٹم تین تین الیکٹرونز فراہم کرے اور تین بانڈ پیئرز کا اشتراک ہوا سے ٹرپل کوویلنٹ بانڈ کہتے ہیں۔ اسے تین چھوٹی لائنوں (≡) سے ظاہر کرتے ہیں۔ مثلاً نائٹروجن، $N \equiv N$ اور ایتھائن، $HC \equiv CH$ وغیرہ۔

12. پولر اور نان پولر کوویلنٹ بانڈ کے درمیان کیا فرق ہے؟ دونوں کی وضاحت کے لیے ایک ایک مثال دیں۔

جواب: **نان پولر کوویلنٹ بانڈ:** وہ کوویلنٹ بانڈ جو ایک جیسے ایٹمز کے درمیان بنتا ہے اسے نان پولر کوویلنٹ بانڈ کہتے ہیں۔ مثلاً $H-H$ ، $Cl-Cl$ وغیرہ۔ نان پولر کوویلنٹ بانڈ کو خالص کوویلنٹ بانڈ بھی کہتے ہیں۔ نان پولر بانڈ میں دونوں ایٹمز الیکٹرونز کے بانڈ ڈ پیئر کو برابر برابر اٹریکٹ کرتے ہیں۔

پولر کوویلنٹ بانڈ: وہ کوویلنٹ بانڈ جو مختلف ایٹمز کے درمیان بنتا ہے اسے پولر کوویلنٹ بانڈ کہتے ہیں۔

مثلاً $\overset{\delta+}{H}-\overset{\delta-}{Cl}$ ، $\overset{\delta+}{H}-\overset{\delta-}{F}$ اور $\overset{\delta+}{H}-O(-H)$ وغیرہ۔ پولر بانڈ میں دونوں ایٹمز الیکٹرونز کے بانڈ ڈ پیئر کو غیر مساوی طور پر اٹریکٹ کرتے ہیں۔ پس کلورین پر پارشل نیگیٹو چارج اور ہائیڈروجن پر پارشل پوزیٹو چارج پیدا ہوتا ہے اسے پولیریٹی کہتے ہیں۔

13. ایک کوویلنٹ بانڈ پولر کیوں بن جاتا ہے؟

جواب: وہ کوویلنٹ بانڈ جو مختلف قسم کے ایٹمز کے درمیان بنتا ہے جن کی الیکٹرونیگیٹیویٹی میں فرق ہوا سے پولر کوویلنٹ بانڈ کہتے ہیں۔ پولر بانڈ میں دونوں ایٹمز الیکٹرونز کے بانڈ پیئر کو غیر مساوی طور پر اٹریکٹ کرتے ہیں۔ مثلاً $\overset{\delta+}{H}-\overset{\delta-}{Cl}$ میں کلورین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہائیڈروجن سے زیادہ ہے اس لیے کلورین بانڈ پیئر کو زیادہ فورس سے اٹریکٹ کرتا ہے پس کلورین پر پارشل نیگیٹو چارج اور ہائیڈروجن پر پارشل پوزیٹو چارج پیدا ہوتا ہے اسے پولیریٹی کہتے ہیں۔

Downloaded from https://infobuhrmsited.com/

14. الیکٹرونیگیٹیویٹی اور پولیریٹی میں کیا فرق ہے؟

جواب: **الیکٹرونیگیٹیویٹی:** کسی ایٹم کا مالیکیول میں موجود اشتراک شدہ الیکٹرون پیئر (Bonded Electron Pair) کو اپنی طرف کھینچنے کی صلاحیت کو الیکٹرونیگیٹیویٹی کہتے ہیں، کسی ایٹم کا مالیکیول میں موجود اشتراک شدہ الیکٹرون پیئر کو اپنی طرف کھینچنے کی قوت کو الیکٹرونیگیٹیویٹی کہتے ہیں۔

پولیریٹی: کم اور زیادہ الیکٹرونیگیٹیویٹی والے ایٹمز آپس میں بانڈ بنائیں تو ان پر پارشل پوزیٹو اور پارشل نیگیٹو چارج پیدا ہوتا ہے۔ اس طرح مالیکیول پر دو پولز بنا جاتے ہیں اسے پولیریٹی کہتے ہیں۔

15. برف پانی پر کیوں تیرتی ہے؟

جواب: ہائیڈروجن بانڈنگ کی وجہ سے برف پانی پر تیرتی ہے۔ برف کی ڈینسٹی پانی کی نسبت کم ہے اس لیے برف پانی پر تیرتی ہے۔

16. آئیونک کمپاؤنڈز کی مخصوص خصوصیات بیان کریں۔

جواب: **آئیونک کمپاؤنڈز (Ionic Compounds):** وہ کمپاؤنڈز جو پوزیٹو اور نیگیٹو چارج والے آئنز سے مل کر بنتے ہیں انہیں آئیونک کمپاؤنڈز کہتے ہیں۔ مثلاً NaCl، KCl وغیرہ۔ ان میں پوزیٹو اور نیگیٹو چارج والے آئنز طاقتور الیکٹروسٹیٹک فورس کے ذریعے جڑے ہوتے ہیں۔

آئیونک کمپاؤنڈز کی خصوصیات: (i) آئیونک کمپاؤنڈز عام طور پر کرسٹلائن (Crystalline) ٹھوس ہوتے ہیں۔

(ii) آئیونک کمپاؤنڈز پوزیٹو اور نیگیٹو آئنز پر مشتمل ہوتے ہیں۔

(iii) آئیونک کمپاؤنڈز سلوشن کی شکل میں یا پگھلی ہوئی حالت میں الیکٹریسٹی کے اچھے کنڈکٹر ہوتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

(iv) آئیونک کمپاؤنڈز کے میلٹنگ پوائنٹ اور بوائلنگ پوائنٹ زیادہ ہوتے ہیں، مثلاً NaCl کا میلٹنگ پوائنٹ 800°C اور بوائلنگ پوائنٹ 1413°C ہے۔



شکل: NaCl کی کرسٹل سٹرکچر میں Na^+ اور Cl^- آئنوں کی عمومی ترتیب

17. **کوویلنٹ کمپاؤنڈز میں کون سی مخصوص خصوصیات پائی جاتی ہیں؟**

جواب: **کوویلنٹ کمپاؤنڈز:** وہ کمپاؤنڈز جن میں ایٹمز الیکٹرونز کے اشتراک سے جڑے ہوتے ہیں انہیں کوویلنٹ کمپاؤنڈز کہتے ہیں۔ مثلاً H_2O ، CO_2 ، CH_4 ، H_2SO_4 اور $C_6H_{12}O_6$ (گلوکوز) وغیرہ۔

کوویلنٹ کمپاؤنڈز عام طور پر مالیکیولز پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یہ دو یا دو سے زیادہ نان میٹلک ایلیمنٹس سے مل کر بنتے ہیں۔

کوویلنٹ کمپاؤنڈز کی خصوصیات: (i) کوویلنٹ کمپاؤنڈز کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس کم ہوتے ہیں۔

(ii) عام طور پر کوویلنٹ کمپاؤنڈز پانی میں حل نہیں ہوتے لیکن نان ایکوئس سولوینٹ میں حل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً بینزین، ایتھر، الکوحل اور ایسیٹون وغیرہ۔

(iii) کم مالیکیولر ماس والے کوویلنٹ کمپاؤنڈز گیس یا مائع کی شکل میں ہوتے ہیں۔

(iv) زیادہ مالیکیولر ماس والے کوویلنٹ کمپاؤنڈ ٹھوس شکل میں ہوتے ہیں۔

(v) کوویلنٹ کمپاؤنڈز عام طور پر الیکٹریسٹی کے ناقص کنڈکٹر ہوتے ہیں۔

(vi) سہ رخی ڈھانچے والے بڑے مالیکیولز کوویلنٹ کرسٹلز بناتے ہیں۔ یہ بڑے سخت اور مضبوط ہوتے ہیں۔ ان کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ مثلاً ہیرا (Diamond) اور سلیکان کاربائڈ (SiC)۔

downloaded from https://infohubbymssisiedc.com/

انشائیہ سوالات

☆ **آئیونک بانڈ کیا ہے؟ سوڈیم اور کلورین کے درمیان آئیونک بانڈ بننے کے عمل کی وضاحت کریں۔**

جواب: **آئیونک بانڈ (Ionic bond):** وہ بانڈ جو ایک ایٹم سے دوسرے ایٹم میں الیکٹرون کے مکمل ٹرانسفر (منتقلی) سے بنتا ہے اسے آئیونک بانڈ کہتے ہیں مثلاً NaCl اور KCl میں آئیونک بانڈ ہوتا ہے۔

وضاحت: (i) گروپ 1 اور گروپ 2 کے ایلیمنٹس گروپ 15 تا گروپ 17 کے ایلیمنٹس سے ملتے ہیں تو آئیونک بانڈ بنتا ہے۔

(ii) عام طور پر میٹلز اور نان میٹلز کے درمیان آئیونک بانڈ بنتا ہے۔

(iii) الیکٹروپوزیٹو ایلیمنٹس میں الیکٹرون دینے کی صلاحیت ہوتی ہے اس لیے وہ پوزیٹو آئن بناتے ہیں۔ الیکٹرونیگیٹو ایلیمنٹس میں الیکٹرون حاصل کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے اس لیے وہ نیگیٹو آئن بناتے ہیں۔

(iv) پوزیٹو اور نیگیٹو آئنز الیکٹروسٹیٹک فورس کے ذریعے آپس میں مل کر آئیونک بانڈ بناتے ہیں۔

(v) آئیونک بانڈ غیر سمتی ہوتے ہیں۔

(vi) اگر دو ایلیمنٹس کی الیکٹرونیگیٹیوٹی کا فرق 1.7 سے زیادہ ہو تو ان کے درمیان آئیونک بانڈ بنتا ہے۔

مثال: **سوڈیم کلورائڈ کا بننا:** سوڈیم اور کلورین کی الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔

$$_{11}Na = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^1 \quad or \quad Na^{\bullet}$$

$$_{17}Cl = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^5 \quad or \quad \ddot{C}l\cdot$$

سوڈیم کے ویلنس شیل میں ایک الیکٹرون ہے اور کلورین کے ویلنس شیل میں سات الیکٹرونز ہیں۔ سوڈیم ایک الیکٹروپوزیٹو ایلیمنٹ ہے اس لیے وہ ایک الیکٹرون خارج کر کے پوزیٹو آئن بناتا ہے کلورین ایک الیکٹرونیگیٹو ایلیمنٹ ہے وہ ایک الیکٹرون حاصل کر کے نیگیٹو آئن بناتا ہے۔

Scanned with CamScanner

$$Na \longrightarrow Na^{+} + 1e^{-}$$

$$\cdot\ddot{Cl}\cdot + 1e^{-} \longrightarrow \cdot\ddot{Cl}\cdot^{\times} \text{ یا } Cl^{-}$$

سوڈیم (Na^{+}) اور کلورائڈ (Cl^{-}) آئنز کے ویلنس شیلز میں آٹھ آٹھ الیکٹرونز ہیں۔

Na^{+} اور Cl^{-} آئنز آپس میں الیکٹروسٹیٹک فورس آف اٹریکشن کے ذریعے آئیونک بانڈ بنالیتے ہیں۔

$$Na^{+} + Cl^{-} \longrightarrow NaCl$$

☆ **میٹلک بانڈ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔**

جواب: میٹلک بانڈ (Metallic Bond): وہ بانڈ جو کسی میٹل میں موجود موبائل الیکٹرونز اور اس کے پوزیٹو چارج والے آئنز کے درمیان ہوتا ہے اسے میٹلک بانڈ کہتے ہیں۔ مثلاً تمام میٹلز میں میٹلک بانڈ ہوتا ہے۔

میٹلک بانڈ میٹلز کے مندرجہ ذیل خواص کو ثابت کرتا ہے۔

(i) میٹلز کا سخت اور وزنی ہونا۔ (ii) میٹلز کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس کا زیادہ ہونا۔

(iii) میٹلز کا بجلی اور حرارت کا کنڈکٹر ہونا۔

میٹلک بانڈ کو الیکٹرون پول (Electron Pool) کے نظریے سے واضح کیا جاتا ہے۔

(1) میٹلز میں اٹامک سائز بڑا، آئیونائزیشن انرجی کم اور شیلز کی تعداد زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیے نیوکلیس اور بیرونی الیکٹرونز کے درمیان اٹریکشن بہت کمزور ہوتی ہے۔

(2) تمام میٹل ایٹمز سے بیرونی الیکٹرونز خارج ہو کر آزادانہ حرکت کرتے رہتے ہیں۔ انہیں موبائل الیکٹرونز کہتے ہیں۔

(3) میٹل میں موبائل یا آزاد الیکٹرونز کسی بھی خاص ایٹم کے ساتھ جڑے ہوئے نہیں ہوتے بلکہ ایک کامن پول (Common Pool) بناتے ہیں اور تمام ایٹمز سے مشترکہ طور پر جڑے رہتے ہیں۔

(4) میٹل کے پوزیٹو چارج والے آئنز موبائل الیکٹرونز کے سمندر میں ڈوبے ہوتے ہیں۔

(5) موبائل الیکٹرونز اور پوزیٹو چارج والے آئنز کے درمیان اٹریکشن کی وجہ سے میٹل ایٹمز آپس میں جڑے رہتے ہیں اسے میٹلک بانڈ کہتے ہیں۔

downloaded from https://infohubforms.com/

☆ **کیمیکل بانڈز کیا ہے؟ ایٹم کیوں کیمیکلز بانڈ بناتا ہے؟**

جواب: کیمیکل بانڈ: وہ فورس جو ایٹمز کو ایک دوسرے سے جوڑے رکھتی ہے اسے کیمیکل فورس یا کیمیکل بانڈ کہتے ہیں مثلاً NaCl میں آئیونک بانڈ ہوتا ہے اور H_2 گیس میں کوویلنٹ بانڈ ہوتا ہے۔ ایٹمز درج ذیل وجوہات کی بنا پر کیمیکل بانڈ بناتے ہیں۔

(i) حصول استحکام (ii) ڈوپلیٹ (duplet) اور اوکٹیٹ (octet) رول کی پابندی

(ii) نوبل گیسز جیسی الیکٹرونک کنفگریشن (iv) الیکٹرونز لینا، دینا یا شیئر کرنا

(i) **حصول استحکام:** یہ ایک یونیورسل اصول ہے کہ ہر چیز زیادہ سے زیادہ استحکام حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ تمام ایٹمز استحکام حاصل کرنے کے لیے نوبل گیسز جیسی الیکٹرونک کنفگریشن حاصل کرتے ہیں۔ اس لیے ایٹمز آپس میں ری ایکشن کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے بانڈ بناتے ہیں۔

(ii) **ڈوپلیٹ اور اوکٹیٹ رول کی پابندی:** وہ ایٹمز جن کے ویلنس شیل میں 2 یا 8 سے کم الیکٹرونز ہوں وہ غیر قیام پذیر ہوتے ہیں۔ اس لیے وہ ایک دوسرے سے بانڈز بنا کر استحکام حاصل کرتے ہیں۔

(a) **ڈوپلیٹ رول (Duplet rule):** ویلنس شیل میں دو الیکٹرونز حاصل کرنے کو ڈوپلیٹ رول کہتے ہیں۔

(b) **اوکٹیٹ رول (Octet rule):** ویلنس شیل میں آٹھ الیکٹرونز حاصل کرنے کو اوکٹیٹ رول کہتے ہیں۔ ایٹمز ایک دوسرے سے بانڈ بنا کر ان رولز کی پابندی کرتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

باب	5	مادے کی طبعی حالتیں	معروضی ومختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1- گیس مالیکیولز کا ایک باریک سوراخ میں سے کم پریشر والی جگہ کی طرف جانا کہلاتا ہے۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]
(A) ایفیوژن (B) ڈیفیوژن (C) سولوبیلیٹی (D) ایویپوریشن

2- ایٹموسفیرک پریشر کو ماپنے والا آلہ ہے: [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]
(A) تھرمامیٹر (B) گیلوانومیٹر (C) ایم میٹر (D) بیرومیٹر

3- رابرٹ بوائل ______ کے لیے مشہور ہے: [LHR-II,ALP,GUJ-II,RWP-II,FSD-I,SWL-II,MTN-I]
(A) بوائل کے گیس کا قانون (B) چارلیس کے گیس کا قانون
(C) گیس کی ڈینسٹی (D) گیس کی موبیلٹی

4- جے چارلس نے گیس کے متعلق اپنا قانون پیش کیا؟ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]
(A) 1787 (B) 1786 (C) 1785 (D) 1784

5- انسان کا نارمل باڈی ٹمپریچر ہوتا ہے؟ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]
(A) 37°C (B) 38°C (C) 39°C (D) 40°C

6- ایویپوریشن کا عمل جاری رہتا ہے ______ پر [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]
(A) کم ٹمپریچر (B) زیادہ ٹمپریچر (C) درمیانی ٹمپریچر (D) تمام ٹمپریچر

7- ایسٹک ایسڈ کا بوائلنگ پوائنٹ ہے؟ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]
(A) 118°C (B) 126°C (C) 100°C (D) 130°C

8- گولڈ کی ڈینسٹی ہے؟ [RWP-II,MTN-II,ALP,RWP-I]
(A) $2.7 g/cm^3$ (B) $7.86 g/cm^3$ (C) $19.3 g/cm^3$ (D) $4.88 g/cm^3$

2014 - 2019 (Objective Type)

5.1 گیسی حالت کی خاص خصوصیات

9- نارمل ایٹموسفیرک پریشر اور 0°C پر آکسیجن گیس کی ڈینسٹی ہوتی ہے: [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]
(A) $1.4 gdm^{-3}$ (B) $1.4 kgdm^{-3}$ (C) $1.5 gdm^{-3}$ (D) $1.5 kgdm^{-3}$

10- مادہ کی سادہ ترین حالت ہے۔ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]
(A) گیس (B) مائع (C) ٹھوس (D) B اور C دونوں

11- ٹائر کا پنکچر ہونا مثال ہے: [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]
(A) افیوژن (B) ڈیفیوژن (C) ایویپوریشن (D) کنڈنسیشن

12- لیبارٹری میں پریشر معلوم کرنے کے لیے استعمال ہونے والا آلہ ہے؟ [RWP-I,FSD-I,SGD-I,ALP,MTN-II]
(A) ہائیڈرومیٹر (B) تھرمامیٹر (C) مونومیٹر (D) بیرومیٹر

downloaded from https://infohubhrmississed.com/

Scanned with CamScanner

13- پاسکل کس کا SI یونٹ ہوتا ہے: [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

(A) والیوم (B) ایریا (C) ڈینسٹی (D) پریشر

14- پریشر کا SI یونٹ ہوتا ہے۔ [MTN-II,FSD-I/II,DGK-II,ALP,RWP-I,SGD-I]

(A) $N^{-2}m$ (B) Nm^{-2} (C) $N^{-1}m^{-1}$ (D) Nm

15- سطح سمندر پر ایٹموسفیرک پریشر کی ویلیو ہے۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

(A) 750 mm Hg (B) 780 mm Hg

(C) 700 mm Hg (D) 760 mm Hg

16- ایک ایٹموسفیرک پریشر کتنے ٹارز کے برابر ہوتا ہے؟ [FSD-II,SWL-II,SGD-II,MTN-II]

(A) 101325 (B) 765 (C) 760 (D) 10325

5.2 گیسز کے متعلق قوانین

بوائل کا قانون

17- بوائل کے قانون میں کونسٹنٹ فیکٹر ہے؟ [LHR-II,MTN-I,DGK-I,FSD-II]

(A) والیم (B) پریشر (C) ٹمپریچر (D) مول

18- ایک صحت مند انسان کا بلڈ پریشر ہوتا ہے؟ [MTN-I,SGD-I,SWL-II,ALP,BWP-I/II]

(A) $\frac{120}{80}$ mmHg (B) $\frac{140}{90}$ mmHg (C) $\frac{110}{100}$ mmHg (D) $\frac{150}{70}$ mmHg

19- رابرٹ بوائل نے "بوائل کے قانون" کا مشاہدہ کیا؟ [DGK-I/II,SGD-I,BWP-II,MTN-II,FSD-I]

(A) 1682 (B) 1680 (C) 1660 (D) 1662

چارلس کا قانون

20- چارلس لاء میں K کس کے برابر ہے؟ [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

(A) V/P (B) V/T (C) TV (D) $\frac{T}{V}$

21- چارلس کے قانون کی تجرباتی تصدیق بیان کی گئی ____ میں: [DGK-II,ALP,MTN-I]

(A) 1801 (B) 1802 (C) 1803 (D) 1804

22- ایبسولیوٹ ٹمپریچر سکیل متعارف کروائی ہے؟ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) چارلس (B) بوائل (C) فلیمنگ (D) کیلون

5.3 مائع حالت کی خاص خصوصیات

ایویپوریشن

23- ٹمپریچر میں اضافہ سے ایویپوریشن کا عمل ____ ہوتا ہے۔ [SGD-II,MTN-I,FSD-II,DGK-II]

(A) تیز (B) کم (C) برابر (D) کوئی اثر نہیں

24- ایویپوریشن کا اُلٹ کہلاتا ہے۔ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

(A) کنڈینسیشن (B) ویپر پریشر (C) ایٹموسفیرک پریشر (D) فریزنگ

downloaded from https://infobhrmssed.com/

Scanned with CamScanner

ویپر پریشر

25۔ 100°C پر پانی کا ویپر پریشر ہوتا ہے۔ [GUJ-II,FSD-II,DGK-I,MTN-II,BWP-II]

(A) 140 mm Hg (B) 360 mm Hg (C) 580 mm Hg (D) 760 mm Hg

26۔ ان میں سے کس کا ویپر پریشر زیادہ ہے؟ [MTN-II,DGK-I/II,ALP,FSD-II]

(A) C_6H_{14} (B) C_6H_{13} (C) C_6H_1 (D) $C_{10}H_{22}$

بوائلنگ پوائنٹ

27۔ الکوحل کا بوائلنگ پوائنٹ ہے: [GUJ-I,SGD-II,MTN-II,ALP,RWP-I/II,DGK-II]

(A) 68°C (B) 78°C (C) 88°C (D) 98°C

28۔ پانی کا بوائلنگ پوائنٹ ہے: [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) 0°C (B) 60°C (C) 100°C (D) 120°C

29۔ سوڈیم کلورائیڈ کا بوائلنگ پوائنٹ ہے: [SGD-I/II,GUJ-II,MTN-I,ALP,DGK-I,SWL-II]

(A) 1000°C (B) 1100°C (C) 1413°C (D) 1314°C

30۔ مائع گیسز سے کتنے گنا بھاری ہیں۔ [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

(A) 100 (B) 1000 (C) 10000 (D) 100000

فریزنگ پوائنٹ

31۔ ایسٹک ایسڈ کا فریزنگ پوائنٹ ہے؟ [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

(A) 14.6°C (B) 15.6°C (C) 16.6°C (D) 17.6°C

32۔ ایتھائل الکوحل کا فریزنگ پوائنٹ ہے۔ [LHR-II,GUJ-I,FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-I/II]

(A) −115°C (B) +115°C (C) −116°C (D) +116°C

33۔ پانی کا فریزنگ پوائنٹ ہے؟ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) 2°C (B) 0°C (C) 2°C (D) 100°C

downloaded from https://infohubhrmsissed.com

5.4 ٹھوس کی خاص خصوصیات
5.5 ٹھوس کی اقسام

34۔ اِن میں سے کونسا ایمورفس ٹھوس ہے؟ [DGK-II,MTN-I,SGD-I/II,BWP-I]

(A) ڈائمنڈ (B) سوڈیم کلورائیڈ (C) پوٹاشیم کلورائیڈ (D) پلاسٹک

35۔ ٹھوس شے کے پارٹیکلز موبائل نہیں ہوتے اس خاصیت کو کہتے ہیں؟ [BWP-II,MTN-I,SWL-II,ALP,DGK-I]

(A) ریجیڈیٹی (B) ڈینسٹی (C) ایلوٹروپی (D) موبیلٹی

36۔ ان میں سے ایمورفس ٹھوس نہیں ہے؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

(A) ربڑ (B) گلوکوز (C) گلاس (D) پلاسٹک

37۔ کون سی ایک کرسٹلائن ٹھوس ہے؟ [LHR-II,FSD-II,RWP-II,ALP,RUJ-II,SWL-I]

(A) ڈائمنڈ (B) گلاس (C) پلاسٹک (D) ربڑ

Scanned with CamScanner

5.6	ایلوٹروپی

38۔ سلفر کا ٹرانزیشن ٹمپریچر ہے۔ [LHR-II,GUJ-II,MTN-II,SWL-I]

(A) 96°C (B) 90°C (C) 100°C (D) 70°C

39۔ کاربن کی کون سی ایلوٹراپک شکل روم ٹمپریچر پر قیام پذیر ہے: [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,ALP,SWL-I/II]

(A) ڈائمنڈ (B) گریفائیٹ (C) بکی بالز (D) کرسٹل

جوابات:

A	10	C	9	C	8	A	7	D	6	A	5	A	4	A	3	D	2	A	1
B	20	D	19	A	18	C	17	C	16	D	15	B	14	D	13	C	12	A	11
B	30	C	29	C	28	B	27	A	26	D	25	A	24	A	23	D	22	B	21
		B	39	A	38	A	37	B	36	A	35	D	34	B	33	A	32	C	31

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1۔ **پریشر کی تعریف کریں۔** [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: اکائی ایریا پر لگائی جانے والی فورس پر پریشر کہلاتی ہے۔

جواب: مالیکیولز کے درمیان موجود خالی جگہوں کی وجہ سے گیسز انتہائی کمپریسیبل ہوتی ہیں جب گیسز کو دبایا جاتا ہے تو مالیکیولز ایک دوسرے کے قریب آ جاتے ہیں اور یہ پھیلی ہوئی گیس کی نسبت کم والیم گھیرتی ہیں۔ اسے کمپریسیبلٹی بھی کہتے ہیں۔

2۔ **گیس کی ڈینسٹی کو $g\,dm^{-3}$ میں اور مائع ڈینسٹی کو $g\,cm^{-3}$ میں کیوں ظاہر کیا جاتا ہے؟** [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: گیس کی ڈینسٹی کم ہوتی ہے اس لیے گیس کی ڈینسٹی کو $g\,dm^{-3}$ جبکہ مائع کی ڈینسٹی گیسز کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیے $g\,cm^{-3}$ میں ظاہر کی جاتی ہے۔

3۔ **بوائل کے قانون اور چارلس کے قانون میں فرق کریں۔** [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

جواب:

بوائل کا قانون	چارلس کا قانون
i۔ اگر ٹمپریچر کو کونسٹنٹ رکھا جائے تو گیس کے دیئے ہوئے ماس کا والیم اس کے پریشر کے انورسلی پروپورشنل ہوتا ہے۔ $V \propto \frac{1}{P}$	i۔ اگر پریشر کو کونسٹنٹ رکھا جائے تو گیس کے دیئے ہوئے ماس کا والیم اور ٹمپریچر ایک دوسرے کے ڈائریکٹلی پروپورشنل ہوتے ہیں۔ $V \propto T$

4۔ **ٹمپریچر میں اضافے سے ایویپوریشن میں اضافہ کیوں ہوتا ہے؟** [GUJ-I,FSD-II,DGK-II,RWP-I]

جواب: زیادہ ٹمپریچر پر ایویپوریشن کی شرح تیز ہوتی ہے۔ زیادہ ٹمپریچر پر مالیکیولز کی کائی نیٹک انرجی اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ یہ انٹر مالیکیول فورسز پر غالب آ جاتے ہیں اور تیزی سے ویپر بن جاتے ہیں۔

مثال: گرم پانی والے برتن میں پانی کی سطح جلدی کم ہو جاتی ہے بہ نسبت ٹھنڈے پانی والے برتن کے اسکی وجہ یہ ہے کہ گرم پانی ٹھنڈے پانی کی نسبت جلدی ویپرز میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

downloaded from

Scanned with CamScanner

5- بیرونی پریشر کا مائع کے بوائلنگ پوائنٹ پر کیا اثر ہوتا ہے؟ [RWP-I,GUJ-I,ALP,MTN-I,SGD-II]

جواب: مائع کے بوائلنگ پوائنٹ کا انحصار بیرونی پریشر پر ہوتا ہے ایک مائع کے بوائلنگ پوائنٹ کو بیرونی پریشر بڑھا کر بڑھایا جا سکتا ہے اور اسی طرح اسے کم بھی کیا جا سکتا ہے۔ پریشر ککر اسی اصول پر کام کرتا ہے۔

2013-2014-2015-2016-2017-2018-2019
Short Questions

5.1 گیسی حالت کی خاص خصوصیات

6- گیسز کی دو خصوصیات لکھیں۔ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]

جواب: گیسز کے مالیکیولز کے درمیان کشش کی قوتیں بہت کمزور ہوتی ہے۔ گیسز کی مخصوص شکل اور حجم نہیں ہوتا۔

7- بیرومیٹر اور مونومیٹر میں کیا فرق ہے؟ [FSD-II,SGD-I,GUJ-I,BWP-II,SWL-I]

جواب:

بیرومیٹر	مونومیٹر
ایٹموسفیرک پریشر کو معلوم کرنے کے لیے بیرومیٹر استعمال کرتے ہیں۔	لیبارٹری میں پریشر کو معلوم کرنے کے لیے مونو میٹر استعمال کرتے ہیں۔

8- پاسکل سے آپ کیا مراد لیتے ہیں 1 atm کتنے پاسکلو کے برابر ہوتا ہے؟ [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]

جواب: پاسکل (Pascal) پریشر کا SI یونٹ ہے۔ جب ایک نیوٹن فورس یونٹ ایریا پر عمل کرتی ہے تو پڑنے والے پریشر کو پاسکل کہتے ہیں۔ اسے (Pa) سے ظاہر کرتے ہیں۔

$$Pa = 1Nm^{-2}$$

$$1\ atm = 101325\ Pa$$

downloaded from https://infohubhmssissesol.com/

9- کیا ٹھنڈا ہونے پر گیسز کی ڈینسٹی زیادہ ہو جاتی ہے؟ [SGD-II,FSD-II,MTN-I,DGK-I]

جواب: گیسز کو گرم کرنے سے ان کی ڈینسٹی کم ہو جاتی ہے کیونکہ گیسز گرم کرنے پر پھیلتی ہیں۔ اس کے برعکس ٹمپریچر کم کرنے پر گیسز کی ڈینسٹی بڑھ جاتی ہے۔ مثال کے طور پر نارمل ایٹموسفیرک پریشر پر آکسیجن کی ڈینسٹی $20°C$ پر $1.4gdm^{-3}$ ہوتی ہے جبکہ $0°C$ پر $1.5gdm^{-3}$ ہوتی ہے۔

10- مندرجہ ذیل کو تبدیل کریں۔ [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

جواب:

$$76cm\ Hg = 1\ atm$$

$$70cm = \ = \frac{1atm}{76cmHg} \times 70cmHg$$

$$= 0.92\ atm$$

(ii) 3.5 am to torr

$$1\ atm = 760\ torr$$

$$3.5atm = \frac{760\,torr}{1atm} = 3.5atm$$

$$= 2660\ torr$$

Scanned with CamScanner

(iii) 1.5 atm to Pa

1 atm = 101 325 Pa

$$= \frac{101325\,Pa}{1\,atm} \times 1.5\,atm$$

$$= 151987.5\ Pa$$

11۔ گیسز کی موبیلٹی سے کیا مراد ہے؟ [LHR-II,GUJ-I,ALP,SGD-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: گیس کے مالیکیولز ہمیشہ آزاد حرکت کرتے رہتے ہیں کیونکہ ان کی کائی نیٹک انرجی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ حرکت کرنے کے لیے یہ مالیکیولز کے درمیان موجود خالی جگہوں کو استعمال کرتے ہیں۔

5.2 گیسز کے متعلق قوانین

12۔ سسٹولک پریشر اور ڈایاسسٹولک پریشر کی تعریف کریں۔ [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]

جواب: سسٹولک پریشر:

جیسا کہ 120/80 جو کہ نارمل بلڈ پریشر ہے۔ جب دل خون کو پمپ کر رہا ہوتو جو ویلیو اس پریشر کو ظاہر کرتی ہے اسے سسٹولک پریشر کہتے ہیں جیسے 120۔

ڈایاسسٹولک پریشر: جب خون واپس دل میں داخل ہو رہا ہوتو پریشر کم ہوتا ہے اور یہ دوسری ویلیو 80 ہے۔ جیسے ڈایاسسٹولک کہتے ہیں۔

13۔ کیا بوائل کا قانون مائع کے لیے بھی موزوں ہے؟ [BWP-II,MTN-I,ALP,GUJ-II]

جواب: جی نہیں بوائل کا قانون مائع کے لیے موزوں نہیں ہے۔ کیونکہ مائعات کو دبا کر انکا والیم کم نہیں کیا جا سکتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے مالیکیولز کے درمیان خالی بہت کم ہوتی ہے۔

14۔ ہائپرٹینشن سے کیا مراد ہے؟ اس کی ویلیو لکھیں۔ [MTN-II,DGK-I,ALP,SGD-I]

جواب: روزمرہ زندگی میں ٹینشن اور پریشانیوں کی وجہ سے بلڈ پریشر تیز ہو جاتا ہے جسے ہائپرٹینشن کہتے ہیں۔ اسکی ویلیو 140/90 ہے۔ ہائپرٹینشن سے ہارٹ اٹیک اور ہارٹ اسٹروک کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

downloaded from https://infohubhmissed.com/

15۔ ایبسولیوٹ ٹمپریچر سکیل کی تعریف کریں۔ [SGD-I,MTN-II,FSD-I/II,BWP-II]

جواب: ایبسولیوٹ ٹمپریچر سکیل:

ٹمپریچر کا وہ سکیل جو صفر کیلون یا 273.15°C– سے شروع ہوتا ہے ایبسولیوٹ ٹمپریچر سکیل کہلاتا ہے۔ اسے لارڈ کیلون نے متعارف کروایا۔

چارلس کا قانون

16۔ 30°C– کو کیلون ٹمپریچر میں تبدیل کریں۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,ALP,BWP-II]

جواب: فارمولا $(T)\ K = (-30)^\circ C + 273$

$= -30 + 273 = 243K$

(100)°C کو کیلون میں تبدیل کریں۔ [GUJ-II,RWP-I,FSD-I,MTN-II,SWL-I]

فارمولا $(T)\ K = (100)^\circ C + 273$

$= 100 + 273 = 373K$

17۔ جسم کے ٹمپریچر کی پیمائش کن یونٹس میں کی جاتی ہے؟ [FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-II]

جواب: جسم کے ٹمپریچر کو فارن ہائیٹ سکیل میں ناپا جاتا ہے۔ عام طور پر جسم کا ٹمپریچر 98.6°F ہوتا ہے جو کہ 37°C کے برابر ہے۔

Scanned with CamScanner

5.3 مائع حالت کی خاص خصوصیات

18- ایوپوریشن اینڈوتھرمک عمل ہے یا ایکسوتھرمک؟
جواب: ایوپوریشن ایک اینڈوتھرمک عمل ہے۔

19- ایوپوریشن ٹھنڈک پیدا کرنے والا عمل ہے؟ [DGK-II,SGD-I,BWP-I/II,SWL-I]
جواب: ایوپوریشن ٹھنڈک پیدا کرنے والا عمل ہے۔ جب زیادہ کائی نیٹک انرجی والے مالیکیولز ویپرز بن کے نکل جاتے ہیں تو باقی مالیکیولز کا ٹمپریچر کم ہوجاتا ہے۔ انرجی کی اس کمی کو پورا کرنے کے لیے مائع کے مالیکیولز گردونواح سے انرجی جذب کرتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر گردونواح کا ٹمپریچر کم ہوجاتا ہے اور ہم ہتھیلی پر الکوحل کا قطرہ ڈالتے ہیں تو الکوحل ویپرز بن کر اڑ جاتا ہے اور ہمیں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے۔

20- کنڈنسیشن سے کیا مراد ہے؟ مثال دیں۔ [RWP-II,DGK-I,SGD-II]
جواب: گیس کے مالیکیولز کا اکٹھے ہو کر مائع حالت میں تبدیل ہونا کنڈنسیشن کہلاتا ہے۔
مثال: پانی کے بخارات کا گیس حالت سے دوبارہ مائع حالت میں آنا کنڈنسیشن کو مثال ہے۔

21- ایوپوریشن پر اثرانداز ہونے والے عوامل کے نام لکھیں۔ [LHR-II,SGD-II,ALP,MTN-I/II,DGK-I]
جواب: i- سطحی رقبہ ii- ٹمپریچر iii- انٹرمالیکیولر فورسز

22- بارش کے قطرے نیچے کی طرف کیوں گرتے ہیں؟
جواب: بادلوں میں کنڈنسیشن کے عمل کی وجہ سے پانی کے ویپرز اکٹھے ہو کر پانی کے قطروں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ جو زمین کی کشش ثقل کی وجہ سے نیچے کی طرف گرتے ہیں۔

ویپر پریشر

23- ویپر پریشر کیا ہے؟ اس پر ٹمپریچر کا اثر بیان کریں۔ [GUJ-II,DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]
جواب: ایک خاص ٹمپریچر پر مائع کے ساتھ ایکوی لبریم کی حالت میں پڑنے والا پریشر اس مائع کا ویپر پریشر کہلاتا ہے۔
ویپر پریشر پر ٹمپریچر کا اثر:
کم ٹمپریچر کی نسبت زیادہ ٹمپریچر پر ویپرز کا پریشر زیادہ ہوتا ہے۔ زیادہ ٹمپریچر پر وہ انہیں ویپرز بننے اور زیادہ پریشر ڈالنے کے قابل بناتی ہے۔ مثال کے طور پر 0°C پر پانی کا ویپر پریشر 4.579 mm Hg ہے اور 100°C پر 760 mm Hg ہے۔

24- ویپر پریشر کا انحصار جن عوامل پر ہے وہ بیان کریں۔ [GUJ-I/II,RWP-I,ALP,FSD-II]
جواب: **مائع کی فطرت:**
ویپر پریشر مائع کی فطرت پر انحصار کرتا ہے۔ پولر مائع کا ویپر پریشر نان پولر مائع کے ویپر پریشر سے کم ہوتا ہے اسکی وجہ مائع کے پولر مالیکیولز کے درمیان پائی جانے والی مضبوط انٹرمالیکیولر فورسز ہیں۔
مثال کے طور پر ایک ہی ٹمپریچر پر پانی کا ویپر پریشر الکوحل کی نسبت کم ہوتا ہے۔
مالیکیولز کا سائز: چھوٹے سائز کے مالیکیولز بڑے سائز کے مالیکیولز کی نسبت جلدی ویپرز میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ اسی لیے چھوٹے سائز کے مالیکیولز زیادہ ویپر پریشر ڈالتے ہیں۔
مثال کے طور پر ہیگزین (C_6H_{14}) ڈیکین $(C_{10}H_{22})$ تیزی سے ویپرز میں تبدیل ہوتا ہے اور $C_{10}H_{22}$ سے زیادہ پریشر ڈالتا ہے۔

25- ڈائنامک ایکوی لبریم کی تعریف کریں۔ [RWP-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]
جواب: جب ویپرز بننے اور کنڈنس ہونے کی رفتار ایک جیسی ہوجاتی ہے تو اس وقت ویپرز بننے والے اور دوبارہ ٹھنڈ ہو کر مائع میں تبدیل ہونے والے مالیکیولز کی تعداد برابر ہوجاتی ہے اور یہ حالت ڈائنامک ایکوی لبریم کہلاتی ہے۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/
Scanned with CamScanner

بوائلنگ پوائنٹ

-26 بوائلنگ پوائنٹ کی تعریف کریں۔ یہ سطح سمندر سے بلندی پر کیسے بدلتا ہے؟ [GUJ-II,FSD-I,ALP,DGK-I/II]

جواب: وہ ٹمپریچر جس پر مائع کا ویپر پریشر ایٹموسفیرک پریشر یا کسی بھی بیرونی پریشر کے برابر ہو جاتا ہے۔ بوائلنگ پوائنٹ کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر پانی کا بوائلنگ پوائنٹ سطح سمندر پر 100°C ہوتا ہے۔ بلندی پر جاتے ہوئے ہوا کا پریشر سطح سمندر کی نسبت کم ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے پانی کا بوائلنگ پوائنٹ کم ہو جاتا ہے۔ مری کی پہاڑیوں پر پانی کا بوائلنگ پوائنٹ 97°C جبکہ مونٹ ایورسٹ کی چوٹی پر 69°C ہوتا ہے۔

-27 پانی کا بوائلنگ پوائنٹ الکوحل سے زیادہ کیوں ہے؟ [GUJ-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

جواب: پانی کا بوائلنگ پوائنٹ الکوحل یا ایتھر سے زیادہ ہے کیونکہ پانی ایک پولر سالوینٹ ہے اور اس کے مالیکیولز کے درمیان طاقتور ہائیڈروجن بانڈنگ پائی جاتی ہے۔

فریزنگ پوائنٹ

-28 فریزنگ پوائنٹ سے کیا مراد ہے؟ [SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]

جواب: وہ ٹمپریچر جس پر مائع اور ٹھوس ایک دوسرے کے ساتھ ڈائنامک ایکوی لبریم میں پائے جاتے ہیں یہ مائع کا فریزنگ پوائنٹ کہلاتا ہے۔

-29 ڈیفیوژن پر انٹر مالیکیولر فورسز کے کیا اثرات ہوتے ہیں؟

جواب: ایسے مائعات جن پر کمزور انٹر مالیکیولر فورسز ہوتی ہیں ان میں ڈیفیوژن کا عمل مضبوط انٹر مالیکیولر فورسز والے مائع کی نسبت تیز ہوتا ہے۔

-30 وجہ بیان کریں کہ کروسین آئل پانی پر تیرتا ہے جبکہ شہد پانی میں نیچے بیٹھ جاتا ہے۔ [RWP-II,DGK-I,GUJ-II,BWP-II]

جواب: کیروسین آئل (مٹی کا تیل) کی ڈینسٹی پانی سے کم ہوتی ہے لیکن شہد کی ڈینسٹی پانی سے زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیے کیروسین آئل پانی پر تیرتا ہے اور شہد پانی میں نیچے بیٹھ جاتا ہے۔

downloaded from https://informationhmsolved.com/

5.4	ٹھوس کی خاص خصوصیات
5.5	ٹھوس کی اقسام

-31 میلٹنگ پوائنٹ کی تعریف کریں۔ [FSD-II,SGD-I,BWP-II]

جواب: وہ ٹمپریچر جس پر ایک ٹھوس پگھلنا شروع ہوتا ہے اور مائع حالت کے ساتھ ڈائنامک ایکوی لبریم میں ہوتا ہے۔ میلٹنگ پوائنٹ کہلاتا ہے۔

-32 ٹھوس مائع کی نسبت سخت ہوتے ہیں۔ کیوں؟

جواب: ٹھوس کے پارٹیکلز موبائل نہیں ہوتے۔ ان کی مخصوص جگہ ہوتی ہے۔ اس لیے ساخت کے لحاظ سے ٹھوس سخت ہوتے ہیں جبکہ مائع کے مالیکیول ایک سے دوسری جگہ حرکت کر سکتے ہیں اس لیے مائع سخت نہیں ہوتے۔

-33 ٹھوس اشیا مائع اور گیسز کی نسبت بھاری ہوتی ہیں کیوں؟ [SGD-I,DGK-II,ALP,MTN-I]

جواب: ٹھوس اشیاء مائع اور گیسز کی نسبت بھاری ہوتی ہیں کیونکہ ٹھوس کے پارٹیکلز آپس میں مضبوطی سے جکڑے ہوتے ہیں اور ان پارٹیکلز کے درمیان خالی جگہیں نہیں ہوتیں۔ اس لیے یہ مادہ کی تینوں حالتوں میں سے سب سے زیادہ ڈینسٹی رکھتے ہیں۔

5.6	ایلوٹروپی

-34 ٹرانزیشن ٹمپریچر کی تعریف کریں۔ [SGD-I/II,FSD-I,BWP-II]

جواب: وہ ٹمپریچر جس پر ایک ایلوٹروپ دوسرے ایلوٹروپ میں تبدیل ہوتا ہے اسے ٹرانزیشن ٹمپریچر کہتے ہیں

سلفر کا ٹرانزیشن ٹمپریچر 96°C۔

Scanned with CamScanner

$$S_8\,(\text{rhombic}) \xrightleftharpoons{96\,^\circ C} S_8\,(\text{monoclinic})$$

35۔ روم ٹمپریچر پر سفید ٹن کیوں دستیاب ہے؟ [SGD-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: ٹن کا ٹرانزیشن ٹمپریچر 13.2°C ہے۔اس لیے روم ٹمپریچر پر ٹن سفید حالت میں دستیاب ہے۔

$$Sn_{(grey)}\,(\text{cubic}) \xrightleftharpoons{13.2^\circ C} Sn_{\,(white)}\,(\text{tetragonal})$$

36۔ سلفر اور فاسفورس کی ایلوٹروپک شکلوں کے نام لکھیے۔

جواب: سلفر کی ایلوٹروپک شکلیں رومبک اور مونوکلینک ہیں۔ $S_8\,(\text{rhombic}) \xrightleftharpoons{98\,^\circ C} S_8\,(\text{monoclinic})$

مشقی سوالات کا حل

1. مائع گیسز سے کتنے گنا زیادہ بھاری ہوتے ہیں؟
(A) 100 گنا (B) 1000 گنا (C) 10,000 گنا (D) 100,000

2. گیسز مادہ کی ہلکی ترین حالت ہیں اور ان کی ڈینسٹیز کو کن یونٹس میں ظاہر کیا جاتا ہے۔
(A) $mgcm^{-3}$ (B) gcm^{-3} (C) $kgdm^{-3}$ (D) gdm^{-3}

3. فریزنگ پوائنٹ پر ان میں سے کون سے ڈائنامک ایکوی لبریم میں ہوتے ہیں؟
(A) گیس اور ٹھوس (B) مائع اور گیس (C) مائع اور ٹھوس (D) یہ تمام

4. ٹھوس پارٹیکلز میں ان میں سے کون سی موشن پائی جاتی ہے؟
(A) روٹیشنل موشن (B) وائبریشنل موشن (C) ٹرانسلیشنل موشن (D) ٹرانسلیشنل اور وائبریشنل موشن دونوں

5. ان میں سے کون سا ایمورفس ٹھوس نہیں ہے؟
(A) ربڑ (B) پلاسٹک (C) شیشہ (D) گلوکوز

6. 1atm پریشر کتنے پاسکلز کے برابر ہوتا ہے؟
(A) 101325 (B) 10325 (C) 106075 (D) 10523

7. ایویپوریشن میں جو مالیکیولز مائع کی سطح کو چھوڑتے ہیں ان میں ہوتی ہے:
(A) بہت کم انرجی (B) درمیانی انرجی (C) بہت زیادہ انرجی (D) ان میں سے کوئی نہیں

8. ان میں سے کون سی گیس تیزی سے ڈفیوژ کرتی ہے؟
(A) ہائڈروجن (B) ہیلیم (C) کلورین (D) فلورین

9. ان میں سے کون سی چیز بوائلنگ پوائنٹ پر اثر انداز نہیں ہوتی؟
(A) انٹرمالیکیولر فورسز (B) بیرونی پریشر (C) مائع کی فطرت (D) مائع کا ابتدائی ٹمپریچر

10. گیس کی ڈینسٹی بڑھتی ہے جب:
(A) ٹمپریچر بڑھتا ہے (B) پریشر بڑھتا ہے (C) والیم کونسٹنٹ رکھا جاتا ہے (D) ان میں سے کوئی نہیں

11. مائع کا ویپر پریشر کب بڑھتا ہے؟
(A) پریشر میں اضافے سے (B) ٹمپریچر میں اضافے سے
(C) انٹرمالیکیولر فورسز میں اضافے سے (D) مالیکیولز کی پولیریٹی میں اضافے سے

جوابات

1	B	2	D	3	C	4	B	5	D
6	A	7	C	8	A	9	D	10	B
11	B								

downloaded from https://infohubhamesissed.com/

Scanned with CamScanner

مختصر سوالات

.1 ڈفیوژن کیا ہے، ایک مثال دے کر وضاحت کریں۔

جواب: وہ عمل جس میں گیسز بے ترتیب حرکت اور ٹکراؤ کی وجہ سے ہوموجینئس مکسچر بناتی ہیں اسے ڈفیوژن کہتے ہیں۔ مثلاً سینٹ (scent) کی خوشبو کا کمرے میں پھیلنا۔ ڈفیوژن کا انحصار گیسز کے مالیکیولر ماس پر ہوتا ہے۔ ہلکی گیس تیزی سے ڈفیوژ کرتی ہیں۔ مثلاً H_2 گیس کا ڈفیوژن O_2 گیس سے 4 گنا تیز ہوتا ہے۔

.2 سٹینڈرڈ ایٹموسفیرک پریشر کی تعریف کریں۔ اس کے یونٹ کیا ہیں؟ اسے پاسکل میں کیسے تبدیل کیا جا سکتا ہے؟

جواب: وہ پریشر جو مرکری کا 760mm بلند کالم سمندر کی سطح پر ڈالتا ہے اسے سٹینڈرڈ ایٹموسفیرک پریشر کہتے ہیں۔ یہ پریشر سمندر کی سطح پر مرکری کے 760mm بلند کالم کو سہارا دینے کے لیے کافی ہوتا ہے۔ اس کے یونٹس atm، torr اور پاسکل ہیں۔

$$1atm = 760mm\ of\ Hg$$
$$= 760\ torr$$
$$1mm\ of\ Hg = 1torr$$
$$= 101325\ Nm^{-2}$$
$$= 101325\ Pa$$

.3 مائع کی نسبت گیسز کی ڈینسٹیز کم کیوں ہوتی ہیں؟

جواب: گیسز میں انٹر مالیکیولر فورسز بہت کمزور ہوتی ہیں اور ان کے مالیکیولز کے درمیان خالی جگہیں ہوتی ہیں۔ اس لیے گیسز کا ماس کم اور والیم زیادہ ہوتا ہے۔ پس مائع کی نسبت گیسز کی ڈینسٹیز کم ہوتی ہیں۔

.4 ایویپوریشن سے کیا مراد ہے؟ سطحی رقبہ کا اس پر کیا اثر ہوتا ہے؟

جواب: کسی مائع کا ویپرز میں تبدیل ہو جانا ایویپوریشن کہلاتا ہے۔ مثلاً گیلے کپڑوں کا خشک ہونا، اور پٹرول کا ویپرز میں بدل جانا وغیرہ۔ ایویپوریشن کا انحصار مندرجہ ذیل فیکٹرز پر ہوتا ہے۔

(i) سطحی رقبہ (ii) ٹمپریچر (iii) انٹرمالیکیولر فورسز

سطحی رقبہ: ایویپوریشن ایک سطحی عمل ہے جتنا مائع کی سطح کا رقبہ زیادہ ہوگا اتنا ہی ایویپوریشن کا عمل تیز ہوگا۔ مثلاً چائے کو جلدی ٹھنڈا کرنے کے لیے اسے پرچ (Saucer) میں ڈالتے ہیں۔ کیونکہ پرچ میں چائے کا سطحی رقبہ زیادہ ہوتا ہے اور چائے کے زیادہ ویپرز بنتے ہیں اور وہ جلدی ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔

.5 ایلوٹروپی کو مثالیں دے کر بیان کریں۔

جواب: کسی ایلیمنٹ کا ایک ہی طبعی حالت میں مختلف اشکال میں پایا جانا ایلوٹروپی کہلاتا ہے۔ اور ایلیمنٹ کی مختلف اشکال کو ایلوٹروپس کہتے ہیں۔ مثلاً سلفر، رومبک اور مونوکلینک میں پایا جاتا ہے۔ فاسفورس سرخ اور سفید دو اشکال میں پایا جاتا ہے۔ اسی طرح آکسیجن کے ایلوٹروپس O_2 اور O_3 ہیں۔

.6 100°C پر سلفر کس حالت میں پایا جاتا ہے؟

جواب: 100°C پر سلفر مونوکلینک شکل میں پایا جاتا ہے۔ کیونکہ سلفر کا ٹرانزیشن ٹمپریچر 96°C ہے اس لیے 96°C پر رومبک سلفر مونوکلینک شکل میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

$$S_8\ (\text{رومبک}) \underset{}{\overset{96^{\circ}C}{\rightleftharpoons}} S_8\ (\text{مونوکلینک})$$

.7 کسی مائع کے بوائلنگ پوائنٹ اور ایویپوریشن کے درمیان کیا تعلق ہے؟

جواب: وہ ٹمپریچر جس پر کسی مائع کا ویپر پریشر ایٹموسفیرک پریشر یا کسی بھی بیرونی پریشر کے برابر ہو جاتا ہے اسے مائع کا بوائلنگ پوائنٹ کہتے ہیں۔ مثلاً پانی کا بوائلنگ پوائنٹ 100°C اور الکوحل کا بوائلنگ پوائنٹ 78°C ہے۔

وضاحت: جب کسی مائع کو گرم کیا جاتا ہے تو اس کے مالیکیولز کی اوسط کائی نیٹک انرجی بڑھ جاتی ہے۔ انرجی کے بڑھنے سے ان کی انٹر مالیکیولر فورسز کمزور ہو جاتی ہیں اور ایویپوریشن کی رفتار تیز ہو جاتی ہے۔ پھر ویپر پریشر بڑھتے بڑھتے ایٹموسفیرک پریشر کے برابر ہو جاتا ہے اور مائع بوائل کرنا شروع کر دیتا ہے۔

downloaded from https://mrfohubpremssignsed.com/

Scanned with CamScanner

انشائیہ سوالات

☆ بوائل کا قانون بیان کریں۔

جواب: بوائل کا قانون(Boyle's Law): 1662ء میں رابرٹ بوائل نے گیسز کے متعلق اپنا مشہور قانون دیا جسے بوائل کا قانون کہتے ہیں۔اس کی تعریف درج ذیل ہیں۔کونسٹنٹ ٹمپریچر پر گیس کے دیئے ہوئے ماس کا والیم اس کے پریشر کے انورسلی پروپورشنل ہوتا ہے۔

حسابی طور پر

$$\text{والیم} \propto \frac{1}{\text{پریشر}}$$

یا $V \propto \frac{1}{P}$

یا $V = \frac{k}{P}$

$$PV=k$$

اس میں P پریشر ہے V والیم ہے اور k پروپورشنیلیٹی کونسٹنٹ ہے۔پس بوائل کے قانون کی دوسری تعریف یہ ہے کہ کونسٹنٹ ٹمپریچر پر کسی گیس کے دیئے ہوئے ماس کے پریشر اور والیم کا حاصل ضرب کونسٹنٹ ہوتا ہے۔فرض کریں کسی گیس کا ابتدائی پریشر P_1 اور والیم V_1 ہے۔بوائل کے قانون کے مطابق $P_1V_1 = k$

جب دو مساواتوں میں کونسٹنٹ ایک جیسے ہوں تو ان کے ویری ایبلز (Variables) برابر ہوں گے اس لیے

$$P_1V_1 = P_2V_2$$

downloaded from https://infohubpromissised.com/

☆ مادہ کی طبیعی حالتوں میں انٹر مالیکیولر فورسز کا کردار بیان کریں۔

جواب: مادہ تین طبیعی حالتوں (ٹھوس،مائع اور گیس) میں پایا جاتا ہے۔

(i) **گیس:** گیس کے مالیکیولز ایک دوسرے سے بہت دور ہوتے ہیں اس لیے ان میں انٹر مالیکیولر فورسز بہت کمزور ہوتی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ گیسوں کی ڈینسٹی،میلٹنگ پوائنٹ اور بوائلنگ پوائنٹ بہت کم ہوتے ہیں۔

(ii) **مائع:** مائع کے مالیکیولز قریب قریب ہوتے ہیں اس لیے ان میں انٹر مالیکیولر فورسز مضبوط ہوتی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ مائعات کی ڈینسٹی،میلٹنگ پوائنٹ اور بوائلنگ پوائنٹ زیادہ ہوتے ہیں۔

(iii) **ٹھوس:** ٹھوس کے مالیکیولز بہت قریب قریب ہوتے ہیں۔اس لیے ان میں انٹر مالیکیولر فورسز بہت مضبوط ہوتی ہیں۔یہی وجہ کہ ٹھوس بھاری اور سخت ہوتے ہیں ان کی ڈینسٹی،میلٹنگ پوائنٹ اور بوائلنگ پوائنٹ بھی بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

☆ ایویپوریشن پر اثرانداز ہونے والے عوامل لکھیں۔

جواب: ایویپوریشن پر اثرانداز ہونے والے عوامل: (i) **سطحی رقبہ:** ایویپوریشن ایک سطحی عمل ہے۔جتنا سطحی رقبہ زیادہ ہوگا ایویپوریشن کا عمل اتنا ہی زیادہ تیز ہوگا۔مثال کے طور پر اکثر چائے کو جلدی ٹھنڈا کرنے کے لیے پرچ استعمال کی جاتی ہے۔یہ اس لیے ہوتا ہے کہ کپ چھوٹے سطحی رقبے کی نسبت پرچ کے بڑے سطحی رقبے میں زیادہ ویپرز بنتے ہیں۔

(ii) **ٹمپریچر:** زیادہ ٹمپریچر پر ایویپوریشن کی طرح تیز ہوتی ہے۔کیونکہ زیادہ ٹمپریچر پر مالیکیولز کی کائی نیٹک انرجی اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ وہ انٹر مالیکیولر فورسز پر غالب آجاتے ہیں اور تیزی سے ویپرز بن جاتے ہیں۔مثال کے طور پر گرم پانی والے برتن میں پانی کی سطح جلدی کم ہو جاتی ہے بہ نسبت ٹھنڈے پانی والے برتن کے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ گرم پانی ٹھنڈے پانی کی نسبت جلدی ویپرز میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

(iii) **انٹر مالیکیولر فورسز:** اگر انٹر مالیکیولر فورسز زیادہ ہوں تو مائع کے مالیکیولز کو ویپرز میں تبدیل ہونے میں دشواری ہوگی۔مثال کے طور پر پانی میں انٹر مالیکیولر فورسز پٹرول کی نسبت زیادہ ہوتی ہیں۔اس لیے پٹرول پانی کی نسبت تیزی سے ویپرز میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

مثالیں

مثال نمبر 5.1: ایک گیس کا والیم $350 cm^3$ اور پریشر 650 mm of Hg ہے۔ اگر اس کا پریشر 325 mm of Hg تک کم کر دیا جائے تو اس گیس کا نیا والیم معلوم کریں۔

ڈیٹا:

$$V_1 = 350 cm^3$$
$$P_1 = 650 \text{ mm of Hg}$$
$$P_2 = 325 \text{ mm Hg}$$
$$V_2 = ?$$

حل:

بوائل کے قانون کے مطابق

قیمتیں درج کرنے سے

$$P_1V_1 = P_2V_2$$
$$650 \times 350 = 325 \times V_2$$
$$V_2 = \frac{650 \times 350}{325}$$
$$V_2 = 700 cm^3$$

مثال نمبر 5.2: $785 cm^3$ والیم کی ایک گیس 600 mm of Hg پریشر پر ایک برتن میں بند ہے۔ اگر والیم $350 cm^3$ تک کم کر دیا جائے تو اس کا پریشر کیا ہوگا؟

ڈیٹا:

$$V_1 = 785 cm^3$$
$$P_1 = 600 \text{ mm of Hg}$$
$$V_2 = 350 cm^3$$
$$P_2 = ?$$

حل:

بوائل کے قانون کے مطابق

قیمتیں درج کرنے سے

$$P_1V_1 = P_2V_1$$
$$600 \times 785 = P_2 \times 350$$
$$P_2 = \frac{600 \times 785}{350}$$
$$P_2 = 1345.7 \text{ mm of Hg}$$
$$P_2 = 1atm = 760mm$$
$$\frac{1345.7}{760}$$
$$= 1.77 \text{ atm}$$

downloaded from https://infohubhimissed.com/

Scanned with CamScanner

مثال نمبر 5.3: آکسیجن گیس کا والیم $-30°C$ ٹمپریچر پر $250cm^3$ ہے اگر گیس کو $700cm^3$ تک پھیلنے کی اجازت دی جائے تو اس کا فائنل ٹمپریچر معلوم کریں جبکہ پریشر کونسٹنٹ رکھا جائے؟

ڈیٹا:

$$V_1 = 250cm^3$$
$$T_1 = -30°C = -30°C + 273 = 243K$$
$$V_2 = 700cm^3$$
$$T_2 = ?$$

حل: چارلس کے قانون کے مطابق

$$\frac{V_1}{T_1} = \frac{V_2}{T_2}$$

$$T_2 = \frac{V_2 \times T_1}{V_1}$$ مساوات میں قیمتیں درج کرنے سے

$$T_2 = \frac{700 \times 243}{250}$$
$$T_2 = 680.4K$$
$$T_2 = 680.4 - 273 = 407.4°C$$

مثال نمبر 5.4: ہائیڈروجن گیس کا والیم $30°C$ ٹمپریچر پر $160cm^3$ ہے اگر اس کا ٹمپریچر $100°C$ تک بڑھا دیا جائے تو اس کا والیم کیا ہوگا؟ جبکہ پریشر کو کونسٹنٹ رکھا جائے۔

ڈیٹا:

$$V_1 = 160cm^3$$
$$T_1 = 30°C = 30 + 273 = 303K$$
$$T_2 = 100°C = 100 + 273 = 373K$$
$$V_2 = ?$$

حل: چارلس کے قانون کے مطابق

$$\frac{V_1}{T_1} = \frac{V_2}{T_2}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$V_2 = \frac{V_1 \times T_2}{T_1}$$
$$V_2 = \frac{160 \times 373}{303}$$
$$= 196.9cm^3$$

حسابی سوالات

سوال 1: مندرجہ ذیل یونٹس کو تبدیل کریں:

(a) 850mm Hg کو atm میں

(b) 205000 Pa کو atm میں

(c) 560 torr کو cm Hg میں

(d) 1.25 atm کو Pa میں

حل: **(a) 850mm Hg کو atm میں تبدیل کریں۔**

$$760mm \text{ of } Hg = 1atm$$
$$1mm \text{ of } Hg = \frac{1}{760} atm$$
$$850 \text{ mm of } Hg = \frac{1 \times 850}{760} = 1.11atm$$

(b) 205000 Pa کو atm میں تبدیل کریں۔

$$101325 \text{ Pascal} = 1atm$$
$$1 \text{ Pascal} = \frac{1}{101325} atm$$
$$205000 \text{ Pascal} = \frac{1 \times 205000}{101325} = 2.02 \text{ atm}$$

(c) 560 torr کو cm Hg میں تبدیل کریں۔

$$760 \text{ torr} = 76 \text{ cm of Hg}$$
$$1 \text{ torr} = \frac{76}{760} \text{ cm of Hg}$$
$$560 \text{ torr} = \frac{76 \times 560}{760} = 56 \text{cm of Hg}$$

(d) 1.25atm کو pa میں تبدیل کریں۔

$$1 \text{ atm} = 101325 \text{ pa}$$
$$1.25 \text{ atm} = 101325 \times 1.25$$
$$= 126656.3 \text{ pa}$$

سوال 2: مندرجہ ذیل یونٹس کو تبدیل کریں:

(a) 750°C کو K میں (b) 150°C کو K میں

(c) 100K کو °C میں (d) 172K کو °C میں

حل: **(a) 750°C کو K میں تبدیل کریں۔**

$$T = 750°C$$
$$K = °C + 273$$
$$K = 750 + 273 = 1023 \text{ K}$$

Scanned with CamScanner

(b) 150°C کو K میں تبدیل کریں۔

$T = 150°C$

$K = °C + 273$

$K = 150 + 273 = 423\ K$

(c) 100K کو °C میں تبدیل کریں۔

$T = 100\ K$

$°C = K - 273$

$°C = 100 - 273 = -173\ °C$

(d) 172K کو °C میں تبدیل کریں۔

$T = 172\ K$

$°C = K - 273$

$°C = 172 - 273 = -101\ °C$

سوال 3: ایک گیس کا پریشر 912mm Hg اور والیم $450cm^3$ ہے۔ 0.4atm پریشر پر اس کا والیم کیا ہوگا؟

جواب: حل:

$P_1 = 912\ mm\ Hg$

$V_1 = 450cm^3$

$P_2 = 0.4atm$

$= 0.4 \times 760$

$= 304mm\ Hg$

$V_2 = ?$

بوائل کے قانون کے مطابق

$P_1V_1 = P_2V_2$

$V_2 = \frac{P_1V_1}{P_2}$

$V_2 = \frac{912 \times 450}{304} = 1350\ cm^3$

سوال 4: ایک گیس کا پریشر 1atm اور والیم $800\ cm^3$ ہے، جب اسے $1200\ cm^3$ تک پھیلنے دیا جائے تو اس کا mmHg میں پریشر کتنا ہوگا؟

جواب:

$P_1 = 1atm$

$V_1 = 800\ cm^3$

$P_2 = ?$

$V_2 = 1200\ cm^3$

بوائل کے قانون کے مطابق

$P_1V_1 = P_2V_2$

$P_2 = \frac{P_1V_1}{V_2}$

$P_2 = \frac{1 \times 800}{1200} = 0.66\ atm$

$P_2 = 0.66 \times 760 = 506.66\ mm\ Hg$

سوال 5: ایک مخصوص ماس کی گیس کا والیم $87.5cm^3$ سے $118cm^3$ تک بڑھتا ہے جبکہ پریشر کونسٹنٹ ہو۔ اگر اس کا ابتدائی ٹمپریچر 23°C ہو تو اس کا آخری ٹمپریچر کیا ہوگا؟

جواب:

$V_1 = 87.5cm^3$

$V_2 = 118cm^3$

$T_1 = 23°C = 23 + 273 = 296K$

$T_2 = ?$

چارلس کے قانون کے مطابق

$\frac{V_1}{T_1} = \frac{V_2}{T_2}$

$T_2 = \frac{V_2T_1}{V_1}$

$T_2 = \frac{118 \times 296}{87.5} = 399K$

$T_2 = 399 - 273 = 126°C$

سوال 6: ایک گیس کو کونسٹنٹ پریشر پر 30°C سے 10°C تک ٹھنڈا کیا گیا ہے۔ بتائیے

(a) کیا گیس کا والیم اس کے اصل والیم سے 1/3 کم ہو جائے گا؟

(b) اگر نہیں، تو پھر والیم کس نسبت سے کم ہوگا؟

جواب: فرض کریں گیس کا ابتدائی والیم $1dm^3$ ہے۔

$V_1 = 1dm^3$

$V_2 = ?$

$T_1 = 30°C = 30 + 273 = 303K$

$T_2 = 10°C = 10 + 273 = 283k$

چارلس کے قانون کے مطابق

downloaded from https://infohubhmssissed.com/

Scanned with CamScanner

$$\frac{V_1}{T_1} = \frac{V_2}{T_2}$$

$$V_2 = \frac{V_1 T_2}{T_1}$$

$$V_2 = \frac{1 \times 283}{303} = 0.93\ dm^3$$

پس گیس کا والیم اس کے اصل والیم سے $\frac{1}{3}$ گنا کم نہیں ہوگا بلکہ یہ 1:0.93 کی نسبت سے کم ہوگا۔

سوال 7: ایک غبارہ جو سٹینڈرڈ ٹمپریچر اور پریشر پر $1.6\ dm^3$ ہوا سے بھرا ہوا ہے، کو پانی کی گہرائی میں لے جایا گیا جہاں اس کا پریشر 3.0 atm بڑھ گیا۔ فرض کریں کہ ٹمپریچر تبدیل نہیں ہوا، تو غبارے کا نیا والیم کیا ہوگا۔ کیا یہ سکڑے گا یا پھیلے گا؟

جواب:

$P_1 = 1 atm$ (سٹینڈرڈ پریشر)

$V_1 = 1.6 dm^3$

$P_2 = 3.0\ atm$

$V_2 = ?$

بوائل کے قانون کے مطابق

$$P_1V_1 = P_2V_2$$

$$V_2 = \frac{P_1 \times V_1}{P_2}$$

$$V_2 = \frac{1 \times 1.6}{3} = 0.53\ dm^3$$

کیونکہ نیا والیم کم ہو گیا ہے اس لیے غبارہ سکڑے گا۔

سوال 8: نی اون گیس بہت کم پریشر 0.4 atm پر $75.0\ cm^3$ جگہ گھیرتی ہے۔ فرض کیا اگر ٹمپریچر کونسٹنٹ ہو تو 1.0 atm پریشر اس کا والیم کیا ہوگا؟

جواب:

$P_1 = 0.4\ atm$

$V_1 = 75\ cm^3$

$P_2 = 1.0\ atm$

$V_2 = ?$

بوائل کے قانون کے مطابق

$$P_1V_1 = P_2V_2$$

$$V_2 = \frac{P_1 \times V_1}{P_2}$$

$$V_2 = \frac{0.4 \times 75}{1} = 30\ cm^3$$

سوال 9: $17\ °C$ ٹمپریچر پر ایک گیس کا والیم $35.0 dm^3$ ہے اگر کونسٹنٹ پریشر پر گیس کے ٹمپریچر کو $34\ °C$ تک بڑھایا جائے تو کیا آپ توقع رکھتے ہیں کہ والیم دوگنا ہوگا؟ اگر نہیں تو نیا والیم معلوم کریں۔

جواب:

$V_1 = 35.0 dm^3$

$V_2 = ?$

$T_1 = 17\ °C = 17 + 273 = 290\ K$

$T_2 = 34\ °C = 34 + 273 = 307\ K$

چارلس کے قانون کے مطابق

$$\frac{V_1}{T_1} = \frac{V_2}{T_2}$$

$$V_2 = \frac{35 \times 307}{290} = 37\ dm^3$$

پس نیا والیم دوگنا نہیں ہوگا بلکہ نیا والیم $37\ dm^3$ ہوگا۔

سوال 10: سیٹرن (Saturn) کا سب سے بڑا چاند ٹائٹن (Titan) ہے جس کا ایٹموسفیرک پریشر $1.6 \times 10^5 Pa$ ہے۔ atm میں اس کا ایٹموسفیر پریشر کیا ہوگا؟ کیا یہ زمین کے ایٹموسفیرک پریشر سے زیادہ ہوگا؟

جواب:

ٹائٹن کا ایٹموسفیرک پریشر $= P = 1.6 \times 10^5 Pa$

$101325\ Pa = 1 atm$

$$1\ pa = \frac{1}{101325} atm$$

$$1.6 \times 10^5 Pa = \frac{1 \times 1.6 \times 10^5}{101325} atm$$

$$\frac{1 \times 16000}{101325} = 1.58 atm$$

ہاں ٹائٹن کا ایٹموسفیرک پریشر زمین کے ایٹموسفیرک پریشر سے زیادہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

downloaded from https://infohubhmssissed.com/

Scanned with CamScanner

باب	6	سلوشنز	معروضی، مختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1۔ سلوشن اور خالص مائع کے درمیان فرق جاننے کا سادہ ترین طریقہ ہے؟ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]
(A) ایویپوریشن (B) ڈسٹلیشن (C) ہائیڈریشن (D) ہیلوجینیشن

2۔ سلوشن جو کسی شے کو پانی میں حل کرنے سے وجود میں آئے کہلاتا ہے؟ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]
(A) ایکوئس سلوشن (B) سیچوریٹڈ سلوشن (C) اَن سیچوریٹڈ سلوشن (D) سُپر سیچوریٹڈ سلوشن

3۔ سوفٹ ڈرنک میں سولوینٹ ہے: [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]
(A) بینزین (B) پانی (C) دودھ (D) تیل

4۔ کونسا ٹھوس میں گیس کا سلوشن ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]
(A) ہوا میں دھواں (B) مکھن (C) پراس (D) دھند

5۔ گیس میں گیس سلوشن ہے: [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]
(A) دھواں (B) مسٹ (C) دھند (D) ہوا

downloaded from https://infohubrms.sissed.com/

6۔ دھند کس سلوشن کی مثال ہے؟ [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]
(A) مائع میں گیس (B) گیس میں مائع (C) ٹھوس میں ٹھوس (D) گیس میں ٹھوس

7۔ مرکبات کا کونسا جوڑا حل پذیر ہے؟ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]
(A) ایتھر اور پانی (B) KCℓ اور پانی (C) بینزین اور پانی (D) پیٹرول اور پانی

8۔ پینٹس اور ایتھر حل پذیر ہیں کیونکہ: [RWP-II,MTN-II,RWP-I]
(A) دونوں پولر ہیں (B) دونوں نان پولر ہیں
(C) پینٹس پولر جبکہ ایتھر نان پولر (D) دونوں مائع ہیں

9۔ ٹنڈل ایفیکٹ روشنی کی شعاعوں کے ____ کی وجہ سے ہوتا ہے؟ [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]
(A) رُکنے (B) منتشر نہ ہونے (C) گزرنے (D) منتشر ہونے

10۔ سسپنشن کی مثال ہے: [BWP-II,RWP-I,DGK-II]
(A) شارچ (B) پینٹس (C) ملک آف میگنیشیا (D) پانی میں چاک

2014 - 2019 (Objective Type)

6.1	سلوشن

11۔ سلوشن کے کم از کم اجزاء ہوتے ہیں۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]
(A) 2 (B) 4 (C) 5 (D) 3

12۔ ایکوئس سلوشن کی مثال ہے: [LHR-II,MTN-I,DGK-I,FSD-II]
(A) بینزین (B) پیٹرول (C) ایتھر (D) شوگر اور پانی

Scanned with CamScanner

13- مرکب یونیورسل سولوینٹ کے طور پر تسلیم ہوتا ہے: [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]
(A) پانی (B) بیس (C) الکوحل (D) امونیا

14- ایکوس سلوشن میں سالوینٹ ہوتا ہے: [DGK-II,ALP,MTN-I]
(A) ایسڈ (B) بیس (C) الکوحل (D) پانی

15- سلوشن کا وہ جز جو کم مقدار میں ہو کہلاتا ہے؟ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]
(A) سولیوٹ (B) سالوینٹ (C) مکسچر (D) کولائڈ

16- سلوشن کا وہ جز جو زیادہ مقدار میں ہو کہلاتا ہے؟ [SGD-II,MTN-I,FSD-II,DGK-II]
(A) سولیوٹ (B) سولوینٹ (C) مکسچر (D) کولائڈ

17- ان میں سے کس سلوشن میں پانی کی مقدار زیادہ ہے؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]
(A) 5% (B) 10% (C) 15% (D) 20%

6.2 سچوریٹڈ - سلوشنز

18- عام نمک کا پانی میں کنسنٹریٹڈ سلوشن کہلاتا ہے: [MTN-II,DGK-I/II,ALP,FSD-II]
(A) برائن (B) بینزین (C) الکوحل (D) ایتھر سلوشن

19- کنسنٹریٹڈ ($KMNO_4$) سلوشن کا رنگ ہوتا ہے؟ [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]
(A) گہرا سرخ (B) گہرا سبز (C) گہرا پرپل (D) چمکدار پیلا

20- کون سے سلوشن میں پانی زیادہ ہوتا ہے: [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]
(A) 2M (B) 1M (C) 0.25M (D) 0.50M

downloaded from https://infohubhmsissed.com/

6.3 سلوشن کی اقسام

21- سلوشن کی اقسام ہیں: [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]
(A) 6 (B) 9 (C) 12 (D) 3

22- کونسا ٹھوس میں ٹھوس کا سلوشن ہے: [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]
(A) مکھن (B) دھند (C) براس (D) چیز

23- گیس کا مائع میں سلوشن کی مثال ہے؟ [DGK-II,MTN-I,SGD-I/II,BWP-I]
(A) ہوا (B) آکسیجن پانی میں (C) براس (D) دھند

24- ہوا میں دھواں مثال ہے: [BWP-II,MTN-I,SWL-II,ALP,DGK-I]
(A) گیس میں گیس سلوشن (B) مائع میں گیس سلوشن
(C) گیس میں ٹھوس سلوشن (D) ٹھوس میں ٹھوس سلوشن

25- مکھن سلوشن کی مثال ہے: [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]
(A) مائع میں ٹھوس (B) ٹھوس میں مائع (C) مائع میں گیس (D) گیس میں مائع

26- پیتل ٹھوس سلوشن کی مثال ہے: [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]
(A) ZnC (B) ZnFe (C) ZnCu (D) ZnAl

27- میٹلو الائے مثال ہیں؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]
(A) ٹھوس کا گیس میں سلوشن (B) ٹھوس کا مائع میں سلوشن
(C) ٹھوس کا ٹھوس میں سلوشن (D) گیس کا ٹھوس میں سلوشن

Scanned with CamScanner

28- ایلوئے کس سلوشن کی مثال ہے؟ [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

(A) مائع میں گیس (B) گیس میں ٹھوس (C) ٹھوس میں ٹھوس (D) ٹھوس میں گیس

6.4 کنسنٹریشن یونٹس

29- کنسنٹریشن کس کی نسبت ہے؟ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]

(A) سلوینٹ سے سولیوٹ کی (B) سولیوٹ سے سلوشن کی

(C) سولوینٹ سے سلوشن کی (D) A اور B دونوں

30- اگر $10cm^3$ الکوحل کو پانی میں حل کر کے 100 گرام سلوشن بنایا جائے تو یہ % کہلاتی ہے؟ [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]

(A) $\%\frac{m}{m}$ (B) $\%\frac{m}{v}$ (C) $\%\frac{v}{m}$ (D) $\%\frac{v}{v}$

6.5 سولوبلیٹی

31- ان میں سے کونسا پانی میں حل پذیر ہے؟ [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

(A) الکوحل (B) ایتھر (C) بینزین (D) پیٹرول

32- کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ میں کونسی شے آسانی سے حل ہو سکتی ہے؟ [SWL-II,FSD-I,GUJ-II,BWP-II,MTN-I]

(A) گریس (B) الکوحل (C) شوگر (D) سوڈیم کلورائیڈ

33- کونسا کمپاؤنڈ پانی میں حل پذیر نہیں ہے؟ [BWP-II,MTN-I,ALP,GUJ-II]

(A) C_6H_6 (B) $NaC\ell$ (C) KBr (D) $MgC\ell_2$

34- کون سی شے کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ میں حل پذیر ہے؟ [MTN-II,DGK-I,ALP,SGD-I]

(A) سوڈیم کلورائیڈ (B) سلور نائٹریٹ (C) میگنیشیم آکسائیڈ (D) آئیوڈین

35- کس کی سولوبلیٹی پر ٹمپریچر کا معمولی اثر ہوگا؟ [RWP-II,SGD-II]

(A) $NaC\ell$ (B) $NaNO_3$ (C) KNO_3 (D) $KC\ell$

36- اگر سولیوٹ۔سولیوٹ فورسز سولوینٹ۔سولیوٹ فورسز سے زیادہ مضبوط ہوں تو سولیوٹ: [SGD-I,MTN-II,FSD-I/II,BWP-II]

(A) بلا تعامل حل ہو جاتا ہے۔ (B) حل نہیں ہوتا۔

(C) آہستہ سے حل ہوتا ہے۔ (D) حل ہوتا ہے اور رسوب بنتے ہیں۔

6.6 سلوشن، سسپنشن اور کولائیڈز کا موازنہ

37- حقیقی سلوشن کی مثال ہے: [GUJ-II,RWP-I,FSD-I,MTN-II,SWL-I]

(A) ٹوتھ پیسٹ (B) نشاستہ کا سلوشن

(C) صابن کا سلوشن (D) پانی میں سیاہی کے قطرے

38- ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کرتا ہے: [LHR-I,RWP-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) چاک کا سلوشن (B) جیلی (C) پینٹس (D) شوگر کا سلوشن

39- ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کرتا ہے: [FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-II]

(A) سلوشن (B) کولائیڈ (C) پینٹس (D) سولوینٹ

40- ______ ہیٹروجینئس مکسچر ہے: [DGK-II,SGD-I,BWP-I/II,SWL-I]

(A) دودھ (B) روشنائی (C) ملک آف میگنیشیا (D) شوگر کا سلوشن

downloaded from: https://infohubhrmsissed.com/

Scanned with CamScanner

41۔ ملک آف میگنیشیا مثال ہے: [RWP-II,DGK-I,SGD-II]

(A) سلوشن (B) حقیقی سلوشن (C) کولائڈ (D) سسپنشن

جوابات:

1	A	2	A	3	B	4	A	5	D	6	A	7	B	8	B	9	D	10	A
11	A	12	D	13	A	14	D	15	A	16	B	17	A	18	A	19	C	20	C
21	B	22	C	23	B	24	C	25	B	26	C	27	C	28	A	29	B	30	C
31	A	32	A	33	A-	34	D	35	A	36	B	37	D	38	B	39	B	40	C
41	D																		

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1۔ سلوشن اور خالص مائع میں فرق کیسے معلوم کیا جا سکتا ہے؟ [LHR-II,SGD-II,ALP,MTN-I/II,DGK-I]

جواب: سلوشن اور خالص مائع کے درمیان فرق جاننے کا سادہ ترین طریقہ ایپوریشن ہے۔ جب کوئی مائع مکمل طور پر بخارات بن کر اڑ جائے اور برتن میں کچھ باقی نہ بچے تو یہ ایک خالص کمپاؤنڈ ہے۔ اسکے برعکس جب کسی مائع کے ایپوریٹ ہونے پر کچھ اجزا خشک حالت میں باقی بچ جائیں تو یہ ایک سلوشن ہے۔

2۔ سالیوٹ اور سالوینٹ میں فرق بیان کریں اور مثال دیں۔ [GUJ-II,DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

جواب:

سالیوٹ	سالوینٹ
i۔ سلوشن کا وہ جز جو مقدار میں کم ہو۔ سالیوٹ کہلاتا ہے۔ مثال: شوگر کا پانی میں سلوشن اس میں شوگر سالیوٹ ہے۔	i۔ سلوشن کا وہ جز جو مقدار میں زیادہ ہو۔ سالوینٹ کہلاتا ہے۔ مثال: شوگر کا پانی میں سلوشن اس میں پانی سالوینٹ ہے۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

3۔ ڈائلیوٹ اور کنسنٹریٹڈ سلوشن میں فرق بیان کریں۔ [GUJ-I/II,RWP-I,ALP,FSD-II]

جواب:

ڈائلیوٹ سلوشن	کنسنٹریٹڈ سلوشن
ایسا سلوشن جس میں سالیوٹ کی کم مقدار حل ہوتی ہے۔ ڈائلیوٹ سلوشن کہلاتا ہے۔	ایسا سلوشن جس میں سالیوٹ کی زیادہ مقدار حل ہو کنسنٹریٹڈ سلوشن کہلاتا ہے۔

4۔ الائے کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [GUJII,FSD-I,ALP,DGK-I/II]

جواب: دو یا دو سے زیادہ میٹلز یا نان میٹلز کا آمیزہ الائے کہلاتا ہے۔

مثال: الائے کی بہترین مثال سٹین لیس سٹیل ہے۔ جو کہ آئرن، کرومیم اور نکل کا آمیزہ ہے۔

5۔ مائع کا مائع میں سلوشن کیا ہوتا ہے؟ دو مثالیں دیں۔ [GUJ-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

جواب: ایسا سلوشن جس میں مائع سالیوٹ اور مائع سالوینٹ ہو۔ مائع میں مائع سلوشن کہلاتا ہے۔

مثالیں: i۔ پانی میں الکوحل کا سلوشن ii۔ ٹالوین کا بینزین میں سلوشن

6۔ مولر سلوشن کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]

جواب: مولر سلوشن ایسا سلوشن ہے جس میں ایک مول سالیوٹ کو پانی کی اتنی مقدار میں حل کیا جاتا ہے کہ سلوشن کا والیم $1dm^3$ ہو جائے۔

مثال: سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کے ایک مولر سلوشن کی تیاری کے لیے 40 گرام سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کو اتنے پانی میں حل کیا جاتا ہے کہ سلوشن کا والیم $1dm^3$ ہو جائے۔

Scanned with CamScanner

7- مولر سلوشن کا کتنا والیوم درکار ہوگا اگر آپ کو اس ہی سلوشن کا $100cm^3$ جس کی مولیریٹی 0.01 ہو تیار کرنا ہوگا؟

جواب:

کنسنٹریٹڈ سلوشن کی مولیریٹی $M_1 = 0.1M$

ڈائیلوٹ سلوشن کی مولیریٹی $M_2 = 0.01M$

کنسنٹریٹڈ سلوشن کی مولیریٹی $V_1 = ?$

ڈائیلوٹڈ سلوشن کی مولیریٹی $V_2 = 100cm^3$

فارمولا:

کنسنٹریٹڈ سلوشن = ڈائیلوٹ سلوشن

$$M_1V_1 = M_2V_2$$

$$0.1 \times V_1 = 0.01 \times 100$$

$$V_1 = \frac{0.01 \times 100}{0.1}$$

$$V_1 = 10cm^3$$

8- مثال سے وضاحت کریں کہ سالٹ کی سولوبیلٹی ٹمپریچر کم کرنے سے کم ہوتی ہے؟ [RWP-I/II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

جواب: جب سالٹس جیسا کہ Li_2SO_4 اور $Ce_2(SO_4)_3$ کو پانی میں حل کیا جاتا ہے تو ٹیسٹ ٹیوب گرم ہو جاتی ہے اور حرارت خارج ہوتی ہے اس عمل کو ایکسوتھرمک ری ایکشن کہتے ہیں۔

اس طرح ٹمپریچر میں اضافہ سے سالٹ کی سولوبیلٹی کم ہو جاتی ہے کیونکہ سولیوٹ۔ سولیوٹ اٹریکٹیو فورسز کمزور ہوتی ہیں اور سولوینٹ۔ ایسی صورت میں سولیوٹ فورسز طاقتور ہوتی ہیں اور حرارت خارج ہوتی ہے۔

Downloaded from: https://infohubhmssisseu.com

9- کولائڈز مستحکم کیوں ہوتے ہیں؟ [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,FSD-II,SWL-II]

جواب: کولائڈز ہوموجینیس نظر آتے ہیں لیکن درحقیقت ہیٹروجینیس مکسچر ہوتے ہیں۔ اسکے پارٹیکلز ایک طویل عرصے تک نیچے نہیں بیٹھتے۔ لہٰذا کولائڈز خاصے قیام پذیر ہوتے ہیں۔

10- کولائڈز اور سسپنشن میں فرق تحریر کریں۔ [FSD-II,SGD-I,BWP-II]

جواب:

کولائڈ	سسپنشن
i- کولائڈز ہوموجینیس نظر آتے ہیں لیکن درحقیقت یہ ہیٹروجینیس مکسچر ہوتے ہیں۔	i- سسپنشن دیئے گئے میڈیم میں غیر حل شدہ پارٹیکلز کا ہیٹرو جینیس مکسچر ہے۔
ii- یہ ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔	ii- یہ ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ نہیں کرتے۔
iii- ان میں پارٹیکلز اس قدر چھوٹے ہوتے ہیں کہ ننگی آنکھ سے نہیں دیکھے جاسکتے۔	iii- ان میں پارٹیکلز اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ ننگی آنکھ سے دیکھے جاسکتے ہیں۔

11- سسپنشن سے کیا مراد ہے؟ اس کی ایک مثال بھی لکھیں۔ [SGD-I,DGK-II,ALP,MTN-I]

جواب: سسپنشن ایک دیئے گئے میڈیم میں غیر حل شدہ پارٹیکلز کا ہیٹروجینیس مکسچر ہے۔ پارٹیکلز اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ انہیں خالی آنکھ سے دیکھا جاسکتا ہے۔

مثال: پانی میں چاک۔ ملک آف میگنیشیا

Scanned with CamScanner

2013-2014-2015-2016-2017-2018-2019
Short Questions

6.1 سلوشن

12۔ سلوشن اور ایکوئس سلوشن کی تعریف کریں۔ [SGD-I/II,FSD-I,BWP-II]

جواب: **سلوشن:** دو یا دو سے زیادہ اشیاء کے ہوموجینیس مکسچر کو سلوشن کہتے ہیں۔ مثلاً ہوا۔ سمندر کا پانی۔ براس وغیرہ۔

ایکوئس سلوشن: وہ سلوشن جو کسی شے کے پانی میں حل کرنے سے بنایا جائے اسے ایکوئس سلوشن کہتے ہیں۔ مثلاً نمک کا پانی میں سلوشن شوگر کا پانی میں ایکوئس سلوشن ہے۔

13۔ پانی کو نیورسل سالوینٹ کیوں کہا جاتا ہے؟ [SGD-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: پانی کو اس لیے یونیورسل سالوینٹ کہا جاتا ہے کیونکہ کرہ ارض میں موجود اکثر کمپاؤنڈز اس میں حل ہو جاتے ہیں۔

14۔ سلوشن اور مکسچر میں کیا فرق ہے؟ [LHR-I,GUJ-II,RWP-II]

جواب: سلوشن ہمیشہ ہوموجینیس مکسچر ہوتا ہے جبکہ مکسچر ہوموجینیس بھی ہو سکتا ہے اور ہیٹروجینیس بھی۔

6.2 سیچوریٹڈ۔ سلوشنز

15۔ سیچوریٹڈ اور ان سیچوریٹڈ سلوشنز میں فرق کریں۔ [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

جواب: **سیچوریٹڈ سلوشن:** ایسا سلوشن جس میں کسی خاص ٹمپریچر پر سالیوٹ کی زیادہ سے زیادہ مقدار حل ہوا سے سیچوریٹڈ سلوشن کہتے ہیں۔

اَن سیچوریٹڈ سلوشن: ایسا سلوشن جس میں سالیوٹ کی مقدار اس مقدار سے کم ہو جو مقدار اس سلوشن کو اس خاص درجہ حرارت پر سیچوریٹ کرنے کے لیے درکار ہوتی ہے۔ اَن سیچوریٹڈ سلوشن کہلاتا ہے۔

16۔ سُپر سیچوریٹڈ سلوشن کی تعریف کریں۔ اور یہ کیسے تیار کیا جاتا ہے؟ [GUJ-II;RWP-II,DEK-I,BWP-II]

جواب: ایسا سلوشن جو سیچوریٹڈ سلوشن سے زیادہ کنسنٹریٹڈ ہو سُپر سیچوریٹڈ سلوشن کہلاتا ہے۔

سُپر سیچوریٹڈ سلوشن کی تیاری:

سُپر سیچوریٹڈ سلوشن بنانے کے لیے سیچوریٹڈ سلوشن کو زیادہ ٹمپریچر پر تیار کیا جائے پھر جب اِسے ایک خاص ٹمپریچر تک ٹھنڈا کیا جاتا ہے تو سالیوٹ کی زائد مقدار کرسٹلائنز ہو کر الگ ہو جاتی ہے اور پیچھے ایک سیچوریٹڈ سلوشن رہ جاتا ہے۔

مثال: 20°C پر سوڈیم تھایوسلفیٹ ($Na_2S_2O_3$) کے سیچوریٹڈ سلوشن میں اس کی مقدار $100\ cm^3$ پانی میں 20.9 گرام ہوتی ہے۔ جب ایسے سلوشن میں سالیوٹ کی مقدار اس سے کم ہو تو سلوشن اَن سیچوریٹڈ سلوشن کہلاتا ہے اور اگر مقدار اس سے زیادہ ہو تو سلوشن سُپر سیچوریٹڈ سلوشن کہلاتا ہے۔

6.3 سلوشن کی اقسام

17۔ ٹھوس میں ٹھوس محلول کیا ہوتا ہے؟ دو مثالیں دیں۔ [GUJ-II,RWP-II]

جواب: ایسا سلوشن جس میں سالیوٹ اور سالوینٹ دونوں ٹھوس حالت میں ہوں۔ ٹھوس میں ٹھوس سلوشن کہلاتا ہے۔ **مثالیں:** الائے اور اوپلز وغیرہ۔

18۔ ٹھوس مائع سلوشن / کیا ہوتا ہے؟ دو مثالیں دیں۔ [GUJ-II,FSD-I/II,SGD-I,BWP-II]

جواب: ایسا سلوشن جس میں ٹھوس سالیوٹ ہو اور مائع سالوینٹ ہو ٹھوس مائع سلوشن کہلاتا ہے۔

مثالیں: چینی کا پانی میں سلوشن جس میں چینی سالیوٹ اور پانی سالوینٹ ہے۔

Downloaded from https://informationsissed.com/

Scanned with CamScanner

19۔ دھند اور براس سلوشنز کی کونسی قسم ہیں؟ [GUJ-I/II,FSD-II,SGD-II]

جواب: دھند کا سلوشن گیس میں مائع کے سلوشن کی مثال ہے۔ جب کہ براس سلوشن ٹھوس میں ٹھوس کے سلوشن کی مثال ہے۔

20۔ درج ذیل میں ہر ایک کی دو دو مثالیں دیں۔ [GUJ-II,RWP-II,ALP,MTN-I,DGK-II]

جواب: گیس کا مائع میں سلوشن:

i۔ پانی میں آکسیجن۔ پانی میں کاربن ڈائی آکسائیڈ

ii۔ گیس کا گیس میں سلوشن:

ہوا۔ موسمی غباروں میں H_2 اور He کا آمیزہ۔

6.4 کنسنٹریشن یونٹس

21۔ پرسنٹیج۔ ماس/ماس سے کیا مراد ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,BWP-II]

جواب: سولیوٹ کی گرامز میں وہ مقدار جو سلوشن کے 100 گرامز میں حل ہو پرسنٹیج ماس/ماس کہلاتی ہے۔

$$\%m/m = \frac{\text{سولیوٹ کا ماس (g)}}{\text{سلوشن کا ماس (g)}} \times 100$$

22۔ پرسنٹیج ماس/والیم سے کیا مراد ہے؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-I,MTN-I/II]

جواب: سولیوٹ کے گرامز کی تعداد جو سلوشن کے $100cm^3$ میں حل ہو پرسنٹیج ماس/والیم %m/v کہلاتی ہے۔

$$\%m/v = \frac{\text{سولیوٹ کا ماس (g)}}{\text{سلوشن کا والیم } (cm^3)} \times 100$$

23۔ پرسنٹیج والیم/ماس سے کیا مراد ہے؟ [GUJ-I/II,FSD-I/II,DGK-I]

جواب: سولیوٹ کا والیم (cm^3) میں جو سلوشن کے 100 گرامز میں حل ہو پرسنٹیج $\%v/m = \frac{\text{والیم}}{\text{ماس}}$ کہلاتی ہے۔

$$\%v/m = \frac{\text{سولیوٹ کا والیم } (cm^3)}{\text{سلوشن کا ماس (g)}} \times 100$$

24۔ مولیریٹی کی تعریف کریں اور فارمولا لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,ALP,FSD-II]

جواب: سولیوٹ کے مولز کی تعداد جو $1dm^3$ سلوشن میں حل کی گئی ہو اسے مولیریٹی کہتے ہیں۔ اسے M سے ظاہر کرتے ہیں۔

$$\text{مولیریٹی} = \frac{\text{سولیوٹ کے مولز کی تعداد}}{\text{سلوشن کا والیم}}$$

25۔ ایک مولر سلوشن تیار کرنے کے لیے KOH کی کتنی مقدار درکار ہوگی؟ [MTN-II,FSD-I,SGD-I]

جواب:

KOH کا ماس = ?

KOH کا مولر ماس = 39 + 16 + 1

= $56\ mol^{-1}$

سلوشن کا والیم = $1dm^3$

سولیوٹ کا ماس = سولیوٹ کا مولر ماس × مولیریٹی

= سلوشن کا ماس والیم dm^3 میں

سولیوٹ کا ماس = 1 × 56 × 1

56 گرام

downloaded from https://infohubmissed.com/

Scanned with CamScanner

26- سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کی کتنی مقدار چاہیے جو اس کے $500cm^3$ کا 0.4m محلول ہو۔ [SGD-I/II,MTN-II,BWP-I]

جواب:

NaOH کا ماس = ?

سلوشن کا والیم = $\frac{500\ cm^3}{1000}$ dm^3=0.5 dm^3

سلوشن کا والیم = 0.4m

NaOH کا مولر ماس = 23 + 16+ 1 = 40g mol^{-1}

NaOH کا ماس = سالیوٹ کا مولر ماس × مولیریٹی

= سلوشن کا والیم dm^3 میں

= 0.4×40×0.5

NaOH کا ماس 8 گرام

سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کا 0.4 کا $500\ cm^3$ سلوشن تیار کرنے کے لیے سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کے 8 گرام مقدار درکار ہوتی ہے۔

27- ایک مولر سلوشن زیادہ کنسنٹریٹڈ ہے یا تین مولر سلوشن؟ [MTN-II,ALP,BWP-II]

جواب: سولیوٹ کی مقدار بڑھانے سے سلوشن کی کنسنٹریشن اور مولیریٹی بھی بڑھتی ہے اس لیے 3 مولر سلوشن 1 مولر سلوشن سے زیادہ کنسنٹریٹڈ ہوتا ہے۔

6.5 سولوبیلٹی

28- سولوبیلٹی کی تعریف کریں۔ [RWP-II,ALP,DGK-I]

جواب: سولوبیلٹی کسی سولیوٹ کی گرامز میں وہ مقدار ہے جو کسی خاص ٹمپریچر پر 100 گرام سولوینٹ میں حل ہو کر سیچوریٹڈ سلوشن بنائے۔

29- "Like dissolve Like" کی وضاحت کریں۔ [DGK-I,BWP-I,SWL-I]

جواب: سولوبیلٹی کا عمومی اصول "Like dissolve Like" ہے۔ پولر اشیاء پولر سولوینٹس میں حل ہوتی ہیں۔ مثلاً سوڈیم کلورائیڈ اور الکوحل پانی حل ہوتے ہیں اور نان پولر اشیا نان پولر اشیا سولوینٹس میں حل ہوتے ہیں مثلاً گریس اور پینٹ کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ میں حل ہوتے ہیں۔

30- بینزین پانی میں حل کیوں نہیں ہوتی؟ اور دو نان پولر سولوینٹ کے نام لکھیں۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: بینزین ایک نان پولر کوویلینٹ کمپاؤنڈ ہے۔ جس کی وجہ سے یہ پانی میں حل نہیں ہوتا کیونکہ پانی ایک پولر کمپاؤنڈ ہے۔

نان پولر سولوینٹس: بینزین، ایتھر، کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ، پیٹرول

31- نفتھلین CCl_4 میں حل پذیر ہے مگر پانی میں نہیں کیوں؟ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: پانی ایک پولر مالیکیول ہے جبکہ نفتھلین اور آئیوڈین دونوں نان پولر مالیکیول ہیں جو کہ ایک نان پولر سالوینٹ کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ CCl_4 میں "Like dissolve Like" کے اصول کے تحت حل پذیر ہیں۔

32- جب KNO_3 کو پانی میں حل کیا جاتا ہے تو ٹیسٹ ٹیوب ٹھنڈی کیوں ہو جاتی ہے؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

جواب: جب KNO_3 اور KCl جیسے سالٹس کو پانی میں ڈالا جاتا ہے تو ٹیسٹ ٹیوب ٹھنڈی ہو جاتی ہے اور اس عمل کے دوران حرارت جذب ہوتی ہے اس طرح کے عمل کو اینڈوتھرمک کیا جاتا ہے۔ لہٰذا سولیوٹ کی سولوبیلٹی ٹمپریچر میں اضافہ سے بڑھتی ہے۔

33- پانی میں حل ہونے والے دو آئیونک کمپاؤنڈ کے فارمولے لکھیں۔ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: سوڈیم کلورائیڈ NaCl

کاپر سلفیٹ $CuSO_4$

downloaded from https://informationhrmsissed.com/

Scanned with CamScanner

34۔ اینڈوتھرمک اور ایکسوتھرمک ری ایکشن میں فرق کریں۔ [DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

جواب:

اینڈوتھرمک ری ایکشن	ایکسوتھرمک ری ایکشن
ایسا ری ایکشن جس میں حرارت جذب ہوتی ہے اینڈوتھرمک ری ایکشن کہلاتا ہے۔	ایکسوتھرمک ری ایکشن ایسا ری ایکشن جس میں حرارت خارج ہوتی ہے ایکسوتھرمک ری ایکشن کہلاتا ہے۔

6.6 سلوشن ، سسپنشن اور کولائڈز کا موازنہ

35۔ سلوشن کو مکسچر کیوں تصور کیا جاتا ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: سلوشن کو ایک مکسچر سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ ہمیشہ سالیوٹ کا سالوینٹ میں ہوموجینیئس مکسچر سے بنتا ہے۔

36۔ کولائیڈ کیا ہیں؟ یہ ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کیوں کرتے ہیں؟ [GUJ-I,MTN-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: کولائیڈ: کولائیڈز ایسے سلوشن ہوتے ہیں جن میں سولیوٹ کے پارٹیکلز حقیقی سلوشن میں موجود سولیوٹ کے پارٹیکلز سے بہت بڑے ہوتے ہیں لیکن اتنے بڑے نہیں ہوتے کہ خالی آنکھ سے نظر آ سکیں۔

کولائیڈز کے پارٹیکلز اگرچہ سولوینٹ میں حل ہو جاتے ہیں مگر وہ اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ روشنی کی شعاعوں کو منتشر کر سکتے ہیں۔ اس لیے یہ ٹنڈل ایفیکٹ ظاہر کرتے ہیں۔

37۔ ٹنڈل ایفیکٹ کیا ہے؟ یہ کن عوامل پر منحصر ہے؟ [DGK-I,BWP-II]

جواب: کولائڈ کے پارٹیکلز کا روشنی کو منتشر کرنا ٹنڈل ایفیکٹ کہلاتا ہے۔ مثلاً خون، دودھ، جیلی، صابن کا سلوشن وغیرہ۔

ٹنڈل ایفیکٹ کا انحصار پارٹیکلز کے سائز پر ہوتا ہے۔

38۔ کولائڈ اور سلوشن میں فرق تحریر کریں۔ [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

کولائڈ	سلوشن
i۔ کولائڈز ہوموجینیئس نظر آتے ہیں لیکن درحقیقت یہ ہیٹروجینیئس مکسچر ہوتے ہیں۔	i۔ دو یا دو سے زیادہ اجزا کا ہوموجینیئس مکسچر سلوشن کہلاتا ہے۔
ii۔ یہ ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔	ii۔ یہ ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ نہیں کرتے۔
iii۔ ان میں پارٹیکلز اس قدر چھوٹے ہوتے ہیں کہ ننگی آنکھ سے نہیں دیکھے جا سکتے۔	iii۔ ان میں پارٹیکلز بڑے ہوتے ہیں لیکن اتنے نہیں کہ ننگی آنکھ سے دیکھے جا سکیں۔

39۔ کولائیڈ کی دو خصوصیات لکھیں۔ [GUJ-II,ALP,MTN-II,DGK-I]

جواب: i ۔ کولائڈز ہوموجینیئس نظر آتے ہیں لیکن یہ درحقیقت ہیٹروجینیئس مکسچر ہوتے ہیں۔

ii۔ یہ ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ iii۔ سولیوٹ کے پارٹیکلز فلٹر پیپر سے نہیں گزر سکتے۔

iv۔ ان کے پارٹیکلز بڑے سائز کے ہوتے ہیں لیکن اتنے نہیں کہ خالی آنکھ سے دیکھے جا سکیں۔

40۔ آپ اس بات کی کس طرح وضاحت کریں گے کہ دودھ ایک کولائڈ ہے؟ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: i۔ دودھ ایک کولائڈ ہے کیونکہ اسکے پارٹیکلز عام فلٹر پیپر سے گزر جاتے ہیں۔

ii۔ پارٹیکلز روشنی کو منتشر کر کے ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

41۔ دیئے گئے کولائڈ اور سسپنشن کی شناخت کریں۔ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

جواب: پینٹس۔ صابن کا محلول جیلی، دودھ۔ ملک آف میگنیشیا

i۔ صابن کا محلول۔ دودھ اور جیلی کولائڈز ہیں۔ ii۔ پینٹس اور ملک آف میگنیشیا سسپنشن ہیں۔

downloaded from https://infohubhrmsissed.com/

Scanned with CamScanner

مشقی سوالات کا حل

1. دھند کس سلوشن کی مثال ہے؟
(A) گیس میں مائع (B) مائع میں گیس (C) گیس میں ٹھوس (D) ٹھوس میں مائع

2. ان میں کون سا سلوشن ٹھوس میں مائع ہے؟
(A) پانی میں شوگر (B) مکھن (C) پانی میں نمک (D) کہر

3. کنسنٹریشن کس کی نسبت ہے؟
(A) سولوینٹ سے سولیوٹ کی (B) سولیوٹ سے سلوشن کی (C) سولوینٹ سے سلوشن کی (D) دونوں a اور b

4. ان میں سے کس سلوشن میں پانی زیادہ ہوتا ہے؟
(A) 2M (B) 1M (C) 0.5M (D) 0.25M

5. 5% شوگر کے سلوشن سے مراد ہے کہ:
(A) 90 گرام پانی میں 5 گرام شوگر حل کی گئی ہے۔ (B) 100 گرام پانی میں 5 گرام شوگر حل کی گئی ہے۔
(C) 105 گرام پانی میں 5 گرام شوگر حل کی گئی ہے۔ (D) 95 گرام پانی میں 5 گرام شوگر حل کی گئی ہے۔

6. اگر سولیوٹ۔سولیوٹ فورسز۔سولوینٹ فورسز سے زیادہ مضبوط ہوں تو سولیوٹ
(A) بلا تاخیر حل ہو جاتا ہے (B) حل نہیں ہوتا
(C) آہستہ سے حل ہوتا ہے (D) حل ہوتا ہے اور رسوب (precipitates) بنتے ہیں

7. ان میں سے کس کی سولیوبیلٹی پر ٹمپریچر کا معمولی اثر ہوگا۔
(A) KCl (B) KNO_3 (C) $NaNO_3$ (D) NaCl

8. درج ذیل میں سے کون سا ہیٹروجینئس مکسچر ہے؟
(A) ملک (دودھ) (B) روشنائی (C) ملک آف میگنیشیا (D) شوگر کا سلوشن

9. ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہر کرتا ہے؟
(A) شوگر کا سلوشن (B) پینٹس (C) جیلی (D) چاک کا سلوشن

10. ٹنڈل ایفیکٹ کس وجہ سے ہے؟
(A) روشنی کی شعاعوں کے منتشر نہ ہونے کی وجہ سے (B) روشنی کی شعاعوں کے رکنے کی وجہ سے
(C) روشنی کی شعاعوں کے گزرنے کی وجہ سے (D) روشنی کی شعاعوں کے منتشر ہونے کی وجہ سے

11. اگر 100 گرام پانی میں $10cm^3$ الکحل حل کیا جائے تو یہ کہلاتا ہے:
(A) % m/m (B) % m/v (C) % v/m (D) % v/v

12. جب ایک سیچوریٹڈ سلوشن کو ڈائیلوٹ کیا جاتا ہے تو یہ بن جاتا ہے۔
(A) سپر سیچوریٹڈ سلوشن (B) ان سیچوریٹڈ سلوشن (C) کنسنٹریٹڈ سلوشن (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

13. مولیریٹی سولیوٹ کے مولز کی تعداد ہے جو حل شدہ ہو۔
(A) سلوشن کے 1 کلوگرام (B) سولوینٹ کے 100 گرام میں
(C) سولوینٹ کے $1dm^3$ میں (D) سلوشن کے $1dm^3$ میں

جوابات

D	5	D	4	B	3	A	2	A	1
D	10	C	9	C	8	D	7	B	6
				D	13	B	12	C	11

downloaded from https://infohubbhansissed.com

Scanned with CamScanner

مختصر سوالات

.1 سسپنشنز اور سولوشنز ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کیوں نہیں کرتے؟ جبکہ کولائیڈز کرتے ہیں۔

جواب: (i) سلوشن کے پارٹیکلز بہت چھوٹے ہوتے ہیں، اس لیے روشنی ان سے ٹکرا کر منتشر نہیں ہو سکتی پس ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ نہیں ہوتا۔

(ii) سسپنشن کے پارٹیکلز بہت بڑے ہوتے ہیں اور انہیں خالی آنکھ سے دیکھا جا سکتا ہے۔ پس روشنی کی شعاعوں کو روک لیتے ہیں اور وہ ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ نہیں کرتے۔

(iii) کولائیڈز کے پارٹیکلز اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ روشنی ان سے ٹکرا کر منتشر ہو جاتی ہے اور ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

.2 سولوشنز اور کولائیڈز میں فرق کی کیا وجہ ہے؟

جواب: پارٹیکلز کا مختلف سائز میں ہونا سلوشن اور کولائیڈ میں فرق کی وجہ ہے۔ سلوشن میں پارٹیکلز بہت چھوٹے ہوتے ہیں اس لیے سلوشن کے پارٹیکلز روشنی کو منتشر نہیں کر سکتے۔ کولائیڈ کے پارٹیکلز اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ روشنی کی شعاعیں ان سے ٹکرا کر مختلف سمتوں میں منتشر ہو جاتی ہیں اسے ٹنڈل ایفیکٹ کہتے ہیں۔

.3 سسپنشن ہوموجینیئس مکسچر کیوں نہیں بناتے؟

جواب: سسپنشن کے پارٹیکلز بہت بڑے ہوتے ہیں اور خالی آنکھ سے نظر آ سکتے ہیں۔ اس لیے وہ غیر حل شدہ رہتے ہیں اس لیے وہ ہوموجینیئس مکسچر نہیں بناتے۔

.4 آپ کس طرح بیان کر سکیں گے کہ دیا گیا سلوشن کولائیڈل ہے یا نہیں؟

جواب: ٹنڈل ایفیکٹ کے ذریعے ہم معلوم کریں گے کہ دیا گیا سلوشن کولائیڈل ہے یا نہیں۔ دیئے گئے سلوشن میں سے روشنی گزاریں گے۔ اگر روشنی کی شعاعیں ٹکرا کر منتشر ہو جائیں تو سلوشن کولائیڈل ہوگا۔

.5 درج ذیل میں سے حقیقی سلوشن اور کولائیڈ کی درجہ بندی کیجیے۔

خون، نشاستہ کا سلوشن، گلوکوز کا سلوشن، ٹوتھ پیسٹ، کاپر سلفیٹ کا سلوشن اور سلور نائٹریٹ کا سلوشن۔

جواب: (i) گلوکوز کا سلوشن، کاپر سلفیٹ کا سلوشن اور سلور نائٹریٹ کا سلوشن حقیقی سلوشن کی مثالیں ہیں۔

(ii) خون، ٹوتھ پیسٹ اور نشاستہ کا سلوشن کولائیڈز کی مثالیں ہیں۔

downloaded from

.6 ہم استعمال سے پہلے پینٹس کو اچھی طرح سے کیوں ہلاتے ہیں؟

جواب: کیونکہ پینٹس سسپنشن ہوتے ہیں۔ ان میں پارٹیکلز بہت بڑے ہوتے ہیں جو خالی آنکھ سے نظر آ سکتے ہیں اور کچھ عرصے بعد وہ نیچے بیٹھ جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ استعمال سے پہلے پینٹس کو اچھی طرح ہلاتے ہیں۔

.7 ان میں سے کون سا روشنی کو منتشر کرے گا اور کیوں؟ شوگر کا سلوشن، صابن کا سلوشن اور ملک آف میگنیشیا

جواب: صابن کا سلوشن ایک کولائیڈ ہے اس کے پارٹیکلز بڑے ہوتے ہیں اس لیے وہ روشنی کو منتشر کرے گا، شوگر کا سلوشن ایک حقیقی سلوشن ہے اور ملک آف میگنیشیا ایک سسپنشن ہے۔ وہ دونوں روشنی کو منتشر نہیں کریں گے۔

.8 like dissolves like اس کا کیا مطلب ہے مثالوں سے وضاحت کریں۔

جواب: سولوبیلٹی کا عام اصول یہ ہے کہ ایک ہی قسم کے سولیوٹ اور سولوینٹ ایک دوسرے میں حل ہوتے ہیں یا Like dissolves Like

(i) پولر اشیا پولر سولوینٹس میں حل ہوتی ہیں۔ آئیونک اور پولر کمپاؤنڈ پانی میں حل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً $NaCl$، KCl، $CuSO_4$، Na_2CO_3، شوگر اور الکوحل تمام پانی میں حل ہوتے ہیں۔

(ii) نان پولر اشیا پولر سولوینٹس میں حل نہیں ہوتیں۔ مثلاً ایتھر، بینزین اور پیٹرول نان پولر ہیں۔ اس لیے وہ پانی میں حل نہیں ہوتے۔

.9 سولیوٹ۔ سولیوٹ اور سولوینٹ۔ سولوینٹ کی اٹریکٹو فورسز سولوبیلٹی پر کیسے اثر انداز ہوتی ہیں؟

جواب: (i) اگر سلوشن میں نئی پیدا ہونے والی سولیوٹ۔ سولوینٹ اٹریکٹو فورسز پہلے سے موجود سولیوٹ۔ سولیوٹ فورسز اور سولوینٹ۔ سولوینٹ فورسز سے زیادہ طاقتور ہوں تو سولیوٹ حل ہو جاتا ہے اور سلوشن بن جاتا ہے۔ مثلاً $NaCl$ کا پانی میں حل ہونا۔

Scanned with CamScanner

(ii) اگر سلوشن میں نئی پیدا ہونے والی سولیوٹ۔ سولوینٹ اٹریکٹو فورسز پہلے سے موجود سولیوٹ۔ سولیوٹ فورسز اور سولوینٹ۔ سولوینٹ فورسز سے کمزور ہوں تو سولیوٹ حل نہیں ہوتا اور سلوشن نہیں بنتا۔ مثلاً AgCl کا پانی میں حل نہ ہونا۔

10. NaCl کا سلوشن تیار کرنے کے لیے آپ سولیوٹ۔ سولوینٹ کی انٹرایکشن کی وضاحت کیسے کر سکتے ہیں؟

جواب: جب سوڈیم کلورائڈ کو پانی میں ڈالا جاتا ہے تو یہ جلد حل ہو جاتا ہے۔ ہم سوڈیم کے کرسٹل Na^+ اور Cl^- آئنز کے درمیان طاقتور اٹریکٹو فورسز موجود ہوتی ہیں۔ لیکن جب NaCl کو پانی میں ڈالتے ہیں تو اس کے آئنز اور پانی کے پولر مالیکیولز کے درمیان زیادہ طاقتور اٹریکٹو فورسز پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس عمل میں پانی کے ڈائی پول کا پوزیٹو سرا Cl^- آئنز کی طرف رخ کر لیتا ہے اور پانی کے ڈائی پول کا نیگیٹو سرا Na^+ آئنز کی طرف رخ کر لیتا ہے انہیں آئن ڈائی پول فورسز کہتے ہیں۔ یہ آئن ڈائی پول اٹریکٹو فورسز اتنی طاقتور ہوتی ہیں کہ یہ کرسٹل میں سے آئنز کو ان کی پوزیشن سے نکال دیتی ہیں اور یوں NaCl پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

11. ایک مثال دے کر ثابت کریں کہ ٹمپریچر میں اضافے سے سالٹ کی سولوبلٹی بڑھتی ہے۔

جواب: کچھ سالٹس ایسے ہیں کہ جب ان کو پانی میں حل کیا جائے تو حرارت جذب ہوتی ہے۔ اس عمل کو اینڈوتھرمک (Endothermic) کہتے ہیں۔ اس عمل کے دوران ٹیسٹ ٹیوب ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔ مثلاً KCl، KNO_3 اور $NaNO_3$ وغیرہ۔ اسے درج ذیل مساوات سے ظاہر کرتے ہیں۔

حرارت+سولیوٹ+سولوینٹ ⟶ سلوشن

ایسی صورت میں ٹمپریچر کے بڑھانے سے سولوبلٹی بڑھ جاتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ سولیوٹ۔ سولیوٹ فورسز طاقتور ہوتی ہیں۔ جنہیں توڑنے کے لیے حرارت درکار ہوتی ہے۔ یہ حرارت اردگرد کے مالیکیولز سے پوری کی جاتی ہے اس لیے ٹمپریچر گر جاتا ہے اور ٹیسٹ ٹیوب ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔

12. $\%\frac{v}{v}$ سے کیا مراد ہے؟

جواب: پرسنٹیج والیم/والیم $(\%\frac{v}{v})$ سولیوٹ کا والیم cm^3 میں جو سلوشن کے $100cm^3$ میں حل ہو پرسنٹیج والیم/والیم کہلاتی ہے۔ مثلاً 30%v/v الکوحل کے سلوشن سے مراد یہ ہے کہ $30cm^3$ الکوحل کو پانی میں حل کر کے $100cm^3$ سلوشن بنایا گیا ہے۔ اس کا فارمولا درج ذیل ہے۔

$$\text{پرسنٹیج والیم/والیم}\ (\%\frac{v}{v}) = \frac{\text{سولیوٹ کا والیم}\ (cm^3)}{\text{سلوشن کا والیم}\ (cm^3)} \times 100$$

downloaded from https://

انشائیہ سوالات

☆ سولوبلٹی کا عام طور پر اصول کیا ہے؟

جواب: **سولوبلٹی کا عام اصول (General Principle of Solubility):** سولوبلٹی کا عام اصول یہ ہے کہ ایک ہی قسم کے سولیوٹ اور سولوینٹ ایک دوسرے میں حل ہوتے ہیں یا Like Dissolves Like۔

(i) پولر اشیا پولر سولوینٹس میں حل ہوتی ہیں۔ آئیونک اور پولر کمپاؤنڈز پانی میں حل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً NaCl، KCl، $CuSO_4$، Na_2CO_3، شوگر اور الکوحل تمام پانی میں حل ہوتے ہیں۔

(ii) نان پولر اشیا سولوینٹس میں حل نہیں ہوتیں۔ مثلاً ایتھر، بینزین اور پٹرول نان پولر ہیں۔ اس لیے وہ پانی میں حل نہیں ہوتے۔

(iii) نان پولر اشیا نان پولر سولوینٹس میں حل ہوتی ہیں۔ مثلاً گریس، نیفتھلین اور پینٹس وغیرہ ایتھر یا کاربن ٹیٹرا کلورائڈ میں حل ہوتے ہیں۔

☆ سولوبلٹی پر ٹمپریچر کا اثر بحث کریں۔

جواب: **سولوبلٹی پر ٹمپریچر کا اثر (Effect of Temperature on Solubility):** سولوبلٹی پر ٹمپریچر کا بڑا اثر ہوتا ہے عام طور پر ٹمپریچر بڑھانے سے سولوبلٹی میں اضافہ ہوتا ہے لیکن یہ ہر صورت میں ضروری نہیں ہے۔ اس حوالے سے تین صورتیں ممکن ہیں۔

(i) حرارت جذب ہوتی ہے (ii) حرارت خارج ہوتی ہے (iii) حرارت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی

(i) حرارت جذب ہوتی ہے:

کچھ سالٹس ایسے ہیں کہ جب ان کو پانی میں حل کیا جاتا ہے تو حرارت جذب ہوتی ہے۔ اس عمل کو اینڈوتھرمک (Endothermic) کہتے ہیں۔ اس

Scanned with CamScanner

عمل کے دوران ٹیسٹ ٹیوب ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔ مثلاً KCl، KNO_3 اور $NaNO_3$ وغیرہ۔ اسے درج ذیل مساوات سے ظاہر کرتے ہیں۔

سلوشن ⟵ حرارت + سولیوٹ + سولوینٹ

ایسی صورت میں ٹمپریچر کے بڑھانے سے سولوبیلیٹی بڑھ جاتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ سولیوٹ۔ سولیوٹ فورسز طاقتور ہوتی ہیں۔ جنھیں توڑنے کے لیے حرارت درکار ہوتی ہے۔ یہ حرارت اردگرد کے مالیکیولز سے پوری کی جاتی ہے اسے لیے ٹمپریچر گر جاتا ہے اور ٹیسٹ ٹیوب ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔

(ii) حرارت خارج ہوتی ہے:

کچھ سالٹس ایسے ہیں کہ جب ان کو پانی میں حل کیا جاتا ہے تو حرارت خارج ہوتی ہے۔ اس عمل کو ایگزوتھرمک (Exothermic) کہتے ہیں۔ اس عمل کے دوران ٹیسٹ ٹیوب گرم ہو جاتی ہے۔ مثلاً لیتھیم سلفیٹ (Li_2SO_4)، لیتھیم کاربونیٹ (Li_2CO_3) اور سیریم سلفیٹ $Ce_2(SO_4)_3$ وغیرہ۔ اسے درج ذیل مساوات سے ظاہر کرتے ہیں۔

حرارت + سلوشن ⟵ سولیوٹ + سولوینٹ

ایسی صورت میں ٹمپریچر بڑھانے سے سولوبیلیٹی کم ہو جاتی ہے اس کا مطلب ہے کہ سولیوٹ۔ سولیوٹ اٹریکٹو فورسز کمزور ہوتی ہیں اور سولیوٹ۔ سولوینٹ فورسز طاقتور ہوتی ہیں۔ اس لیے حرارت خارج ہوتی ہے اور ٹیسٹ ٹیوب گرم ہو جاتی ہے۔

(iii) حرارت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ کچھ سالٹس ایسے ہیں کہ جب انہیں پانی میں حل کیا جاتا ہے تو حرارت نہ جذب ہوتی ہے اور نہ خارج ہوتی ہے۔ اس عمل کے دوران سلوشن یا ٹیسٹ ٹیوب کا ٹمپریچر یکساں رہتا ہے۔ مثلاً NaCl۔ ایسی صورت میں ٹمپریچر کا سولوبیلیٹی پر بہت کم اثر ہوتا ہے۔ نیچے گراف میں ٹمپریچر کے اضافے کا سولوبیلیٹی پر اثر دکھایا گیا ہے۔



شکل: پانی میں مختلف سالٹس کی سولوبیلیٹی پر ٹمپریچر کا اثر

downloaded from https://infohubmissed.com/

☆ کولائڈز کی پانچ خصوصیات بیان کریں۔

جواب:

(i) کولائڈ کے پارٹیکلز کئی ایٹمز، آئنز یا مالیکیولز پر مشتمل ہوتے ہیں۔ (ii) پارٹیکلز کا قطر 10^{-7} cm تا 10^{-6} cm ہوتا ہے۔

(iii) کولائڈ ہوموجینیس نظر آتا ہے لیکن دراصل یہ ہیٹروجینیس مکسچر ہوتا ہے۔

(iv) پارٹیکلز ایک طویل عرصے تک نیچے نہیں بیٹھتے۔ (v) پارٹیکلز بڑے ہوتے ہیں لیکن پھر بھی آنکھ سے نظر نہیں آتے۔

(vi) پارٹیکلز بڑے ہوتے ہیں لیکن پھر بھی آنکھ سے نظر نہیں آتے۔ (vii) پارٹیکلز بڑے ہوتے ہیں لیکن فلٹر پیپر میں گزر جاتے ہیں۔

(viii) روشنی کی شعاعیں کولائڈز پارٹیکلز سے ٹکرا کر منتشر ہو جاتی ہیں اسے ٹنڈل ایفیکٹ کہتے ہیں۔

☆ سسپنشن کی کم از کم پانچ خصوصیات بیان کریں۔

جواب:

(i) سسپنشن میں پارٹیکلز بہت بڑے سائز کے ہوتے ہیں۔ (ii) پارٹیکلز کا قطر 10^{-5} cm سے زائد ہوتا ہے۔

(iii) پارٹیکلز غیر حل شدہ رہتے ہیں اور ہیٹروجینیس مکسچر بناتے ہیں۔ (iv) پارٹیکلز کچھ عرصہ بعد نیچے بیٹھ جاتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

(v) پارٹیکلز اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ خالی آنکھ سے نظر آتے ہیں (vi) پارٹیکلز اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ خالی آنکھ سے نظر آتے ہیں۔
(vii) پارٹیکلز فلٹر پیپر میں سے نہیں گزر سکتے۔ (viii) پارٹیکلز اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ روشنی
کی شعاعوں کو روک لیتے ہیں اور ٹنڈل ایفیکٹ کا مظاہرہ نہیں کرتے۔

مثالیں

مثال نمبر 6.1: اگر $5cm^3$ ایسیٹون پانی میں ملا کر کل $90cm^3$ سلوشن تیار کیا گیا ہو تو سلوشن کی کنسنٹریشن $\frac{v}{v}$ % معلوم کریں۔

حل:

سولیوٹ کا والیم = $5cm^3$

سلوشن کا والیم = $90cm^3$

سلوشن کی کنسنٹریشن $\frac{\text{والیم}}{\text{والیم}}$ $(\%\frac{v}{v})$ = $\frac{\text{سولیوٹ کا والیم}(cm^3)}{\text{سلوشن کا والیم}(cm^3)} \times 100$

$= \frac{5}{90} \times 100$

$= 5.5\%$

مثال نمبر 6.2: ایک سلوشن کی مولیریٹی معلوم کریں جس $400cm^3$ میں 28.4 گرام Na_2SO_4 حل کیا ہوگا۔

حل:

سلوشن کا والیم = $400cm^3 = \frac{400}{1000}$

$= 0.4dm^3$

سولیوٹ کا ماس = $28.4g$

سولیوٹ (Na_2SO_4) کا مولر ماس = $2(23)+32+4(16)=142\,g\,mol^{-1}$

مولیریٹی $(M) = \frac{\text{سولیوٹ کا ماس}(g)}{(\text{سولیوٹ کا مولر ماس}(gmol^{-1}))\times(\text{سلوشن کا والیم}(dm^3))}$

$= \frac{28.4}{142 \times 0.4}$

$= \frac{28.4}{56.8}$

$= 0.5\,M$

مثال نمبر 6.3: سوڈیم ہائڈرو آکسائیڈ (NaOH) کا 0.4M $500cm^3$ سلوشن تیار کرنے کے لیے کتنا NaOH درکار ہے؟

مولیریٹی = $0.4M$

سلوشن کا والیم = $500cm^3 = \frac{500}{1000}$

$= 0.5dm^3$

سولیوٹ کا مولر ماس = $(NaOH)=23+16+1=40\,g\,mol^{-1}$

سولیوٹ کا درکار ماس = ?

مولیریٹی $(M) = \frac{\text{سولیوٹ کا ماس}(g)}{(\text{سولیوٹ کا مولر ماس}(gmol^{-1}))\times(\text{سلوشن کا والیم}(dm^3))}$

downloaded from https://infohubmissised.com/

Scanned with CamScanner

سلوشن کا والیم × سولیوٹ کا مولر ماس × مولیریٹی = سولیوٹ کا ماس (dm^3)

$0.4 \times 40 \times 0.5$ = سولیوٹ کا ماس

$= 8\ g$

مثال نمبر 6.4: پوٹاشیم پرمینگانیٹ کے 0.01 مولر سلوشن کے $10cm^3$ کو ڈائلیوٹ کر کے اسے $100cm^3$ تک ڈائلیوٹ کیا گیا ہے۔ اس سلوشن کی مولیریٹی معلوم کریں۔

$$M_1 = 0.01\ M$$
$$V_1 = 10cm^3$$
$$M_2 = ?$$
$$V_2 = 100cm^3$$

ہم جانتے ہیں

$$M_1V_1 = M_2V_2$$
$$M_2 = \frac{M_1V_1}{V_2}$$
$$= \frac{0.01 \times 10}{100} = 0.001M$$

حسابی سوالات

downloaded from https://infohubhomecissed.com/

سوال 1: 50 گرام چینی کو 450 گرام پانی میں حل کر کے سلوشن تیار کیا گیا۔ اس سلوشن کی کنسنٹریشن کیا ہے؟

حل:

سولیوٹ کا ماس = $50\ g$

سولوینٹ کا ماس = $450\ g$

سلوشن کا ماس = $50+450=500g$

$(\%\frac{m}{m}) = \frac{\text{سولیوٹ کا ماس (g)}}{\text{سلوشن کا ماس (g)}} \times 100$

$$= \frac{50}{500} \times 100$$
$$= \frac{5000}{500} = 10\%$$

سوال 2: $60cm^3$ الکوحل کو $940cm^3$ پانی میں حل کیا گیا ہے۔ اس سلوشن کے کنسنٹریشن کیا ہے؟

سولیوٹ کا والیم = $60cm^3$

سولوینٹ کا والیم = $940cm^3$

سلوشن کا والیم = $60 + 940 = 1000cm^3$

پرسنٹیج والیم/والیم $(\%\frac{v}{v}) = \frac{\text{سولیوٹ کا والیم } (cm^3)}{\text{سلوشن کا والیم } (cm^3)} \times 100$

$$= \frac{60}{1000} \times 100$$
$$= 6\%$$

سوال 3: درج ذیل سلوشن تیار کرنے کے لیے سالٹس کی کتنی مقدار درکار ہوگی؟

(اٹامک ماسز: N=14، O=16، K=39، Na=23، S=32، C=16 اور H=1)

(a) KOH کا $250cm^3$ سلوشن 0.5M کا

(b) $NaNO_3$ کا $600cm^3$ سلوشن 0.25M کا

(c) Na_2SO_4 کا $800cm^3$ سلوشن 1.0M کا

حل:

مولیریٹی = 0.5 M

سلوشن کا والیم $=250cm^3$ = $\frac{250}{1000} = 0.25dm^3$

سولیوٹ کا مولر ماس (KOH) = $39+16+1 = 56gmol^{-1}$

سولیوٹ کی مقدار = ?

سولیوٹ کا ماس = سلوشن کا والیم × سولیوٹ کا مولر ماس × مولیریٹی

$= 0.5 \times 56 \times 0.25$

$= 7.0\ g$

(b)

مولیریٹی = 0.25 M

سلوشن کا والیم = $600\ cm^3 = \frac{600}{1000} = 0.6\ dm^3$

سولیوٹ کا مولر ماس $(NaNO_3)$ = $23+14+3(16)$

$= 23+14+48 = 85gmol^{-1}$

سولیوٹ کا ماس = ?

سولیوٹ کا ماس = سلوشن کا والیم (dm^3) × سولیوٹ کا مولر ماس × مولیریٹی

$= 0.25 \times 85 \times 0.6$

$= 12.75g$

(c)

مولیریٹی = 1.0 M

سلوشن کا والیم = $800cm^3 = \frac{800}{1000} = 0.8dm^3$

سولیوٹ کا مولر ماس (Na_2SO_4) = $2(23)+32+4(16)$

$= 46+32+64 = 142gmol^{-1}$

سولیوٹ کا ماس = ?

سولیوٹ کا ماس = سلوشن کا والیم (dm^3) × سولیوٹ کا مولر ماس × مولیریٹی

$= 1 \times 142 \times 0.8 = 113.6g$

downloaded from https://infohubmeissed.com/

Scanned with CamScanner

سوال 4: اگر $400cm^3$ سلوشن میں 20g سوڈیم کلورائڈ حل کیا جائے تو اس کی مولیریٹی کیا ہوگی؟

حل:

$$\text{سلوشن کا والیم} = 400cm^3 = \frac{400}{1000} = 0.4dm^3$$

$$\text{سولیوٹ (NaCl) کا مولر ماس} = 23+35.5 = 58.5gmol^{-1}$$

$$\text{سولیوٹ کا ماس} = 20g$$

$$\text{مولیریٹی (M)} = \frac{\text{سولیوٹ کا ماس (g)}}{(\text{سولیوٹ کا مولر ماس } (gmol^{-1})) \times (\text{سلوشن کا والیم } (dm^3))}$$

$$= \frac{20}{58.5 \times 0.4}$$

$$= 0.85\ M$$

سوال 5: ہم $MgCl_2$ کا 0.4 M والا $100cm^3$ سلوشن تیاری کرنا چاہتے ہیں تو $MgCl_2$ کی کتنی مقدار درکار ہوگی؟

حل:

$$\text{مولیریٹی} = 0.4\ M$$

$$\text{سلوشن کا والیم} = 100cm^3 = \frac{100}{1000} = 0.1dm^3$$

$$\text{سولیوٹ کا مولر ماس } (MgCl_2) = 24+2(35.5) = 95gmol^{-1}$$

$$\text{سولیوٹ کا ماس} = ?$$

$$\text{سولیوٹ کا ماس} = \text{سلوشن کا والیم } (dm^3) \times \text{سولیوٹ کا مولر ماس} \times \text{مولیریٹی}$$

$$= 0.4 \times 95 \times 0.1$$

$$= 3.8\ g$$

downloaded from https://infokubhrmssissed.com/

سوال 6: لیبارٹری میں 12M مولیریٹی H_2SO_4 کا سلوشن دستیاب ہے۔ ہمیں صرف 0.1M والا $500cm^3$ سلوشن درکار ہے۔ یہ کیسے تیار ہوگا؟

$$M_1 = 12\ M$$

$$V_1 = ?$$

$$M_2 = 0.1\ M$$

$$V_2 = 500cm^3$$

ڈائلیوٹ سلوشن = کنسنٹریٹڈ سلوشن

$$M_1V_1 = M_2V_2$$

$$12 \times V_1 = 0.1 \times 500$$

$$V_1 = \frac{0.1 \times 500}{12}$$

$$V_1 = 4.16cm^3$$

اب 12M مولیریٹی والے H_2SO_4 میں سے پپٹ (pipette) کی مدد سے $4.16cm^3$ لے کر اسے $500cm^3$ کی میرنگ فلاسک (Measuring Flask) میں ڈالیں۔ پھر پانی ڈال کر نشان تک والیم پورا کریں۔ یہ 0.1M والا $500cm^3$ سلوشن تیار ہے۔

Scanned with CamScanner

باب	7	الیکٹرو کیمسٹری	معروضی مختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

-1 کیمیائی ری ایکشن کے دوران آکسیجن کا حصول کہلاتا ہے۔ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]
(A) ریڈکشن (B) آکسیڈیشن (C) ایویپوریشن (D) کنڈکشن

-2 درج ذیل میں ریڈکشن کون سا عمل ہے۔ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]
(A) ہائڈروجن کا اخراج (B) آکسیجن کا اخراج
(C) الیکٹرون کا اخراج (D) آکسیجن کا جذب ہونا

-3 درج ذیل ری ایکشن میں کس کی ریڈکشن ہو رہی ہے؟ $ZnO + C \rightarrow 2Zn + CO_2$ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]
(A) Zn (B) Cu (C) C (D) ZnC

-4 آزاد حالت میں ایلیمنٹ کا آکسیڈیشن نمبر ہے: [RWP-II,MTN-II,ALP,RWP-I]
(A) 0 (B) 1 (C) 2 (D) 3

-5 گروپ 1 کے ایلیمنٹس کا آکسیڈیشن نمبر ہے: [RWP-II,MTN-II,RWP-I]
(A) − 1 (B) + 1 (C) + 2 (D) −

-6 وہ نوع جو کسی شے کو الیکٹرونز دے کر ریڈیوس کرتا ہے: [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]
(A) آکسیڈائزنگ ایجنٹ (B) ریڈیوسنگ ایجنٹ (C) کلرنگ ایجنٹ (D) ڈی ہائیڈریٹنگ ایجنٹ

-7 از خود واقع ہونے والا کیمیکل ری ایکشن کس سیل میں ہوتا ہے؟ [BWP-II,RWP-I,DGK-II]
(A) الیکٹرولیٹک سیل (B) گیلوانک سیل
(C) نیلسن سیل (D) ڈونز سیل

-8 نان سپانٹینئس کیمیکل ری ایکشنز کس سیل میں وقوع پذیر ہوتا ہے: [FSD-II,SWL-II,SGD-II]
(A) الیکٹرولیٹک سیل (B) گیلوانک سیل (C) نیلسن سیل (D) ڈاؤنز سیل

-9 خالص پانی مثال ہے: [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]
(A) کمزور الیکٹرولائٹ (B) طاقتور الیکٹرولائٹ (C) طاقتور ایسڈ (D) طاقتور بیس

-10 مضبوط الیکٹرولائٹ کونسا ہے: [DGK-II,ALP,MTN-I]
(A) NaOH (B) $Ca(OH)_2$ (C) CH_3COOH (D) H_2O

-11 کاسٹک سوڈا کی تیاری میں کونسا سیل استعمال ہوتا ہے؟ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]
(A) نیلسن سیل (B) ڈاؤن سیل (C) خشک سیل (D) ڈینئیل

2014 - 2019 (Objective Type)

7.1 آکسیڈیشن اور ریڈکشن ری ایکشنز

-12 الیکٹرون کا حصول کہلاتا ہے۔ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]
(A) ریڈکشن (B) آکسیڈیشن (C) ری ڈاکس (D) الیکٹرولائٹس

downloaded from https://informationsissued.com/

Scanned with CamScanner

13۔ الیکٹرونز کا اخراج کہلاتا ہے۔ [MTN-II,DGK-I/II,ALP,FSD-II]
(A) آکسیڈیشن (B) ریڈکشن (C) ہائڈریشن (D) ہائڈروجینیشن

14۔ درج ذیل میں کونسا ری ایکشن آکسیڈیشن ری ایکشن ہے؟ [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]
(A) $K^+ + 1e^- \rightarrow K$ (B) $C\ell_2 + 2e^- \rightarrow 2C\ell^-$
(C) $Fe^{+2} \rightarrow Fe^{+3} + 1e^-$ (D) $Na^{+1} + 1e \rightarrow Na$

15۔ H_2S کا سلفر میں تبدیل ہوتا ہے۔ $H_2 + C\ell_2 \rightarrow S + 2HC\ell$ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]
(A) ریڈکشن (B) آکسیڈیشن (C) ریڈاکس (D) ایڈیشن

7.2 آکسیڈیشن سٹیٹ اور اس کی تفویض کے قواعد

16۔ OF_2 میں آکسیجن کا آکسیڈیشن نمبر ہوتا ہے: [BWP-II,MTN-I,SWL-II,ALP,DGK-I]
(A) -2 (B) $+2$ (C) $+1$ (D) -1

17۔ $KC\ell O_3$ میں کلورین کا آکسیڈین نمبر ہے: [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]
(A) $+4$ (B) -2 (C) $+5$ (D) -1

18۔ HNO_3 میں نائٹروجن کا آکسیڈیشن نمبر ہے: [LHR-II,GUJ-II,MTN-II,SWL-I]
(A) $+3$ (B) $+5$ (C) -3 (D) $+6$

19۔ میٹل ہائیڈرائڈز میں ہائیڈروجن کا آکسیڈیشن نمبر ہوتا ہے: [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,ALP,SWL-I/II]
(A) $+1$ (B) -1 (C) $+2$ (D) -2

20۔ پرآکسائیڈ میں آکسیجن کا آکسیڈیشن نمبر ہے: [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]
(A) -1 (B) -2 (C) $+2$ (D) 1

21۔ H_2SO_4 سلفر کا میں آکسیڈیشن نمبر ہے: [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]
(A) $+2$ (B) $+7$ (C) $+14$ (D) $+6$

22۔ $HC\ell$ میں ہائیڈروجن کا آکسیڈیشن نمبر ہے: [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]
(A) $+2$ (B) $+1$ (C) $+3$ (D) $+4$

7.3 آکسیڈائزنگ اور ریڈیوسنگ ایجنٹس

23۔ زنک اور $HC\ell$ کے ریڈاکس ری ایکشن میں آکسیڈائزنگ ایجنٹ کونسا ہوتا ہے؟ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]
(A) H_2 (B) H^+ (C) Zn (D) $C\ell^-$

24۔ نان میٹلز بطور آکسائیڈائزنگ ایجنٹس کام کرتے ہیں: [FSD-II,SGD-I,GUJ-I,BWP-II,SWL-I]
(A) یہ زیادہ الیکٹروپازیٹو ہیں (B) یہ زیادہ الیکٹرونیگٹو ہیں
(C) یہ الیکٹروپازیٹو ہیں نہ ہی الیکٹرونیگیٹو (D) ان کی آئیونائزیشن انرجی کی ویلیو کم ہے

25۔ میٹلز عمل کرتے ہیں: [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]
(A) آکسیڈائزنگ ایجنٹ (B) ریڈیوسنگ ایجنٹ (C) کلرنگ ایجنٹ (D) ڈی ہائیڈریٹنگ ایجنٹ

7.4 آکسیڈیشن۔ریڈکشن ری ایکشنز

26۔ ہائیڈروجن اور آکسیجن سے پانی بننا ____ کیمیکل ری ایکشن ہے۔ [SGD-II,FSD-II,MTN-I,DGK-I]
(A) ریڈاکس (B) اساس۔تیزاب (C) نیوٹرائزیشن (D) تحلیل

downloaded from https://infohubhomssissed.com/

Scanned with CamScanner

27۔ ایسا کیمیکل ری ایکشن جس میں ایک مادے کی آکسیڈیشن حالت بدلتی ہے۔ [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

(A) آکسیڈیشن (B) ریڈکشن (C) ریڈاکس ری ایکشن (D) آکسیڈائزنگ ایجنٹ

28۔ ایسا کیمیکل ری ایکشن جس میں آکسیڈیشن نمبر بڑھتا ہے: [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]

(A) آکسیڈیشن (B) ریڈکشن (C) ڈی کمپوزیشن (D) لائزیشن

29۔ ایسا کیمیکل ری ایکشن جس میں آکسیڈیشن نمبر کم ہوتا ہے: [BWP-II,MTN-I,ALP,GUJ-II]

(A) آکسیڈیشن (B) ریڈکشن (C) ریڈاکس (D) ڈی کمپوزیشن

30۔ طاقتور الیکٹرولائٹ کی مثال ہے: [RWP-II,SGD-II]

(A) NaCℓ سلوشن (B) $Ca(OH)_2$ سلوشن (C) شوگر سلوشن (D) CH_3COOH سلوشن

31۔ نیلسن سیل گیسوں کے ساتھ کاسٹک سوڈا تیار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کون سی گیس کیتھوڈ پر پیدا ہوتی ہے۔

(A) $Cℓ_2$ (B) H_2 (C) O_3 (D) O_2

32۔ NaCℓ کا کنسنٹریٹڈ سلوشن کہلاتا ہے۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,ALP,BWP-II]

(A) فلوئڈ (B) براس (C) برائن (D) پلازما

7.5 الیکٹروکیمیکل سیلز

33۔ کونسا ایک کمزور الیکٹرولائٹ ہے: [FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-II]

(A) NaCℓ (B) NaOH (C) H_2SO_4 (D) CH_3COOH

34۔ کون سا سلوشن طاقتور الیکٹرولائٹس نہیں ہے۔ [DGK-II,SGD-I,BWP-I/II,SWL-I]

(A) NaCℓ (B) HNO_3 (C) H_2SO_4 (D) $Ca(OH)_2$

35۔ کونسا الیکٹرولائٹ نہیں ہے: [LHR-II,SGD-II,ALP,MTN-I/II,DGK-I]

(A) شوگر سلوشن (B) چونے کا سلوشن (C) سلفیورک ایسڈ سلوشن (D) سوڈیم کلورائیڈ سلوشن

36۔ الیکٹروکیمیکل سیلز کی اقسام ہیں: [GUJ-I/II,RWP-I,ALP,FSD-II]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

37۔ نان الیکٹرولائٹ کی مثال ہے: [GUJII,FSD-I,ALP,DGK-I/II]

(A) NaOH (B) HCℓ (C) H_2SO_4 (D) C_6H_6

7.6 الیکٹروکیمیکل انڈسٹریز

38۔ سوڈیم میٹل کو تیار کرنے کا کونسا طریقہ ہے؟ [GUJ-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

(A) نیلسن سیل (B) ڈاؤنز سیل (C) گیلوانک سیل (D) الیکٹروپلیٹنگ

39۔ پگھلے ہوئے سوڈیم کلورائیڈ سے تیار ہوتا ہے: [SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]

(A) کاسٹک سوڈا (B) سوڈیم میٹل (C) سوڈیم سلوشن (D) کرنٹ

40۔ ڈاؤنز سیل کا اینوڈ بنا ہوتا ہے: [RWP-II,DGK-I,GUJ-II,BWP-II]

(A) سٹیل (B) کاپر (C) زنک (D) گریفائٹ

41۔ نیلسن سیل کے کیتھوڈ کی شکل ہے: [RWP-I/II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

(A) پلین (B) پرفوریٹڈ (C) U-شکل (D) کون شکل

downloaded from https://informationbhim.sissed.com/

Scanned with CamScanner

7.7 کروژن اور اس سے بچاؤ

[FSD-II,SGD-I,BWP-II]

42- زنگ کی عام مثال ہے:

(A) کیمیکل پھوڑ (B) لوہے کو زنگ لگنا

(C) ایلومینیم کو زنگ لگنا (D) ٹن کو زنگ لگنا

[SGD-I,DGK-II,ALP,MTN-I]

43- مندرجہ ذیل میں سے کونسی ایک میٹل گیلوانائزنگ کے لیے استعمال ہوتی ہے:

(A) Fe (B) Cu (C) Cr (D) Zn

44- زنگ کا فارمولا ہے:

(A) Fe_2O_3 (B) $Fe(OH)_3$ (C) $Fe_2O_3.nH_2O$ (D) $Fe(OH)_3.nH_2O$

جوابات:

A	10	A	9	A	8	B	7	B	6	B	5	A	4	A	3	B	2	B	1
A	20	B	19	B	18	C	17	B	16	B	15	C	14	A	13	A	12	A	11
A	30	B	29	A	28	C	27	A	26	B	25	B	24	B	23	B	22	D	21
D	40	B	39	B	38	D	37	A	36	A	35	D	34	D	33	C	32	B	31
												C	44	D	43	B	42	B	41

ALP Annual Papers 2021

Objective Type

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

[SGD-I/II,FSD-I,BWP-II]

1- آکسیڈیشن نمبر کی تفویض کے قواعد لکھیں۔

جواب: آزاد حالت میں تمام ایلیمنٹس کا آکسیڈیشن نمبر زیرو ہوتا ہے۔

آئنز میں آکسیڈیشن نمبروں کا مجموعہ، آئن پر موجود چارج کے برابر ہوتا ہے۔

[SGD-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

2- $CaSO_4$ میں سلفر کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔

جواب:

$$\text{(O.N) of Ca)} + \text{(O.N of S)} + \text{(O.N) of O)} \times 4 = 0$$

$$(+2) + \text{(O.N of S)} + (-2)\,4 = 0$$

$$(+2) + \text{O.N of S} + (-8) = 0)$$

$$\text{O.N of S} = +8 - 2$$

$$\text{O.N of S} = +6$$

[RWP-II,SGD-II]

3- الیکٹرولائٹس اور نان الیکٹرولائٹس میں فرق بیان کریں۔

جواب: ایسی اشیا جو اپنے ایکوئس سلوشن یا پگھلی ہوئی حالت میں سے الیکٹریسٹی گزرنے دیں، الیکٹرولائٹس کہلاتے ہیں۔ مثلاً سالٹس، ایسڈز اور بیسز وغیرہ۔

ایسی اشیاء جو آئنز میں تبدیل نہیں ہوتیں اور ان کے ایکوئس سلوشن میں سے کرنٹ نہیں گزر سکتا نان الیکٹرولائٹس کہلاتے ہیں مثال کے طور پر شوگر کا سلوشن وغیرہ۔

[SGD-I,MTN-II,FSD-I/II,BWP-II]

4- کوئی سے دو کمزور الیکٹرولائٹ کے نام تحریر کریں۔

جواب: (CH_3COOH) اور $Ca(OH)_2$، کمزور الیکٹرولائٹ کی مثالیں ہیں۔

Scanned with CamScanner

5۔ الیکٹرولیٹک سیل اور گیلوانک سیل میں کوئی سے دو فرق تحریر کریں۔ [GUJ-II,RWP-I,FSD-I,MTN-II,SWL-I]

جواب:

الیکٹرولیٹک سیل	گیلوانک سیل
یہ ایک مکمل سیل پر مشتمل ہے جو بیٹری سے جڑا ہوتا ہے۔	یہ دو ہاف سیلز پر مشتمل ہوتا ہے جن کو سالٹ برج کے ذریعے جوڑا جاتا ہے۔
اینوڈ پر پوزیٹیو چارج اور کیتھوڈ پر نیگیٹیو چارج ہوتا ہے۔	اینوڈ پر نیگیٹیو چارج اور کیتھوڈ پر پوزیٹیو چارج ہوتا ہے۔

6۔ الائے کیا ہے؟ [FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-II]

جواب: الائے کسی میٹل کا دوسری میٹل یا نان میٹلز کے ساتھ ہوموجینیس مکسچر ہوتا ہے دوسری میٹلز کے ساتھ آئرن کا الائے بنانا زنگ آلودگی کے خلاف بہت ہی کامیاب تکنیک ثابت ہوئی۔ اس کی بہترین مثال اسٹین لیس سٹیل ہے، جو آئرن، کرومیم اور نکل کا مکسچر ہے۔ فوڈ انڈسٹری میں یہ تکنیک استعمال کی جاتی ہے۔

7۔ گیلوانائزنگ کا فائدہ کیا ہے؟ [RWP-II,DGK-I,SGD-II]

جواب: اس کا فائدہ یہ ہے کہ آئرن کی کروژن سے حفاظت کرتا ہے بلکہ کوٹنگ کی سطح ٹوٹنے کے باوجود بھی زنک کی کوٹنگ مؤثر رہتی ہے۔

8۔ ٹن کوٹنگ کا عمل بیان کریں۔ [GUJ-I/II,RWP-I,ALP,FSD-II]

جواب: اس عمل میں آئرن کی صاف شیٹ کو زنک کی بجائے پگھلی ہوئی ٹن میں ڈبو دیا جاتا ہے۔ پھر اسے گرم رولرز میں سے گزارا جاتا ہے یہ شیٹس مشروبات اور خوراک پیک کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔

2014 - 2019 (Short Questions)

7.1 آکسیڈیشن اور ریڈکشن ری ایکشنز

9۔ الیکٹروکیمسٹری کیا ہے اور اس کا اطلاق لکھیں۔ [GUJII,FSD-I,ALP,DGK-I/II]

جواب: کیمسٹری کی وہ شاخ جو الیکٹریسٹی اور کیمیکل ری ایکشنز کے مابین تعلق کو بیان کرتی ہے الیکٹروکیمسٹری کہلاتی ہے۔
اس میں آکسیڈیشن اور ریڈکشن ری ایکشنز جنھیں مختصراً ریڈاکس ری ایکشنز کہتے ہیں ان کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

10۔ ری ڈاکس ری ایکشنز کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایسا کیمیکل ری ایکشن جس میں آکسیڈیشن اور ریڈکشن کا عمل شامل ہو۔ ری ڈاکس ری ایکشنز کہلاتا ہے۔



11۔ سپانٹینیس اور نان۔سپانٹینیس ری ایکشنز میں فرق بیان کریں۔ [GUJ-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

جواب: سپانٹینیس ری ایکشنز وہ ری ایکشنز ہیں جو بغیر کسی بیرونی ایجنٹ کے خود بخود وقوع پذیر ہوتے ہیں۔
نان سپانٹینیس ری ایکشنز وہ ری ایکشنز ہیں جو کسی بیرونی ایجنٹ کی موجودگی میں وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

7.2 آکسیڈیشن سٹیٹ اور اس کی تفویض کے قواعد

12۔ H_2SO_4 میں سلفر کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔ [SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]

جواب:

H_2SO_4 : (O.N of hydrogen) × 2 + (O.N of sulphur) + (O.No of oxygen) × 4

(+1)2 + (O.N of S) + (−2)4 = 0

Scanned with CamScanner

$+2 + (O.N\ of$ سلفر $) - 8 = 0$

O.N of سلفر $= +8 - 2$

O.N of سلفر $= +6$

[RWP-II,DGK-I,GUJ-II,BWP-II]

13۔ $KClO_3$ میں کلورین کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔

جواب: کسی کمپاؤنڈ کے تمام آکسیڈیشن نمبرز کا مجموعہ زیرو ہوتا ہے۔

$(O.N)\ of\ K) + (O.N\ of\ Cl) + (O.N\ of\ O) \times 3 = 0$

$+1 + (O.N\ of\ Cl) + 3(-2) = 0$

$O.N\ of\ Cl = +6 - 1$

$O.N\ of\ Cl = +5$

[RWP-I/II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

14۔ KM_nO_4 میں M_n کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔

جواب:

$(O.N\ of\ K) + (O.N\ of\ M_n) + (O.N\ of\ O) \times 4 = 0$

$(+1) + (O.N\ of\ M_n) + (-2) \times 4 = 0$

$+1 = (O.N\ of\ M_n) + (-8) = 0$

$O.N\ of\ M_n = +8 - 1$

$O.N\ of\ M_n = +7$

[LHR-II,GUJ-II,RWP-I,FSD-II,SWL-II]

15۔ HNO_3 میں نائٹروجن کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔

جواب:

$(O.N\ of\ H) + (O.N\ of\ N) + (O.N\ of\ O) \times 3 = 0$

$(+1) + (O.N\ of\ N) + (-2)\ 3 = 0$

$+1 + (O.N\ of\ N) + (-6) = 0$

$O.N\ of\ N = +6 - 1$

$O.N\ of\ N = +5$

downloaded from https://informtibhrmssissed.com/

[FSD-II,SGD-I,BWP-II]

16۔ OF_2 میں آکسیجن کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔

جواب:

$(O.N)\ of\ O) + (O.N\ of\ F) \times 2 = 0$

$(O.N\ of\ O) + (-1)\ 2 = 0$

$O.N\ of\ O + (-2) = 0$

$O.N\ of\ O = +2$

7.3 آکسیڈائزنگ اور ریڈیوسنگ ایجنٹس

[SGD-I,DGK-II,ALP,MTN-I]

17۔ میٹلز کو ریڈیوسنگ ایجنٹ کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: تمام میٹلز اچھے ریڈیوسنگ ایجنٹس ہوتے ہیں کیونکہ یہ الیکٹرونز خارج کرنے کا رجحان رکھتے ہیں میٹلز ایسی نوع ہے جو خود کو آکسیڈائز کر کے دوسروں کو ریڈیوس کر دیتی ہے جبکہ ریڈیوسنگ ایجنٹ وہ نوع ہے جو الیکٹرونز دے کر کسی سے کو ریڈیوس کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ میٹلز

Scanned with CamScanner

ریڈیوسنگ ایجنٹ کی طرح اپنا رویہ ظاہر کرتے ہیں۔

7.4 آکسیڈیشن -ریڈکشن ری ایکشنز

18۔ ریڈاکس ری ایکشن کسے کہتے ہیں؟ [SGD-I/II,FSD-I,BWP-II]

جواب: ایک ایسا کیمیکل ری ایکشن جہاں آکسیڈیشن اور ریڈکشن کا عمل بیک وقت میں ہو ریڈاکس ری ایکشن کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر۔

$$Zn^{\circ} + 2H^{+1}Cl^{-1} \longrightarrow Zn^{+2}Cl_2^{-1} + H_2^{\circ}$$

(oxidation: $Zn^{\circ} \rightarrow Zn^{+2}$; reduction: $H^{+1} \rightarrow H_2^{\circ}$)

19۔ روزمرہ زندگی میں ریڈاکس ری ایکشن کے استعمال لکھیں۔ [SGD-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: ریڈاکس ری ایکشن کو بجلی پیدا کرنے کے لیے بیٹریز میں استعمال کیا جاتا ہے اور اس بجلی کو نان۔ سپانٹینیس ری ایکشن کو چلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

7.5 الیکٹروکیمیکل سیلز

20۔ الیکٹروکیمیکل سیلز کیا ہیں۔ ان کی دو اقسام بیان کریں۔ [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,MTN-II]

جواب: یہ ایک ایسا سسٹم ہے جس میں دو الیکٹروڈ، الیکٹرولائٹ کے سلوشن میں ڈوبے ہوتے ہیں اور دونوں بیٹری سے جڑے ہوتے ہیں۔

اس کی دو اقسام ہیں: ☆ الیکٹرولیٹک سیل ☆ گیلوانک سیل

ان ری ایکشنز میں بجلی پیدا ہوتی ہے۔

21۔ کیتھوڈ اور اینوڈ میں فرق بیان کریں۔ [LHR-I,GUJ-II,RWP-II]

جواب: ایسا الیکٹروڈ جو بیٹری کے مثبت ٹرمنل کے ساتھ جڑا ہوا اینوڈ کہلاتا ہے۔

ایسا الیکٹروڈ جو بیٹری کے منفی ٹرمنل کے ساتھ جڑا ہو کیتھوڈ کہلاتا ہے۔

22۔ الیکٹرولائٹس کی تعریف کریں۔

جواب: ایسی اشیا جو اپنے ایکوس سلوشن یا پگھلی ہوئی حالت میں سے الیکٹریسٹی گزرنے دیں، الیکٹرولائٹس کہلاتے ہیں۔

مثال کے طور پر سالٹس، ایسڈز اور بیسز کے سلوشن اچھے الیکٹرولائٹس ہیں۔

downloaded from https://

23۔ $CuSO_4$ ، $Ca(OH)_2$ ، $HC\ell$ ، HNO_3 میں سے مضبوط اور کمزور الیکٹرولائٹ کی پہچان کریں۔ [GUJ-II,RWP-II]

جواب: مضبوط الیکٹرولائٹ: $CuSO_4$, HNO_3, $CuSO_4$

کمزور الیکٹرولائٹ: $Ca(OH)_2$

24۔ دو مضبوط الیکٹرولائٹ کے نام لکھیں۔ [GUJ-I/II,FSD-II,SGD-II]

جواب: $NaOH$ سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ

$NaC\ell$ سوڈیم کلورائیڈ

25۔ مندرجہ ذیل میں سے الیکٹرولائٹ اور نان الیکٹرولائٹ کی پہچان کریں۔ (i) شوگر (ii) گلوکوز (iii) بنزین (iv) سوڈیم کلورائیڈ

جواب:

شوگر	نان الیکٹرولائٹ
گلوکوز	نان الیکٹرولائٹ
بنزین	نان الیکٹرولائٹ
سوڈیم کلورائیڈ	الیکٹرولائٹ

Scanned with CamScanner

-26 سالٹ برج کیا ہے؟اس کا بنیادی کام کیا ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,BWP-II]

جواب: سالٹ برج انگریزی حروف تہجی U شکل شیشے کی ٹیوب ہے۔اس میں کسی طاقت ور الیکٹرولائٹ کا کنسنٹریٹڈ سلوشن جو کہ ایک جیلی نما مادے کا ہوتا ہے بھرا ہوتا ہے۔اس U شکل کی ٹیوب کے سرے مسام دار مادے سے بند کر دیے جاتے ہیں۔اس سالٹ برج کا بنیادی کام آئنز کو مائیگریشن کے لیے راستہ دے کر دونوں ہاف سیلز کے سلوشنز کو نیوٹرل رکھنا ہے۔

-27 الیکٹرولیسز سے کیا مراد ہے؟مثال دیجیے۔ [GUJ-I/II,FSD-I/II,DGK-I]

جواب: کسی کمپاؤنڈ کے ایکوئس سلوشن یا اس کی پگھلی ہوئی حالت میں سے کرنٹ گزرنے کے باعث اس کمپاؤنڈ کا تحلیل ہو کر بنیادی اجزا میں تبدیل ہو جانا الیکٹرولیسز کہلاتا ہے۔

مثال: ڈاؤنز سیل نیلسن سیل

-28 پگھلے ہوئے سوڈیم کلورائیڈ کی الیکٹرولیسز کے دوران کیتھوڈ اور اینوڈ پر ہونے والے ری ایکشنز تحریر کریں۔ [MTN-II,FSD-I,SGD-I]

جواب: اینوڈ پر: $2Cl^- \rightarrow Cl_2 + 2e^-$

کیتھوڈ پر: $2Na^+ + 2e^- \rightarrow 2Na$

-29 الیکٹرولیٹک سیل کے اینوڈ پر کس قسم کا کیمیکل ری ایکشن ہوتا ہے؟ [MTN-II,ALP,BWP-II]

جواب: الیکٹرولیٹک سیل میں اینوڈ پر آکسیڈیشن ری ایکشن ہوتا ہے۔

$$2Cl^- \rightarrow Cl_2 + 2e^-$$

-30 گیلوانک سیل کیا ہوتا ہے؟ [BWP-I/II,ALP,DGK-I,SWL-II]

جواب: ایسا الیکٹروکیمیکل سیل جس میں سپانٹینیس کیمیکل ری ایکشن واقع ہوتا ہے اور کرنٹ پیدا ہوتا ہے گیلوانک یا وولٹیک سیل کہلاتا ہے۔

مثال: ڈینیل سیل

Downloaded from https://infohubhiressisspd.com/

7.6 الیکٹروکیمیکل انڈسٹریز

-31 برائن کیا ہے؟ [LHR-II,ALP,DGK-II,MTN-I]

جواب: NaCl کا ایکوئس سلوشن برائن کہلاتا ہے۔نیلسن سیل میں برائن کا استعمال کر کے NaOH بنایا جاتا ہے۔

-32 ڈاؤنز سیل میں پیدا ہونے والے بائی پروڈکٹس کون سے ہیں؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: ڈاؤنز سیل میں سوڈیم (Na) اصل پروڈکٹ ہے جبکہ بائی پروڈکٹ کلورین گیس (Cl_2) ہے۔

-33 گیلوانک سیل میں کیتھوڈ پر کیا ہوتا ہے؟ [DGK-I,BWP-I,SWL-I]

جواب: گیلوانک سیل میں کیتھوڈ پر ریڈکشن ایکشن ہوتا ہے۔

7.7 کروژن اور اس سے بچاؤ

-34 کروژن اور رسٹنگ میں فرق بیان کریں۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: کروژن: میٹلز کا ارد گرد کے ماحول کی وجہ سے مسلسل کھائے جانا (کروڈ ہونا) کروژن کہلاتا ہے۔

رسٹنگ: لوہے کا زنگ لگنا رسٹنگ کہلاتا ہے۔

-35 رسٹنگ میں آکسیجن کا کردار بیان کریں۔ [MTN-I,ALP,SGD-II,BWP-I]

جواب: Fe^{+2} آئنز پانی میں پھیل جاتے ہیں اور آکسیجن کے ساتھ مل کر $Fe_2O_3.nH_2O$ بناتے ہیں جسے زنگ کہتے ہیں یہ بھی ریڈاکس ری ایکشن ہے۔

$$2Fe^{+2} + \frac{1}{2}O_{2(g)} + 2H_2O_{(l)} \longrightarrow Fe_2O_{+3}\ nH_2O_{(s)} + 4H^+_{(aq)}$$

Scanned with CamScanner

36- سٹین لیس سٹیل کیا ہے؟ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: یہ ایک الائے ہے۔اس میں لوہا، کرومیم، نکل کا مکسچر ہے۔

37- گیلوانائزنگ کسے کہتے ہیں؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

جواب: آئرن پر زنک کی ایک باریک تہہ جمانے کے عمل کو گیلوانائزنگ کہا جاتا ہے۔ یہ عمل آئرن کی ایک شیٹ کو پگھلے ہوئے زنک کلورائیڈ میں ڈبو کر کیا جاتا ہے اس کے بعد اسے گرم کیا جاتا ہے آئرن کی شیٹ کو نکالنے کے بعد اسے پگھلے ہوئے زنک میں ڈالا جاتا ہے اور پھر اسے ہوا میں ٹھنڈا کر لیا جاتا ہے۔

38- میٹل کوٹنگ سے مراد ہے؟ [LHR-I,ALP,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

جواب: میٹل کو زنگ سے بچانے کا سب سے بہترین طریقہ ان پر دوسری میٹلز کی کوٹنگ ہے میٹلز کو زنگ سے بچانے کے لیے ان پر زنک، ٹن اور کرومیم کی کوٹنگ کی جاتی ہے۔

49- الیکٹروپلیٹنگ کیا ہے اس کا استعمال بیان کریں۔ [LHR-II,SGD-II,MTN-I/II,DGK-I]

جواب: ایک میٹل کے اوپر دوسری میٹل کی تہہ جمانے کے عمل کو الیکٹروپلیٹنگ کہا جاتا ہے یہ عمل میٹلز کو زنگ سے محفوظ رکھنے کے لیے کیا جاتا ہے ان سے ان کی شکل وصورت بھی بہتر ہو جاتی ہے اور میٹلز محفوظ ہوتی ہیں۔

40- الیکٹروپلیٹنگ میں کونسا مادہ استعمال ہوتا ہے؟ [LHR-II,ALP,BWP-II,SWL-II]

جواب: کیتھوڈ ایک ایسی چیز سے بنا ہوتا ہے جس کو الیکٹروپلیٹنگ کرنا مقصود ہو جیسا کہ آئرن کی شیٹ۔

41- زنک کی الیکٹروپلیٹنگ کیسے کی جاتی ہے؟ [FSD-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-I,SWL-I]

جواب: ٹارگٹ میٹل کو ڈیٹرجنٹ کے سلوشن میں صاف کیا جاتا ہے اور اس کی سطح سے زنگ دور کرنے کے لیے تیزاب استعمال کیا جاتا ہے اب زنک کو میٹل پر جمانے کے لیے اسے زنک شامل کیے گئے کیمیکل باتھ میں ڈبویا جاتا ہے ڈی سی کرنٹ دینے سے زنک میٹل ٹارگٹ یعنی کیتھوڈ پر جمع ہو جاتا ہے۔

42- کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ کے دوران استعمال ہونے والا الیکٹروڈ کیسا ہوتا ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ میں جس چیز پر الیکٹروپلیٹنگ کرنی ہو اسے کیتھوڈ جبکہ اینوڈ اینٹی مونیل لیڈ سے بنایا جاتا ہے۔

43- کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ میں کونسا سالٹ الیکٹرولائٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے؟ [DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

جواب: کرومیم سلفیٹ $Cr_2(SO_4)_3$

downloaded from https://informationisseed.com/

مشقی سوالات کا حل

1. ازخود واقع ہونے والا کیمیکل ری ایکشن کس سیل میں ہوتا ہے؟
(A) الیکٹرولیٹک سیل (B) گیلوانک سیل (C) نیلسن سیل (D) ڈاؤنز سیل

2. ہائیڈروجن اور آکسیجن سے پانی کا بننا کونسا کیمیکل ری ایکشن ہے؟
(A) ریڈاکس (B) اساس۔تیزاب کاری ایکشن (C) نیوٹرالائزیشن (D) تحلیل

3. درج ذیل میں سے کونسا الیکٹرولیٹک سیل نہیں؟
(A) ڈاؤنز سیل (B) گیلوانک سیل (C) نیلسن سیل (D) دونوں a اور c

4. $K_2Cr_2O_7$ میں کرومیم کا آکسیڈیشن نمبر کیا ہوتا ہے؟
(A) +2 (B) +6 (C) +14 (D) +7

5. درج ذیل میں کونسا الیکٹرولائٹ نہیں ہے؟
(A) شوگر کا سلوشن (B) سلفیورک ایسڈ (C) چونے کا سلوشن (D) سوڈیم کلورائڈ کا سلوشن

Scanned with CamScanner

6. کروژن کی سب سے عام مثال کون سی ہے؟
(A) کیمیکل توڑ پھوڑ (B) لوہے کو زنگ لگنا (C) ایلومینیم کو زنگ لگنا (D) ٹن کو زنگ لگنا

7. نیلسن سیل گیسوں کے ساتھ کاسٹک سوڈا تیار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ درج ذیل میں سے کون سی گیس کیتھوڈ پر پیدا ہوتی ہے؟
(A) Cl_2 (B) H_2 (C) O_3 (D) O_2

8. ہائیڈروجن اور آکسیجن سے پانی بننے کے عمل کے دوران درج ذیل میں سے کیا واقع نہیں ہوتا؟
(A) ہائیڈروجن کی آکسیڈیشن ہوگئی ہے۔ (B) آکسیجن کی ریڈکشن ہوگئی ہے۔
(C) آکسیجن الیکٹرون حاصل کرتی ہے۔ (D) ہائیڈروجن آکسڈائزنگ ایجنٹ کے طور پر کام کرتی ہے۔

9. زنگ کا فارمولا کیا ہے؟
(A) $Fe_2O_3.nH_2O$ (B) Fe_2O_3 (C) $Fe_2(OH_3).nH_2O$ (D) $Fe(OH_3)$

10. زنک اور ہائیڈروکلورک ایسڈ کے درمیان ریڈاکس (Redox) ری ایکشن کے دوران آکسیڈائزنگ ایجنٹ کون سا ہوتا ہے؟
(A) Zn (B) H^+ (C) Cl^- (D) H_2

جوابات

1	B	2	A	3	B	4	B	5	A
6	B	7	B	8	D	9	A	10	B

مختصر سوالات

1. الیکٹرون کے حوالے سے آکسیڈیشن کی تعریف کریں۔ مثال بھی دیں۔
جواب: کسی ایٹم یا آئن میں سے الیکٹرونز کا خارج ہونا آکسیڈیشن کہلاتا ہے۔ مثلاً

$$Zn_{(s)} \longrightarrow Zn^{+2} + 2e^-$$

2. آکسیجن یا ہائیڈروجن کے اخراج یا حصول کے حوالے سے ریڈکشن کی تعریف کریں۔ مثال بھی دیں۔
جواب: ریڈکشن (Reduction): کسی کیمیکل ری ایکشن کے دوران ہائیڈروجن کا حصول یا آکسیجن کا اخراج ریڈکشن کہلاتا ہے۔ مثلاً

(i) $$2ZnO + C \longrightarrow 2Zn + CO_2$$

اس کیمیکل ری ایکشن میں ZnO میں سے آکسیجن خارج ہوگئی ہے یہ ریڈکشن ہے

(iii) ہائیڈروجن سلفائیڈ اور کلورین کے کیمیکل ری ایکشن کے دوران کلورین ہائیڈروجن سے مل جاتی ہے۔ یہ ریڈکشن ہے۔ مثلاً

$$H_2S + Cl_2 \longrightarrow S + 2HCl$$

3. ویلنسی اور آکسیڈیشن سٹیٹ میں کیا فرق ہے؟
جواب: (i) ایک ایلیمنٹ کی دوسرے ایلیمنٹ سے ملنے کی استعداد کو ویلنسی کہتے ہیں۔ جبکہ آکسیڈیشن سٹیٹ وہ چارج ہے جو مالیکیولز میں موجود کسی ایلیمنٹ کے ایک ایٹم پر موجود ہوتا ہے۔
(ii) ویلنسی لکھتے وقت پہلے عدد پھر چارج لکھا جاتا ہے۔ مثلاً 2+ اور 3- وغیرہ۔ جبکہ آکسیڈیشن نمبر لکھتے وقت پہلے چارج پھر عدد لکھا جاتا ہے۔ مثلاً 2+ اور 3- وغیرہ۔

4. طاقتور اور کمزور الیکٹرولائٹس میں فرق واضح کریں۔
جواب: (i) طاقتور الیکٹرولائٹس (Strong Electroytes): وہ الیکٹرولائٹس جو ایکوئس سلوشن میں مکمل طور پر آئنز میں تبدیل ہو جائیں اور زیادہ آئنز پیدا کریں انہیں طاقتور الیکٹرولائٹس کہتے ہیں۔ مثلاً NaCl، H_2SO_4 اور NaOH وغیرہ۔
(ii) کمزور الیکٹرولائٹس (Weak Electrolytes): وہ الیکٹرولائٹس جو ایکوئس سلوشن میں مکمل طور پر آئنز میں تبدیل نہ ہوں اور کم آئنز پیدا کریں

downloaded from https://informationpedia.com/
Scanned with CamScanner

انہیں کمزور الیکٹرولائٹس کہتے ہیں۔ مثلاً ایسیٹک ایسڈ (CH_3COOH)

$$CH_3COOH + H_2O \longrightarrow CH_3COO^- + H_3O^+$$

5. آکسیڈائزنگ اور ریڈیوسنگ ایجنٹس کے درمیان فرق بیان کریں۔

جواب: **آکسیڈائزنگ ایجنٹ (Oxdizing Agent):** وہ اشیا جو خود ریڈیوس ہو کر دوسروں کو آکسیڈائز کریں انہیں آکسیڈائزنگ ایجنٹس کہتے ہیں۔ مثلاً F_2 اور Cl_2 تمام نان میٹلز آکسیڈائزنگ ایجنٹس ہوتے ہیں کیونکہ ان میں الیکٹرونز حاصل کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔

ریڈیوسنگ ایجنٹس (Reducing Agents): وہ اشیا جو خود آکسیڈائز ہو کر دوسروں کو ریڈیوس کریں انہیں ریڈیوسنگ ایجنٹس کہتے ہیں۔ مثلاً Li اور Na۔ تمام میٹلز اچھے ریڈیوسنگ ایجنٹس ہوتے ہیں کیونکہ ان میں الیکٹرونز خارج کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔

6. سٹیل پر ٹن کی الیکٹروپلیٹنگ کیسے کی جاتی ہے؟

جواب: عام طور پر سٹیل پر ٹن کی الیکٹروپلیٹنگ کی جاتی ہے۔ سیل میں سٹیل کا کیتھوڈ اور ٹن کا اینوڈ استعمال کیا جاتا ہے۔ ٹن سالٹ بطور الیکٹرولائٹ استعمال ہوتا ہے۔ جب الیکٹرک کرنٹ گزارتے ہیں تو سلوشن میں موجود ٹن کے آئنز ریڈیوس ہو کر سٹیل (کیتھوڈ) پر جم جاتے ہیں۔

7. سٹیل پر کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ سے پہلے نکل کی الیکٹروپلیٹنگ کیوں کی جاتی ہے؟

جواب: کرومیم براہ راست سٹیل پر اچھی طرح نہیں جم سکتا کیونکہ اس میں سے نمی گزر سکتی ہے جس سے کرومیم اتر سکتی ہے۔ اس لیے سٹیل پر پہلے نکل یا کاپر کی پلیٹنگ کرتے ہیں اس کے بعد کرومیم سٹیل پر مضبوطی سے چپک جاتی ہے۔ کرومیم سٹیل کو زنگ لگنے سے روکتی ہے اور اسے چمکدار بھی بنا دیتی ہے۔

8. آپ مندرجہ ذیل کیمیکل ری ایکشن میں آکسیڈیشن نمبر میں اضافے کے حوالے سے آکسیڈیشن کو کیسے بیان کر سکتے ہیں؟

$$\overset{0}{Al} \longrightarrow \overset{+3}{Al} + 3e^-$$

جواب: کسی ایٹم یا آئن میں سے الیکٹرونز کا خارج ہونا آکسیڈیشن کہلاتا ہے۔ اس سے آکسیڈیشن نمبر میں اضافہ ہوتا ہے۔ مثلاً

$$\overset{0}{Al} \longrightarrow \overset{+3}{Al} + 3e^-$$

اس ری ایکشن میں Al کا آکسیڈیشن نمبر زیرو ہے۔ جب Al سے تین الیکٹرونز خارج ہو جاتے ہیں تو Al کا آکسیڈیشن نمبر 3+ ہو جاتا ہے۔

downloaded from https://infohubhassissed.com/

9. آپ مثال کے ساتھ کیسے ثابت کر سکتے ہیں کہ آئن کی ایٹم میں تبدیلی آکسیڈیشن ری ایکشن ہے؟

جواب: کسی ایٹم یا آئن میں سے الیکٹرونز کا خارج ہونا آکسیڈیشن کہلاتا ہے۔ مثلاً درج ذیل ری ایکشن میں Cl^- آئن ایک الیکٹرون خارج کر کے Cl ایٹم میں تبدیل ہو رہا ہے۔ یہ آکسیڈیشن ری ایکشن ہے۔

$$Cl^- \longrightarrow Cl + e^- \quad \text{(آکسیڈیشن)}$$

10. گیلوانک سیل میں اینوڈ نیگیٹو چارج لیکن الیکٹرولیٹک سیل میں پازیٹو چارج کیوں رکھتا ہے؟ وضاحت کریں۔

جواب: گیلوانک سیل میں زنک کے اینوڈ پر آکسیڈیشن ہوتی ہے۔ Zn میٹل دو الیکٹرونز خارج کر کے Zn^{+2} آئن میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ یہ Zn^{+2} آئنز سلوشن میں چلے جاتے ہیں اور خارج ہونے والے الیکٹرونز اینوڈ پر جمع ہو جاتے ہیں۔ اس لیے اینوڈ پر نیگیٹو چارج ہوتا ہے۔ الیکٹرولیٹک سیل میں اینوڈ بیٹری کے پوزیٹو ٹرمینل سے جڑا ہوتا ہے اس لیے اس پر پوزیٹو چارج ہوتا ہے۔

11. ڈینیل سیل کے اندر زنک الیکٹروڈ سے الیکٹرون کس طرف جاتے ہیں؟

جواب: ڈینیل سیل میں الیکٹرونز زنک الیکٹروڈ (اینوڈ) سے کاپر الیکٹروڈ (کیتھوڈ) کی طرف جاتے ہیں۔

12. گیلوانک سیل میں "اینوڈ" اور "کیتھوڈ" الیکٹروڈز کو یہ نام کیوں دیے جاتے ہیں؟

جواب: گیلوانک سیل میں جس الیکٹروڈ پر الیکٹرونز کا اخراج (آکسیڈیشن) ہو اسے اینوڈ کہتے ہیں۔ اور جس الیکٹروڈ پر الیکٹرونز کا حصول (ریڈکشن) ہو اسے کیتھوڈ کہتے ہیں۔

13. گیلوانک سیل میں کیتھوڈ پر کیا ہوتا ہے؟

جواب: گیلوانک سیل میں کیتھوڈ پر ریڈکشن (الیکٹرونز کا حصول) ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

14. نیلسن سیل میں کونسا سلوشن بطور الیکٹرولائٹ استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: نیلسن سیل میں سوڈیم کلورائڈ کا سلوشن (برائن) بطور الیکٹرولائٹ استعمال ہوتا ہے۔

15. نیلسن سیل میں کونسے بائی پروڈکٹس (By-products) بنتے ہیں؟ جواب: نیلسن سیل میں ہائیڈروجن اور کلورین بائی پروڈکٹس بنتے ہیں۔

16. گیلوانائزنگ کیوں کی جاتی ہے؟

جواب: آئرن پر زنک کی ایک باریک تہ چڑھانے کو گیلوانائزنگ کہتے ہیں۔ یہ آئرن کو زنگ (کروژن) سے بچانے کے لیے کی جاتی ہے۔

17. آئرن کی جالی کو اکثر رنگ کیوں کیا جاتا ہے؟

جواب: آئرن کی جالی میں سے نمی والی ہوا گزرتی رہتی ہے اس لیے اسے زنگ لگنے کا خطرہ ہوتا ہے پس آئرن کی جالی کو رنگ (پینٹ) کیا جاتا ہے۔

18. زنگ لگنے کے عمل کے لیے آکسیجن کیوں ضروری ہے؟

جواب: آئرن کو زنگ لگنے کے لیے نمی والی ہوا اہم شرط ہے۔ پہلے آئرن آکسیڈائز ہو کر Fe^{+2} میں تبدیل ہو جاتا ہے پھر Fe^{+2} آئنز پانی میں پھیل جاتے ہیں اور آکسیجن سے مل کر $Fe_2O_3.nH_2O$ بناتے ہیں اسے زنگ کہتے ہیں۔

19. کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ میں کونسا سالٹ الیکٹرولائٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ میں کرومیم سلفیٹ، $Cr_2(SO_4)_3$ الیکٹرولائٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

20. کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ کے دوران واقع ہونے والا ریڈاکس (redox) ری ایکشن لکھیں۔

جواب:
$$Cr_2(SO_4)_3 \xrightarrow{water} 2Cr^{+3} + 3SO_4^{-2}$$

$$4OH^- \longrightarrow 2H_2O + O_2 + 4e^- \quad \text{(اینوڈ پر)} \qquad Cr^{+3} + 3e^- \longrightarrow Cr \quad \text{(کیتھوڈ پر)}$$

21. سلور کی الیکٹروپلیٹنگ کے دوران Ag^+ کہاں سے آتا ہے اور کہاں جمع ہوتا ہے؟

جواب: سلور کی الیکٹروپلیٹنگ کے دوران Ag^+ آئنز سلور کے اینوڈ سے نکل کر سلوشن میں سے ہوتے ہوئے کیتھوڈ پر جمع ہو جاتے ہیں۔

$$Ag^+ + e^- \longrightarrow Ag \quad \text{(کیتھوڈ پر)} \qquad Ag \longrightarrow Ag^+ + e^- \quad \text{(اینوڈ پر)}$$

22. کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ کے دوران استعمال ہونے والا الیکٹروڈ کیسا ہوتا ہے؟

جواب: کرومیم کی الیکٹروپلیٹنگ میں استعمال ہونے والا اینوڈ اینٹی مونیل لیڈ کا بنا ہوتا ہے اور کیتھوڈ اس میٹل کا بنا ہوتا ہے جس پر الیکٹروپلیٹنگ کرنی ہو۔

downloaded from https://mrfohubprmssissed.com/

انشائیہ سوالات

☆ ریڈاکس ری ایکشن سے کیا مراد ہے؟

جواب: **ریڈاکس ری ایکشن (Redox Reaction):** وہ ری ایکشن جس میں آکسیڈیشن اور ریڈکشن کے ری ایکشنز بیک وقت وقوع پذیر ہوں اسے ریڈاکس ری ایکشن کہتے ہیں۔ مثلاً $C + O_2 \longrightarrow CO_2$ ریڈاکس ری ایکشن کی دو اقسام ہیں۔

(i) سپانٹینیس ری ایکشنز (Spontaneous Reactions)

(ii) نان سپانٹینیس ری ایکشنز (Non Spontaneous Reactions)

(i) **سپانٹینیس ری ایکشنز (Spontaneous Reactions):** وہ ریڈاکس ری ایکشنز جو خود بخود وقوع پذیر ہوتے ہیں اور الیکٹریسٹی پیدا کرتے ہیں، انہیں سپانٹینیس ری ایکشنز کہتے ہیں، یا وہ ریڈاکس ری ایکشنز جو کسی بیرونی ایجنٹ کے بغیر وقوع پذیر ہوتے ہیں انہیں سپانٹینیس ری ایکشنز کہتے ہیں، مثلاً گیلوانک سیل میں ہونے والے ری ایکشنز۔

(ii) **نان سپانٹینیس ری ایکشنز (Non Spontaneous Reactions):** وہ ریڈاکس ری ایکشنز جو الیکٹریسٹی کی مدد سے وقوع پذیر ہوتے ہیں انہیں نان سپانٹینیس ری ایکشنز کہتے ہیں یا وہ ریڈاکس ری ایکشنز جو بیرونی ایجنٹ کی موجودگی میں وقوع پذیر ہوتے ہیں، انہیں نان سپانٹینیس ری ایکشنز کہتے ہیں۔ مثلاً الیکٹرولیٹک سیل میں ہونے والے ری ایکشنز۔

☆ آکسیڈیشن اور ریڈکشن کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

Scanned with CamScanner

جواب: **آکسیڈیشن(Oxidation):** کسی کیمیکل ری ایکشن کے دوران آکسیجن کا حصول یا ہائڈروجن کا اخراج آکسیڈیشن کہلاتا ہے۔

ریڈکشن(Reduction): کسی کیمیکل ری ایکشن کے دروان ہائڈروجن کا حصول یا آکسیجن کا اخراج ریڈکشن کہلاتا ہے۔

مثالیں: **(i) زنک آکسائڈ اور کاربن کا کیمیکل ری ایکشن:**



اس کیمیکل ری ایکشن میں ZnO میں سے آکسیجن خارج ہورہی ہے، یہ ریڈکشن ہے اور آکسیجن کاربن سے مل رہی ہے، یہ آکسیڈیشن ہے۔

$$2ZnO + C \longrightarrow 2Zn + CO_2$$

(ii) ہائڈروجن سلفائڈ اور کلورین کا کیمیکل ری ایکشن: اس ری ایکشن میں H_2S میں سے ہائڈروجن خارج ہوتی ہے۔ یہ آکسیڈیشن ہے اور کلورین ہائڈروجن سے مل جاتی ہے۔ یہ ریڈکشن ہے۔



ہمیں جاننا چاہیے کہ آکسیڈیشن اور ریڈکشن کے ری ایکشنز بیک وقت وقوع پذیر ہوتے ہیں انہیں ریڈاکس ری ایکشنز کہتے ہیں۔

☆ **الیکٹرولائٹس اور نان الیکٹرولائٹس کیا ہوتے ہیں؟**

جواب: **(i) الیکٹرولائٹس(Electrolytes):** وہ اشیا جن کی پگھلی ہوئی یا سلوشن حالت میں سے الیکٹرک کرنٹ گزر سکتا ہے۔ انہیں الیکٹرولائٹس کہتے ہیں۔ مثلاً HCl، NaCl، NaOH وغیرہ۔ سالٹس، ایسڈز اور بیسز (bases) کے سلوشن اچھے الیکٹرولائٹس ہیں۔ ٹھوس NaCl میں سے کرنٹ نہیں گزر سکتا۔ لیکن یہ پگھلی یا سلوشن حالت میں اچھا الیکٹرولائٹ ہے۔

(ii) نان الیکٹرولائٹس(Non-Electrolytes): وہ اشیا جن کے سلوشن میں سے الیکٹرک کرنٹ نہیں گزر سکتا اور وہ آئنز میں تبدیل نہیں ہوتیں، انہیں نان الیکٹرولائٹس کہتے ہیں۔ مثلاً بینزین، شوگر اور یوریا وغیرہ۔

downloaded from https://infohubformssised.com/

مثالیں

مثال 7.1: HNO_3 **میں نائٹروجن کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں جبکہ** $H=+1, O=-2$

حل: کسی کمپاؤنڈ میں تمام آکسیڈیشن نمبروں کا مجموعہ زیرو ہوتا ہے۔

(H کا آکسیڈیشن نمبر)+(N کا آکسیڈیشن نمبر)+3(O کا آکسیڈیشن نمبر)=0

+1+ N کا آکسیڈیشن نمبر +3(-2)=0

1+ N کا آکسیڈیشن نمبر -6=0

N کا آکسیڈیشن نمبر =6-1=+5

مثال 7.2: H_2SO_4 **میں سلفر کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں** $(H=+1, O=-2)$

حل: کسی کمپاؤنڈ میں تمام آکسیڈیشن نمبروں کا مجموعہ زیرو ہوتا ہے۔

$$2(\text{O.N of H}) + (\text{O.N of S}) + 4(\text{O.N of O}) = 0$$

$$2(+1) + \text{O.N of S} + 4(-2) = 0$$

$$\text{O.N of S} = 8 - 2 = +6$$

مثال 7.3: $KClO_3$ **میں کلورین کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں** $(K=+1, O=-2)$

حل: کسی کمپاؤنڈ میں تمام آکسیڈیشن نمبروں کا مجموعہ زیرو ہوتا ہے

$$(\text{O.N of K}) + (\text{O.N of Cl}) + 3(\text{O.N of O}) = 0$$

$$+1 + (\text{O.N of Cl}) + 3(-2) = 0$$

$$+1 + (\text{O.N of Cl}) - 6 = 0$$

$$\text{O.N of Cl} = 6 - 1$$

$$\text{O.N of Cl} = +5$$

Scanned with CamScanner

معروضی مختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

باب 8 کیمیکل ری ایکٹیویٹی

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1۔ مرکزی میٹل ______ حالت میں پائی جاتی ہے۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]
(A) ٹھوس (B) مائع (C) گیسی (D) پلازمہ

2۔ میٹلز عموماً بجلی کے اچھے کنڈکٹر ہوتے ہیں کیونکہ: [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]
(A) موبائل الیکٹرون موجود ہوتے ہیں (الیکٹرونز)۔ (B) میٹل کیٹائنز موجود ہوتے ہیں۔
(C) یہ کافی سخت ہوتے ہیں۔ (D) موبائل پروٹونز موجود ہوتے ہیں۔

3۔ ns^2 کس گروپ کی جنرل الیکٹرونک کنفگریشن ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]
(A) الکلی میٹلز (B) الکلائن ارتھ میٹلز (C) آئیونائزیشن انرجی (D) اٹامک ریڈیس

4۔ کون سی میٹل زیادہ میلیبل ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]
(A) سوڈیم (B) آئرن (C) سونا (D) سلور

